مُصنف

مفتی سیدشجاعت علی قادری رحمۃ اللّٰہ القوی

شارح

محمد گُل ریز رضا مصباحی،مدنا پوری بریلی شریف

ناشر

مصباحی لائبریری بہیڑی بریلی شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# معرفۃالعربیہ

# شرح

# إنشاءالعربیہ

## مصنف

مفتی سید شجاعت علی قادری
رحمۃاللہ القوی

## شارح

محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری
بریلی شریف

ناشر
مصباحی لائبریری مدناپور بھیڑی، بریلی شریف۔

جملہ حقوق بحق شارح و ناشر محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | **معرفۃ العربیہ شرح إنشاء العربیۃ** |
| مصنف | : | مفتی سید شجاعت علی قادری رحمۃ اللہ القوی |
| مترجم | : | محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف |
| نظر ثانی | : | مولانا طالب رضا مدنی، سید رمیز صاحب مدنی، مولانا اسماء الحسین مدنی۔ |
| صفحات | : | 166 |
| کمپوزنگ | : | ابوذر عطاری ثانیہ کلکتہ، عامر عطاری اولی مرادآباد |
| ناشر | : | مصباحی لائبریری، مدناپور، بہیڑی بریلی شریف |
| تعداد | : | ۱۱۰۰ |
| سال اشاعت | : | ۲۰۱۸ء |
| رابطہ نمبر | : | 9458201735،8057889427 |

## ملنے کے پتے

- حق اکیڈمی مبارک پور، اعظم گڑھ
- المجمع الاسلامی، مبارک پور، اعظم گڑھ
- برکاتی بکڈپو، اسلامیہ مارکیٹ، بریلی
- مکتبہ رحمانیہ رضویہ، درگاہِ اعلی حضرت
- قادری کتاب گھر، بریلی شریف یوپی
- مکتبۃ المصطفیٰ، اسلامیہ مارکیٹ، بریلی

# فہرست مضامین

**شرف انتساب** ..... 7

**تھدیہ** ..... 8

کچھ مفید اصطلاحات ..... 9

اسمائے کنایہ کا بیان ..... 17

اسمائے عدد کا بیان ..... 18

**افعال ناقصہ کا بیان** ..... 19

حروف مشبہ بالفعل کا بیان ..... 20

درس(۱) ..... 22

درس(۲) ..... 25

درس(۳) ..... 27

درس(۴) ..... 30

درس(۵) ..... 32

درس(۶) ..... 35

درس(۷) ..... 38

درس(۸) ..... 40

درس(٩) ..... 44
درس(١٠) ..... 47
درس(١١) ..... 51
درس(١٢) ..... 55
درس(١٣) ..... 58
درس(١٤) ..... 62
درس(١٥) ..... 66
درس(١٦) ..... 69
درس(١٧) ..... 74
درس(١٨) ..... 77
درس(١٩) ..... 80
درس(٢٠) ..... 83
درس(٢١) ..... 88
درس(٢٢) ..... 93
درس(٢٣) ..... 96
درس(٢٤) ..... 100
درس(٢٥) ..... 106
درس(٢٦) ..... 111

درس(۲۷) ..... 116
درس(۲۸) ..... 121
درس(۲۹) ..... 124
درس(۳۰) ..... 128
درس(۳۱) ..... 134
درس(۳۲) ..... 137
درس(۳۳) ..... 141
درس(۳۴) ..... 145
درس(۳۵) ..... 148
درس(۳۶) ..... 151
درس(۳۷) ..... 155
درس(۳۸) ..... 158
درس(۳۹) ..... 161
**تعارف مترجم ایک نظر میں** ..... 165

**نوٹ:** شرح کرتے وقت دعوت اسلامی کی مطبوعہ کتاب انشاء العربیہ کا ایڈیشن پیش نظر تھا۔

**نوٹ:** اصل کتاب انشاءالعربیہ میں اسباق کے تحت کوئی ہیڈنگ نہیں ہے اور نہ ہی موضوع سے متعلق کچھ قواعد ہیں ہم نے شرح میں بعض جگہ ہیڈنگ لگا کر اس کے متعلق قواعد و فوائد ضروری اصطلاحات کے تحت درج کر دیئے ہیں اس سے سبق کا اجراء اچھی طرح کرایا جاسکتا ہے، مزید جہاں قرآن کی آیات تھیں ان کو رسم قرآنی میں لکھ کر کنزالایمان کا ترجمہ بھی نقل کر دیا ہے اور عربی تمارین کے حل کے ساتھ نیچے ان کا ترجمہ بھی لکھ دیا ہے، حتی الامکان کوشش کی ہے کہ شرح کو اغلاط سے صاف کر کے پیش کیا جائے لیکن انسان خطا سے مرکب ہے اس لیے غلطی کا امکان ہے اگر کوئی خامی پائیں تو ضرور اطلاع فرمائیں ہم آپ کے بے حد ممنون و مشکور ہوں گے۔

**محمد گل ریز مصباحی بریلی شریف**

# شرف انتساب

میں اپنی اس کاوش کو خلاصۂ کائنات رحمت عالم حضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفی ﷺ کی بارگاہ میں نذر کرتے ہوئے:

صحابۂ کرام، تابعین عظام اور تبع تابعین کرام۔ مذاہب اربعہ حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی سلف وصالحین۔ اسلام کی حقیقی تعلیمات سے امت کو روشناس کرانے والے مجددین اسلام۔ سلاسل اربعہ قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ اور سہروردیہ کے مشائخ عظام۔ محدثین خانوادۂ ولی اللہ، علماے فرنگی محل، بزرگان کچھوچھہ مقدسہ، سادات مارہرہ مطہرہ، اکابر بریلی ومشائخ بدایوں۔ بالخصوص شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، بحر العلوم علامہ عبد العلی فرنگی محلی، تارک سلطنت سید اشرف جہاں سمنانی، شاہ برکت اللہ عشقی مارہروی، اعلی حضرت امام احمد رضا خاں محقق بریلوی اور معین الحق علامہ فضل رسول قادری بدایونی۔ اعلی حضرت علی حسین اشرفی میاں کچھوچھوی، صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی، مفتیٔ اعظم ہند شاہ مصطفی رضا خاں بریلوی، ملک العلما علامہ ظفر الدین بہاری، سید العلما شاہ آل مصطفی مارہروی، احسن العلما سید مصطفی حیدر حسن مارہروی، محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی اور مجاہد ملت علامہ حبیب الرحمٰن قادری عباسی۔ جلالۃ العلم حافظ ملت حضرت علامہ شاہ عبد العزیز محدث مرادآبادی، نائب حافظ ملت حضرت علامہ عبد الرؤف بلیاوی، شارح بخاری حضرت مفتی شریف الحق امجدی، ورئیس القلم حضرت علامہ ارشد القادری اور بحر العلوم حضرت مفتی عبد المنان اعظمی۔ کے افکار ونظریات اور مسلک حق وصداقت کا ترجمان...

الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور کے نام
منسوب کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔
محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری،
بہیڑی، بریلی شریف یوپی

# تھدیہ

## والدین کریمین کے نام

جنھوں نے مجھے تعلیم و تربیت سے آراستہ کرنے کی خاطر مدارس اسلامیہ کے
حوالے کیا
قدم قدم پر میری رہنمائی کی
اور دعاؤں سے نوازتے رہے

محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری
بریلی شریف (یوپی)

## نوٹ

اگر اس کتاب میں کسی طرح کی کوئی غلطی پائیں تو کتاب کو ہدف تنقید نہ بنائیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ ہمیں مطلع کریں، ان شاءاللہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کردی جائے گی۔

# کچھ مفید اصطلاحات

**معرفة العربيه شرح انشاء العربيه** کے شروع میں کچھ اصطلاحات ،ہدایات کا اضافہ کیا جارہا ہے جن سے طلبہ کو اسباق سمجھنے ، تمرین کو حل کرنے میں مدد ملے گی اور ان کی معلومات میں اضافہ ہوگا اور عربی سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

(۱)اَلْوَرْدُ (الف ولام کے ساتھ) معرفہ ہے اور وَرْدٌ (بے الف ولام) نکرہ ہے

(۲)مُجْتَهِدٌ مذکر ہے اور مُجْتَهِدَةٌ (ۃ کے ساتھ) مؤنث ہے۔

(۳)اسمائے اشارہ برائے مذکر: هٰذَا ،ذٰلِكَ، برائے مؤنث: هٰذِهٖ تِلْكَ۔

(۴)مذکر واحد کی ضمیریں: كَ (بالفتح)هُ، هُوَ، أَنْتَ (تا کے زبر کے ساتھ)

مؤنث واحد کی ضمیریں: كِ (بالکسر)هَا، هِيَ ،أَنْتِ (تا کے زیر کے ساتھ)۔

(۵) هٰذَا الْكِتَابُ (یہ کتاب) یہ مرکب ناقص کہلاتا ہے اور هٰذَا كِتَابٌ (یہ کتاب ہے) یہ مرکب تام ہے۔

(٦) (۱) وَلَدُ جَمِيْلٍ (جمیل کا لڑکا)(۲) وَلَدٌ جَمِيْلٌ (خوب صورت لڑکا) یہ بھی مرکب ناقص کہلاتے ہیں ۔اول کا نام مرکب اضافی اور دوسرے کا مرکب توصیفی ہے ۔اول میں پہلا اسم مضاف اور دوسرا مضاف الیہ اور دوسرے میں پہلا اسم موصوف اور دوسرا صفت کہلاتا ہے۔

(۷) اَلْوَلَدُ جَمِيْلٌ میں اَلْوَلَدُ مبتدا ہے اور جَمِيْلٌ اس کی خبر ہے۔اسی طرح هٰذَا كِتَابٌ میں هٰذَا مبتدا ہے اور كِتَابٌ خبر ہے۔

(۸) (۱) اَلْوَلَدُ جَمِيْلٌ (۲) اَلْبِنْتُ جَمِيْلَةٌ پہلی مثال میں مبتدا مذکر ہے اس لیے خبر بھی مذکر آئی ہے اور دوسری مثال میں چونکہ مبتدا مؤنث ہے اس لیے خبر بھی مؤنث ہے۔

(۹) مبتدا و خبر اور موصوف وصفت (مرکب توصیفی) میں فرق یہ ہے کہ مبتدا عموما معرفہ اور خبر نکرہ ہوتی ہے جیسے :اَلْبِنْتُ جَمِيْلَةٌ اور موصوف وصفت دونوں معرفہ ہوتے ہیں جیسے :اَلْوَلَدُ الْجَمِيْلُ (خوب صورت لڑکا) یادونوں نکرہ جیسے :بِنْتٌ جَمِيْلَةٌ (کوئی یا ایک خوب صورت لڑکی)۔

(۱۰) مبتدا و خبر میں کب مطابقت لازم ہے اور کب نہیں ؟اس سلسلے میں اتنا سمجھ لیا جائے کہ خبر جب مفرد ہو(جملہ نہ ہو)تو وہ یا تو جامد ہوگی یا مشتق۔اگر جامد ہوگی تو اس کی مبتدا سے مطابقت ضروری نہیں جیسے :"اَلْكُفْرُ ظُلْمَةٌ "کیوں کہ یہ مبتدا کی جانب لوٹنے والی ضمیر کو متضمن نہیں ہوتی۔ہاں اگر خبر معنیٰ مشتق میں ہو تو وہ ضمیر عائد الی المبتدا کو متضمن ہوتی ہے جیسے:"عَلِيٌّ أَسَدٌ"یہاں "اَسَدٌ" شُجَاعٌ کے معنی میں ہے۔(جامد سے مراد جس میں معنیٰ وصف نہ ہو)

اور اگر خبر مشتق ہوگی تو اس کی افراد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں مطابقت لازم ہے کیوں کہ یہ مبتدا کی جانب لوٹنے والی ضمیر کی متحمل ہوتی ہے جیسے:اَلتِّلْمِيْذُ مُجْتَهِدٌ /اَلتِّلْمِيْذَانِ مُجْتَهِدَانِ /اَلتَّلَامِيْذُ مُجْتَهِدُوْنَ ،علی الترتیب اول واحد مذکر، دوئم تثنیہ مذکر اور سوئم جمع مذکر کی مثال ہے اور جیسے:اَلتِّلْمِيْذَةُ مُجْتَهِدَةٌ اَلتِّلْمِيْذَتَانِ مُجْتَهِدَتَانِ /اَلتِّلْمِيْذَاتُ مُجْتَهِدَاتٌ،علی الترتیب اول واحد مؤنث، دوئم تثنیہ مؤنث اور سوئم جمع مؤنث کی مثال ہے۔

(۱۱)موصوف صفت میں چار چیزوں میں مطابقت ضروری ہے اور وہ یہ ہیں (۱) اعراب (۲)واحد تثنیہ جمع (۳)تعریف وتنکیر (۴)تذکیر وتانیث ۔مطلب یہ ہے کہ جواعراب موصوف کا ہوگا وہی صفت کا، موصوف اگر واحد ہوگا توصفت بھی، موصوف اگر نکرہ ہوگا تو صفت بھی اور موصوف اگر مذکر ہوگا تو صفت بھی مذکر ہوگی جیسے :"وَلَدٌ صَالِحٌ "دیکھئے(۱)دونوں مرفوع(۲)دونوں واحد(۳)دونوں نکرہ(۴)دونوں مذکر ہیں۔

(۱۲)مرکب اضافی اور مرکب توصیفی میں فرق بالکل ظاہر ہے، مرکب اضافی میں دوسرا جز یعنی مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے جیسے :وَلَدُ عَالِمٍ /وَلَدُ الْعَالِمِ (عالم کا لڑکا)جبکہ مرکب توصیفی میں دونوں جزیا تو مرفوع ہوں گے یا منصوب یامجرور ۔اسی طرح مضاف مضاف الیہ (مرکب اضافی)اور مبتداو خبر میں فرق ظاہر ہے جیسے:اَلْوَلَدُ عَالِمٌ(لڑکا عالم ہے)یہ مبتدا خبر کی مثال ہے اور وَلَدُ عَالِمٍ /وَلَدُ العَالِمِ ،یہ مرکب اضافی (مضاف مضاف الیہ)کی مثالیں ہیں۔اور جیسے:اَلْحَدِیْقَةُ لِسَعْدٍ(باغ سعد کا ہے)یہ مبتدا خبر کی مثال ہے اور حَدِیْقَةُ لِسَعْدٍ (سعد کا باغ)یہ مرکب اضافی کی مثال ہے۔

**وہ اسماء جو مؤنث ہیں**

(الف)

فَاطِمَةُ،اِمْرَأَةٌ،نَاقَةٌ عَالِمَةٌ وغیرہ تائے تانیث(ۃ)والے۔

حُبْلٰی،حُسْنٰی وغیرہ الف مقصورہ والے۔

حَسْنَاءُ ،حَمْرَاءُ وغیرہ الف ممدودہ والے۔یہ سب مؤنث لفظی کہلاتے ہیں۔

(ب)

زَیْنَبُ،مَرْیَمُ وغیرہ عورتوں کے اعلام۔

اُمٌّ ،حَائِضٌ وغیرہ الفاظ واوصاف جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں۔

مِصْرُ، دِلْهِیْ، قُرَ یْشٌ وغیرہ ملکوں، شہروں اور قبیلوں کے نام
یہ سب مؤنث معنوی کہلاتے ہیں۔

(ج)

اَرْضٌ، دَارٌ، بِئْرٌ، یَدٌ، نَارٌ، شَمْسٌ وغیرہ۔ یہ سب مؤنث سماعی کہلاتے ہیں۔

**وہ اسماء جو مذکر و مؤنث ہیں**

دَلْوٌ، سِکِّیْنٌ، جَمِیْلٌ، طَرِ یْقٌ، سُوْقٌ، لِسَانٌ، ذِرَاعٌ، عُنُقٌ وغیرہ۔

**وہ اسماء جن میں مذکر و مؤنث برابر ہیں**

فَعُوْلٌ کے وزن پر (بمعنی فاعل) جیسے: عَطُوْفٌ وغیرہ۔

فَعِیْلٌ کے وزن پر (بمعنی مفعول) جیسے: قَتِیْلٌ وغیرہ۔ ان کے علاوہ اور بھی اوزان ہیں۔

**جمع مکسر** وہ جمع ہے جن میں واحد کا وزن سلامت نہ ہو یعنی متغیّر ہوجائے جیسے: رَجُلٌ سے رِجَالٌ۔

**جمع سالم** وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن سلامت ہو یہ مذکر بھی ہوتی ہے جیسے: صَالِحٌ سے صَالِحُوْنَ اور مؤنث بھی ہوتی ہے جیسے: صَالِحَةٌ سے صَالِحَاتٌ .

إِنَّ کہاں آتا ہے اور أَنَّ کہاں؟ اس بارے میں سر دست اتنا بتانا کافی ہے کہ إِنَّ ابتدائے کلام میں آتا ہے (خواہ حقیقۃً ابتدا ہو یا حکماً) اور أَنَّ درمیان کلام میں۔

(۱۳) غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین نہیں آتی جیسے: اَحْمَدُ، زَ یْنَبُ، عَائِشَةُ، کَسْلَانُ وغیرہ۔

**اسم منقوص:** وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں یائے ساکنہ اور اس کے ماقبل مکسور ہو: جیسے اَلْقَاضِیْ جب یہ الف ولام اور اضافت سے خالی ہوتو "یا" کتابت وتلفظ میں حذف ہوجاتی ہے جیسے: هُوَ قَاضٍ (وہ قاضی ہے)

(۱۴) اَیٌّ مذکر ومؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے اور اَیَّۃٌ صرف مؤنث کے لیے۔

(۱۵) "مِنْ "اور "لِ" جار کا ترجمہ "کی، کے، سے بھی کیا جاتا ہے جیسے: اَلْحَدِیْقَۃُ لِهٰذَاالرَّجُلِ (باغ اس مرد کا ہے)۔

(۱۶) هٰذَاالْوَلَدُ ،جَمِیْلٌ (یہ لڑکا، خوب صورت ہے) هٰذَا ،وَلَدٌ جَمِیْلٌ (یہ ،خوب صورت لڑکا ہے) اول مثال میں هٰذَا الْوَلَدُ مبتدا اور جَمِیْلٌ خبر ہے اور دوسری مثال میں هٰذَا مبتدا اور وَلَدٌ جَمِیْلٌ (موصوف صفت سے مل کر) خبر ہے۔

(۱۷) (۱) اَلْفَرَسُ وَالْحِمَارُ (گھوڑا اور گدھا) (۲) رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللهُ (میرا رب اور تیرا رب اللہ ہے) اردو محاورے کے مطابق اول کے ترجمہ میں "اور "لانا اور دوسرے کے ترجمہ میں "رب "کی تکرار ضروری نہیں۔

(۱۸) ہمزہ (أ) اور هَلْ میں فرق یہ ہے کہ ہمزہ کے ذریعہ مفرد اور جملہ کے بارے میں پوچھا جاتا ہے اثبات ونفی میں اور هَلْ کے ذریعہ صرف جملہ فی الاثبات کے بارے میں پوچھا جاتا ہے۔

**مسندالیہ:** وہ چیز ہے جس کے لیے کوئی چیز ثابت کی جائے۔

**مسند:** وہ چیز ہے جو دوسرے کے لیے ثابت ہو جیسے: "زَیْدٌ نَبِیْهٌ" (زید ہوشیار ہے) اس مثال میں زَیْدٌ مسندالیہ اور نَبِیْهٌ مسند ہے۔ اور جیسے: "قَرَأَ بَكْرٌ" (پڑھا بکر نے) اس مثال میں قَرَأَ مسند اور بَكْرٌ مسندالیہ ہے۔

**جملہ:** مسنداور مسندالیہ کے مجموعہ کو کہتے ہیں جیسے: ''زَ یْدٌ عَالِمٌ''.

**مبتدا:** وہ اسم ہے جو لفظی عامل سے خالی ہواور مسندالیہ ہو۔

**خبر:** وہ لفظ ہے جو لفظی عامل سے خالی ہواور مسند ہو جیسے: ''زَ یْدٌ جَالِسٌ''اس مثال میں ''زَ یْدٌ ''مبتدااور ''جَالِسٌ ''خبر ہے۔

**رفع:** ضمہ،الف اور واؤ کو کہتے ہیں۔

**مرفوع:** وہ اسم ہے جس پر ضمہ یا الف یا واؤ آئے جیسے :اَلْمُسْلِمُ ،وَالْمُسْلِمَانِ ،اَلْمُسْلِمُوْنَ ،اَبُوْزَ یْدٍ ،میں اَبُوْ.

**نصب:** فتحہ،کسرہ،الف اور یا کو کہتے ہیں۔

**منصوب:** وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یا الف یا یا آئے جیسے :اَلْمُسْلِمَ ،اَلْمُسْلِمَاتِ، اَبَازَ یْدٍ میں اَبَا،اَلْمُسْلِمَیْنِ ،اَلْمُسْلِمِیْنَ .

**جر:** کسرہ،فتحہ اور یا کو کہتے ہیں۔

**مجرور:** وہ اسم ہے جس پر حرف جار داخل ہو یا جو مضاف الیہ ہو جیسے: عَلَی الْمُسْلِمِ ،عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ ،عَلٰی اَبِیْ زَ یْدٍ ،عَلَی الْمُسْلِمَیْنِ،عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ اور جیسے:وَلَدُ الْمُسْلِمِ،وَلَدُ اِبْرَاهِیْمَ ،غُلَامُ الْمُسْلِمِیْنَ .

**جملہ اسمیہ:** وہ جملہ ہے جس کا پہلا جزاسم ہو جیسے :زَ یْدٌ عَالِمٌ.

**جملہ فعلیہ:** وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز فعل ہو جیسے :عَلِمَ زَ یْدٌ.

**اسم اشارہ:** وہ لفظ ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے جیسے اردو میں ''یہ،وہ''اور عربی میں ''هٰذَا،ذٰلِكَ''۔

**مشارٌ الیہ:** وہ چیز ہے جس پر اشارہ کیا جائے جیسے :''هٰذَاالْقُرْآنُ''اس مثال میں اَلْقُرْآنُ مشارٌ الیہ ہے۔

**ضمیر:** وہ اسم ہے جو متکلّم یاحاضر یاغائب کو بتانے کے لیے مقرر کیا گیا ہو جیسے:أَنَا(میں)أَنْتَ(تو)هُوَ(وہ)نَحْنُ(ہم،ہم دو،ہم لوگ)اَنْتُمْ(تم لوگ)

**فاعل:** وہ اسم ہے جو فعل کے بعد ہو اور اس سے فعل کا تعلق بطور قیام ہو جیسے :"ضَرَبَ زَيْدٌ"(زید نے مارا)اس مثال میں زَيْدٌ فاعل ہے۔

**اسم استفہام:** وہ اسم ہے جس کے ذریعہ کسی چیز کو پوچھا جائے۔جیسے:مَا •مَنْ• كَيْفَ •أَيْنَ •كَمْ•

**فعل معروف:** وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر کیا جائے جیسے:"قَتَلَ رَجُلٌ"(قتل کیا ایک آدمی نے)اس مثال میں قَتَلَ فعل معروف ہے۔

**فعل مجہول:** وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر نہ کیا جائے جیسے:"قُتِلَ زَيْدٌ"(قتل کیا گیا زید)اس مثال میں زَيْدٌ نائب فاعل ہے۔

**مفعول بہ:** وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے:"قَتَلْتُ زَيْدًا"(میں نے زید کو قتل کیا)اس مثال میں زَيْدًا مفعول بہ ہے کیونکہ فاعل کا فعل زید پر واقع ہے۔

**منصوب:** وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ ،یا الف یا یا آئے جیسے :"اَلْمُسْلِمَ• اَلْاٰيَاتِ•اَخَاذَ يْدٍ•اَلْمُسْلِمَيْنِ•اَلْمُسْلِمِيْنَ.

**مفعول فیہ:** وہ اسم ہے جس کا مصداق فاعل کے فعل کے لیے وقت یا جگہ واقع ہو جیسے:"اَلْوَلَدُ دَخَلَ الْمَدْرَسَةَ •اِغْتَسَلْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ"ان مثالوں میں اَلْمَدْرَسةُ اور يَوْمَ الْجُمُعَةِ مفعول فیہ ہے۔ترکیب میں مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں۔

**مفعول مطلق:** وہ مصدر ہے جس سے پہلے کوئی فعل اسی مصدر کے معنی میں ہو جیسے:"جَلَسْتُ جَلْسَةً"اس مثال میں جَلْسَةً مفعول مطلق ہے۔

**حال:** وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول بہ کی حالت بیان کرے۔

**ذوالحال:** وہ فاعل یا مفعول بہ ہے جس کی حالت بیان کی گئی ہو جیسے: ''ذَهَبَ زَ يْدٌ رَاكِبًا ''(زید سوار ہو کر گیا)اس مثال میں زَ يْدٌ فاعل اور ذوالحال ہے رَاكِبًا حال ہے۔

**تمیز:** وہ اسم ہے جو پوشیدگی دور کرے۔

**ممیز:** وہ اسم ہے جس میں ابہام اور پوشیدگی ہو جیسے: ''زَ يْدٌ اَحْسَنُ وَجْهًا''اس مثال میں اَحْسَنُ ممیز اور وَجْهًا اس کی تمیز ہے۔

**منادیٰ:** وہ اسم ہے جس پر حرف ندا داخل ہو جیسے: ''يَارَجُلُ ''یعنی اے آدمی ،اس مثال میں رَجُلُ منادی ہے۔

**ندا:** وہ حرف ہے جس کو پکارنے کے لیے وضع کیا گیا ہو جیسے: يَا.

**حروف مشبہ بہ فعل:** وہ حروف ہیں جو جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو منصوب اور خبر کو مرفوع کرتے ہیں جیسے: ''اِنَّ اللهَ عَلِيْمٌ''حروف مشبہ بہ فعل چھ ہیں اِنَّ •أَنَّ • كَأَنَّ • لٰكِنَّ •لَيْتَ • لَعَلَّ •

**فعل ناقص:** وہ فعل ہے جو جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرے جیسے:''كَانَ زَ يْدٌ قَائِمًا'' افعال ناقصہ سترہ ہیں كَانَ •صَارَ •ظَلَّ •بَاتَ • اَصْبَحَ •اَمْسى اَضْحىٰ• رَاحَ•آضَ• عَادَ•غَدَا• مَازَالَ• مَابَرِحَ• مَافَتِئَ• مَاانْفَكَّ•مَادَامَ•لَيْسَ•

**اضافت منیہّ،لامیہ،ظرفیہ کا استعمال**

**اضافت منیہّ:** وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر مِنْ حرف جار داخل ہو جیسے:''جُزْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ''یعنی قرآن کا ایک پارہ۔

**اضافت لامیہ:** وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر لام حرف جار آئے جیسے :''وَلَدٌ لِزَ يْدٍ''یعنی زید کا ایک لڑکا۔

**اضافت ظرفیہ:** وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر فِی حرف جار داخل ہو جیسے :"اَلْمُصَارِعُ فِیْ دِهْلِیْ "یعنی دہلی کا پہلوان۔

**مؤکد:** وہ کلمہ جس کی تاکید لائی جائے۔

**تاکید:** وہ لفظ ہے جس سے کسی کلمہ میں زور پیدا کیا جائے جیسے:"خَطَبَ الطُلَّابُ کُلُّهُمْ "تمام طلبہ نے تقریر کی۔اس مثال میں اَلطُّلَّابُ مؤکد اور کُلُّهُمْ اس کی تاکید ہے۔

## اسمائے کنایہ کا بیان

جو اسم کسی مبہم عدد یا مبہم بات پر دلالت کرے اسے اسم کنایہ کہتے ہیں: کَمْ أَخًا لَكَ ؟(تمھارے کتنے بھائی ہیں) قُلْتُ کَیْتَ وَ کَیْتَ (میں نے ایسا ایسا کہا)

مبہم عدد پر دلالت کرنے والے اسماء تین ہیں: کَمْ کَذَا اور کَأَیِّنْ۔اور مبہم بات پر دلالت کرنے والے اسماء دو ہیں: کیَتَ اور ذَیْتَ .

## قواعد وفوائد:

**(۱)**۔کَمْ سے کسی چیز کی تعداد کے متعلق سوال کیا جائے تو اسے کم استفہامیہ اور تعداد کے متعلق خبر دی جائے تو اسے کم خبریہ کہیں گے: کَمْ کُتُبٍ عِنْدِي .

**(۲)**۔کَمْ سے جس چیز کی تعداد کے متعلق سوال کیا جائے یا خبر دی جائے وہ کَمْ کے بعد آتی ہے اور کَمْ کی تمیز کہلاتی ہے۔

**(۳)**۔کَمْ استفہامیہ کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے اور اگر کَمْ سے پہلے مضاف یا حرف جر ہو تو اسے جر دینا بھی جائز ہے،غُلَامَ کَمْ رَجُلٍ لَقِیْتَ ،بِکَمْ دِرْهَمٍ اِشْتَرَیْتَ الْقَلَمَ .

**(۴)**۔کَمْ خبریہ کی تمیز مِنْ کی وجہ سے یا کَمْ کا مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہوتی ہے اور یہ مفرد اور جمع دونوں طرح آتی ہے: کَمْ مِنْ بَلَدٍ رَأَیْتُ ۔اور تمیز سے پہلے فعل متعدّی ہو تو تمیز پر مِنْ لانا واجب ہے: کَمْ أَهْلَکْنَا مِنْ قَرْیَةٍ .

(۵)۔کَذَا سے کسی چیز کی قلیل یا کثیر تعداد کے متعلق خبر دی جاتی ہے اور اس کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے جَاءَ کَذَا عَالِمًا یہ تکرار کے ساتھ بھی آتا ہے۔

(۶)۔کَأَیِّنْ سے عدد کثیر کے متعلق خبر دی جاتی ہے اس کی تمیز مفرد اور من کی وجہ سے مجرور ہوتی ہے کَأَیِّنْ مِنْ دَابَّةٍ لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا .

(۷)۔کَیْتَ ذَیْتَ یہ دونوں تکرار کے ساتھ آتے ہیں ان کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے قُلْتُ کَیْتَ وَکَیْتَ حَدِیْثًا .

## اسمائے عدد کا بیان

جس اسم سے کسی چیز کے افراد شمار کیے جائیں اُسے اسم عدد کہتے ہیں اور جسے شمار کیا جائے اُسے معدود یا تمیز کہتے ہیں: ثَلَاثَةُ رِجَالٍ ، أَرْبَعُ نِسَاءٍ .

### اسم عدد اور معدود کا استعمال:

(۱)۔وَاحِدٌ اور اِثْنَانِ معدود کی صفت بن کر اور قیاس کے مطابق (مذکر کے لیے تاء کے بغیر اور مؤنث کے لیے تاء کے ساتھ) آتے ہیں: رَجُلٌ وَاحِدٌ ، اِمْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ .

(۲)۔ثَلَاثَةٌ سے عَشَرَةٌ تک اسم عدد قیاس کے خلاف آتا ہے (مذکر کے لیے تاء کے ساتھ اور مؤنث کے لیے بغیر تاء کے) ثَلَاثَةُ رِجَالٍ ، اَرْبَعُ نِسْوَةٍ .

(۳)۔أَحَدَ عَشَرَ اور اِثْنَا عَشَرَ کے دونوں جز (اکائی اور دہائی) قیاس کے مطابق ہوتے ہیں: أَحَدَ عَشَرَ مَرْءً ، اِحْدٰي عَشَرَةَ مَرْأَةً .

(۴)۔ثَلَاثَةَ عَشَرَ سے تِسْعَةَ عَشَرَ تک پہلا جز (اکائی) خلاف قیاس اور دوسرا جز (دہائی) مطابق قیاس ہوتا ہے: ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا ، ثَلَاثَ عَشَرَةَ اِمْرَأَةً .

(۵)۔أَحَدٌ وَعِشْرُوْنَ سے تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ تک اسم عدد میں ایک دو کی اکائی مطابق قیاس اور تین سے نو تک کی اکائی خلاف قیاس ہوگی اور دہائیاں ایک ہی حال پر رہیں گی: أَحَدٌ وَعِشْرُوْنَ رَجُلًا ، ثَلَاثٌ وَتِسْعُوْنَ اِمْرَأَةً .

(۶)۔مِأَةٌ ، أَلْفٌ اور ان کا تثنیہ وجمع معدود کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوتے ہیں: مِئَةُ كِتَابٍ ، مِئَتَا كِتَابٍ ، مِئَاتُ كِتَابٍ ، أَلْفُ شَهْرٍ ، أُلُوْفُ شَهْرٍ .

**تنبیہ:(۱)**. ثَلَاثَۃٌ سے عَشَرَۃٌ تک کا معدود جمع اور مجرور ہوتا ہے ،أَحَدَ عَشَرَ سے تِسْعَۃٌ وَتِسْعُوْنَ تک کا معدود مفرد اور منصوب ہوتا ہے اور مِأَۃٌ اور اَلْفٌ اور ان کے تثنیہ وجمع کا معدود مفرد اور مجرور ہوتا ہے۔

**تنبیہ:(۲)**۔أَحَدَ عَشَرَ سے تِسْعَۃَ عَشَرَ تک اسم عدد کے دونوں جز مبنی علی الفتح ہوتے ہیں سوائے اِثْنَا عَشَرَ کے پہلے جز کے ،اِثْنَا عَشَرَ کا پہلا جز اور باقی تمام اسمائے عدد معرب ہوتے ہیں جن کا اعراب عامل کے مطابق بدلتا رہتا ہے۔

## افعال ناقصہ کا بیان

درج ذیل سترہ افعال کو افعال ناقصہ کہتے ہیں:

كَانَ .صَارَ ،ظَلَّ ،بَاتَ ،أَصْبَحَ ،أَضْحیٰ ،أَمْسیٰ ،عَادَ،آضَ ،غَدَا ،رَاحَ ،مَا أَنْفَكَّ ،مَا بَرِحَ ،مَافَتِیَ،مَادَامَ ،لَیْسَ۔

### قواعد وفوائد:

**(۱)**۔افعالِ ناقصہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں ،مبتدا کو ان کا اسم اور خبر کو ان کی خبر کہتے ہیں :كَانَ النَّبِيُّ رَحِيْمًا .

**(۲)**۔افعالِ ناقصہ کے اسم وخبر کا حکم واحد، تثنیہ، جمع اور تذکیر وتانیث میں وہی ہے جو مبتدا اور خبر کا ہے :صَارَ بَكْرٌ عَالِمًا ،لَيْسَتِ الْحَيَاةُ دَائِمَةً،كَانَ زَيْدٌ يُعِيْنُ الضُّعَفَاءَ،كَانَ نَاصِرٌ أَبُوْهُ عَالِمٌ،لَيْسَ خَالِدٌ فِي الدَّارِ .

**(۳)**۔افعال ناقصہ کی خبر ان کے اسم سے پہلے آسکتی ہے :مَازَالَ قَائِمًا زَيْدٌ ،اور اگر فعلِ ناقص کے شروع میں مَا نہ ہو تو خبر فعل ناقص سے پہلے بھی آسکتی ہے:قَائِمًا كَانَ زَيْدٌ .

**(۴)**۔فعلِ ناقص کے بعد ایسا اسم ہو جو اُس کا اسم بن سکتا ہو تو وہی اس کا اسم بنے گا ورنہ فعل میں موجود ضمیر اُس کا اسم بنے گا:صَارَ زَيْدٌ غَنِيًّا وَكَانَ فَقِيْرًا .

## افعال ناقصہ کا استعمال:

كَانَ (تھا، ہے ہوگیا): كَانَ الشَّجَرُ مُثْمِرًا .
صَارَ (ہوگیا): صَارَ الْمَاءُ بَارِدًا .
ظَلَّ (ہوگیا، دن کے وقت ہوا): ظَلَّ الْعَالِمُ مُسَافِرًا .
بَاتَ (ہوگیا، رات کے وقت ہوا): بَاتَ الحَزِيْنُ فَرِحًا .
أَصْبَحَ (ہوگیا، چاشت کے وقت ہوا): أَصْبَحَ الْمَاءُ حَارًّا .
أَمْسٰى (ہوگیا، شام کے وقت ہوا): أَمْسٰى بَكْرٌ مُقِيْمًا .
عَادَتَارَاحَ (ہوگیا): عَادَ زَيْدٌ غَنِيًا۔
مَازَالَ تَامَا فَتِيَ (استمرار کے لیے): مَازَالَ الْمَرِيْضُ بَاكِيًا .
مَادَامَ (جب تک): أَطِعْ أَبَاكَ مَادَامَ حَيًّا .
لَيْسَ (نہیں ہے) لَيْسَ الْمُتَكَبِّرُ نَاجِحًا .

**تنبیہ:** لیس کی خبر پر باء آجائے تو خبر لفظًا مجرور ہوجائے گی ۔ لَيْسَ زَيْدٌ بِعَالِمٍ .

## حروف مشبہ بالفعل کا بیان

**چھ حروف کو حروفِ مشبہ بالفعل کہتے ہیں :** ۱۔إِنَّ (بے شک) ۲۔أَنَّ (کہ) ۳۔كَأَنَّ (گویا کہ) ۴۔لٰكِنَّ (لیکن) ۵۔لَيْتَ (کاش) ۶۔لَعَلَّ (شاید)۔

## قواعد وفوائد:

**(۱)**۔ یہ حروف جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں ، مبتدا کو اِن کا اسم اور خبر کو اِنّ کی خبر کہتے ہیں: إِنَّ زَيْدًا عَالِمٌ

**(۲)**۔ حروفِ مشبہ بالفعل کی خبر اگر مفرد ہو یعنی جملہ نہ ہو تو اُس کا واحد، تثنیہ یا جمع ہونے میں اور مذکر یا مؤنث ہونے میں اِن کے اسم کے مطابق ہونا ضروری ہے: إِنَّ بَكْرًا شَاعِرٌ ، إِنَّ هِنْدًا شَاعِرَةٌ ، إِنَّ الْوَلَدَيْنِ لَاعِبَانِ ، إِنَّ الْبِنْتَ . يْنِ نَائِمَتَانِ .

(۳)۔اِن کی خبر اگر جملہ ہو تو اُس میں اسم کے مطابق ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے :إِنَّ اللهَ خَلَقَ الْجَنَّةَ ،إِنَّ الْبُسْتَانَ أَزْهَارُهُ جَمِيْلَةٌ .

(۴)۔اِن کی خبر اگر جار مجرور ہو تو اُسے ایسے فعل یا شبہ فعل محذوف کے متعلّق کریں گے جو واحد تثنیہ ،جمع اور تذکیر و تانیث میں اِن کے اسم کے مطابق ہو:إِنَّ زَيْدًا ثَابِتٌ فِي الدَّارِ ،إِنَّ هِنْدًا ثَابِتَةٌ فِي الدَّارِ .

(۵)۔اِن کا اسم اور خبر موصوف یا مضاف بھی ہوتا ہے :إِنَّ الْوَلَدَ الصَّغِيْرَ نَائِمٌ ،إِنَّ غُلَامَ زَيْدٍ عَالِمٌ ،إِنَّ زَيْدًا رَجُلٌ صَالِحٌ ،إِنَّ بَكْرًا غُلَامُ خَالِدٍ .

(۶)۔کبھی اِن حروف کے ساتھ لفظ مَا آجاتا ہے جو ان کو عمل دینے روک دیتا ہے اور اس صورت میں یہ فعل پر بھی آسکتے ہیں:اِنَّمَا جَاءَ خَالِدٌ:اسے **مَا كافّه** کہتے ہیں۔

# درس(۱)

**حل لغات**: حَدِيْقَةٌ:باغ،جمع مکسر حَدَائِقُ۔دَرْسٌ:سبق،جمع مکسر دُرُوْسٌ۔زَهْرَةٌ:کلی،جمع مکسر اَزْهُرٌ وَاَزْهَارٌ۔وَرْدٌ:گلاب،واحد وَرْدَةٌ۔شَجَرَةٌ :درخت،جمع مکسر اَشْجَارٌ۔ثَمَرَةٌ:پھل،جمع ثِمَارٌ۔غُصْنٌ:ٹہنی،جمع مکسر اَغْصَانٌ ۔تُفَّاحٌ:سیب،جمع منتہی الجموع تَفَافِيْحُ۔نَخِيْلٌ:کھجور کا درخت،واحد نَخِيْلَةٌ۔اَرْنَبٌ :خرگوش،جمع منتہی الجموع اَرَانِبُ۔قِطَّةٌ:بلی،جمع مکسر قِطَاطٌ وَقِطَطَةٌ۔فَارٌ:چوہا،جمع مکسر فِئْرَانٌ۔

## عبارت مع ترجمہ

| | | |
|---|---|---|
| حَدِيْقَةٌ<br>باغ۔ | زَهْرَةٌ<br>کلی۔ | وَرْدٌ<br>گلاب۔ |
| ثَمَرَةٌ<br>پھل۔ | شَجَرَةٌ<br>درخت۔ | غُصْنٌ<br>شاخ۔ |
| تُفَّاحٌ<br>سیب۔ | هٰذَا<br>مذکر کے لیے | هٰذِهِ<br>مونث کے لیے |
| هٰذَا نَخِيْلٌ<br>یہ کھجور کا درخت ہے۔ | هٰذِهِ تَمْرَةٌ.<br>یہ کھجور ہے۔ | هٰذِهِ أَرْنَبٌ<br>یہ خرگوش ہے۔ |
| هٰذِهِ قِطَّةٌ.<br>یہ بلّی ہے۔ | هٰذَا فَارٌ.<br>یہ چوہا ہے۔ | هٰذَا نَاصِرٌ.<br>یہ مدد کرنے والا ہے۔ |

| |
|---|
| هٰذِهِ حَمِيْدَةٌ<br>یہ حمیدہ ہے۔ |

# تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الأَوَّلِ

مَا ؟ کیا؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | مَا هٰذَا ؟ | یہ کیا ہے؟ | مذکر کے بارے میں سوال |
| 2 | مَا هٰذِهٖ ؟ | یہ کیا ہے؟ | مؤنث کے بارے میں سوال |

| | | |
|---|---|---|
| 1 | مَا هٰذَا؟<br>یہ کیا ہے | هٰذَا نَخِيْلٌ<br>یہ کھجور کا درخت ہے |
| 2 | مَا هٰذِهٖ ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ تَمْرَةٌ<br>یہ کھجور ہے |

| | | |
|---|---|---|
| 1 | مَا هٰذِهٖ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ أَرْنَبٌ<br>یہ خرگوش ہے۔ |
| 2 | مَا هٰذِهٖ<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ قِطَّةٌ<br>یہ بلی ہے۔ |
| 3 | مَا هٰذَا ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذَا فَأْرٌ<br>یہ چوہا ہے۔ |
| 4 | مَا هٰذِهٖ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ حَدِيْقَةٌ<br>یہ باغ ہے۔ |
| 5 | مَا هٰذَا؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذَا غُصْنٌ<br>یہ شاخ ہے۔ |
| 6 | مَا هٰذِهٖ؟ | هٰذِهٖ زَهْرَةٌ |

| | | |
|---|---|---|
| | یہ کیا ہے؟ | یہ کلی ہے۔ |
| 7 | مَا هٰذَا؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذَا وَرْدٌ<br>یہ گلاب ہے |
| 8 | مَا هٰذِهٖ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ شَجَرَةٌ<br>یہ درخت ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | یہ کیا ہے؟ | مَا هٰذَا؟ |
| 2 | یہ سیب ہے۔ | هٰذَا تُفَّاحٌ . |
| 3 | یہ باغ ہے۔ | هٰذِهٖ حَدِيْقَةٌ . |
| 4 | یہ کھجور کا درخت ہے۔ | هٰذَا نَخِيْلٌ. |
| 5 | یہ چوہا ہے۔ | هٰذَا فَأْرٌ. |
| 6 | یہ پھل ہے۔ | هٰذِهٖ ثَمَرَةٌ. |
| 7 | یہ کھجور ہے۔ | هٰذِهٖ تَمْرَةٌ. |
| 8 | یہ پھول ہے۔ | هٰذِهٖ زَهْرَةٌ. |
| 9 | یہ بلی ہے۔ | هٰذِهٖ قِطَّةٌ . |
| 10 | یہ کلی ہے۔ | هٰذِهٖ زَهْرَةٌ . |

# درس(۲)

**حل لغات:** سَبُّوْرَةٌ: تختہ سیاہ،جمع مؤنث سالم سَبُّوْرَاتٌ۔ حَكَكٌ: چاک حَصِيْرٌ : چٹائی ، جمع مکسر حُصُرٌ وَاَحْصِرَةٌ.إِجَّاصَةٌ:امرود۔مِئْذَنَةٌ :منارہ، جمع مکسر مَآذِنُ . إِطَارٌ :فریم،جمع مکسر أُطُر: ذٰلِكَ :وہ (واحد)مذکر کے لیے۔ تِلْكَ :وہ(واحد)مؤنث کے لیے

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | ذٰلِكَ حَصِيْرٌ. | وہ چٹائی ہے۔ |
| 2 | تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ. | وہ تختہ سیاہ ہے۔ |
| 3 | ذٰلِكَ اِطَارٌ. | وہ فریم ہے۔ |
| 4 | هٰذَا حَكَكٌ. | یہ چاک ہے۔ |
| 5 | هَذِهِ مِئْذَنَةٌ. | یہ منارہ ہے۔ |
| 6 | ذٰلِكَ كِتَابٌ. | وہ کتاب ہے۔ |
| 7 | تِلْكَ اِجَّاصَةٌ. | وہ امرود ہے۔ |
| 8 | هٰذَا قَلَمٌ. | یہ قلم ہے۔ |
| 9 | تِلْكَ دَوَاةٌ. | وہ دوات ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الثَّانِي

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | هٰذَا حَصِيْرٌ. یہ چٹائی ہے۔ | 2 | هٰذِهِ سَبُّوْرَةٌ. یہ تختہ سیاہ ہے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3 | ذٰلِكَ إِطَارٌ.<br>وہ فریم ہے۔ | 4 | سَبُّورَةٌ هٰذِهِ<br>یہ تختہ سیاہ ہے۔ |
| 5 | هٰذِهِ مِئْذَنَةٌ<br>یہ منارہ ہے۔ | 6 | هٰذِهِ إِجَّاصَةٌ.<br>یہ امرود ہے۔ |
| 7 | هٰذِهِ دَوَاةٌ.<br>یہ دوات ہے۔ | 8 | ذٰلِكَ كِتَابٌ.<br>وہ کتاب ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 1 | مَا هٰذِهِ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهِ قِطَّةٌ.<br>یہ بلی ہے۔ |
| 2 | مَا هٰذِهِ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهِ أَرْنَبٌ.<br>یہ خرگوش ہے۔ |
| 3 | مَا ذٰلِكَ؟<br>وہ کیا ہے؟ | ذٰلِكَ نَخِيْلٌ.<br>وہ کھجور کا درخت ہے۔ |
| 4 | مَا تِلْكَ؟<br>وہ کیا ہے؟ | تِلْكَ تَمْرَةٌ.<br>وہ کھجور ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | وہ کیا ہے؟ | مَا ذٰلِكَ / تِلْكَ؟ |
| 2 | یہ کیا ہے؟ | مَا هٰذَا / هٰذِهِ؟ |
| 3 | وہ چٹائی ہے؟ | ذٰلِكَ حَصِيْرٌ. |

| | | |
|---|---|---|
| 4 | وہ منارہ ہے۔ | تِلْكَ مِئْذَنَةٌ. |
| 5 | وہ فریم ہے۔ | ذٰلِكَ إِطَارٌ. |
| 6 | یہ دوات ہے۔ | هٰذِهٖ دَوَاتٌ. |
| 7 | یہ کتاب ہے۔ | هٰذَا كِتَابٌ |
| 8 | وہ چوہا ہے۔ | ذٰلِكَ فَأْرٌ. |
| 9 | وہ کھجور کا درخت ہے۔ | ذٰلِكَ نَخِيلٌ. |
| 10 | یہ امرود ہے۔ | هٰذِهٖ إِجَّاصَةٌ. |

## درس (۳)

**حل لغات:** أَيِّلٌ: بارہ سنگھا، جمع منتہی الجموع أَيَائِلُ۔ ثَوْرٌ: بیل، جمع مکسر ثِيْرَانٌ۔ بَقَرَةٌ: گائے، جمع مؤنث سالم بَقَرَاتٌ۔ ذِيْبٌ: بھیڑیا، جمع مکسر ذِئَابٌ وَأَذْؤُبٌ۔ شَاةٌ: بکری، جمع مکسر شِيَاهٌ۔ أَسْوَدُ: کالا، مذکر کے لیے۔ سَوْدَاءُ: کالی، مؤنث کے لیے۔ كَبِيْرٌ: بڑا۔ كَبِيْرَةٌ: بڑی۔ صَغِيْرٌ: چھوٹا۔ صَغِيْرَةٌ: چھوٹی۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | أَيِّلٌ. | بارہ سنگھا۔ |
| 2 | ثَوْرٌ أَسْوَدُ. | کالا بیل۔ |
| 3 | بَقَرَةٌ سَوْدَاءُ. | کالی گائے۔ |
| 4 | ذِئْبٌ كَبِيْرٌ. | بڑا بھیڑیا۔ |
| 5 | ذِئْبٌ صَغِيْرٌ. | چھوٹا بھیڑیا۔ |
| 6 | شَاةٌ صَغِيرَةٌ. | چھوٹی بکری۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 7 | هٰذَا ثَوْرٌ كَبِيْرٌ . | یہ بڑا بیل ہے۔ |
| 8 | هٰذِهٖ بَقَرَةٌ كَبِيْرَةٌ . | یہ بڑی گائے ہے۔ |
| 9 | ذٰلِكَ ذِئْبٌ أَسْوَدُ . | وہ کالا بھیڑیا ہے۔ |
| 10 | تِلْكَ شَاةٌ سَوْدَاءُ . | وہ کالی بکری ہے۔ |
| 11 | ذٰلِكَ أَيِّلٌ كَبِيْرٌ . | وہ بڑا بارہ سنگھا ہے۔ |
| 12 | مَاهٰذَا ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذَا ثَوْرٌ .<br>یہ بیل ہے۔ |
| 13 | مَاهٰذِهٖ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ قِطَّةٌ .<br>یہ بلی ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الثَّالِثِ

| | | |
|---|---|---|
| 1 | هٰذَا أَيِّلٌ كَبِيْرٌ | یہ بڑا بارہ سنگھا ہے۔ |
| 2 | هٰذِهٖ شَاةٌ سَوْدَاءُ | یہ کالی بکری ہے۔ |
| 3 | تِلْكَ بَقَرَةٌ كَبِيْرَةٌ . | وہ بڑی گائے ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 1 | مَا هٰذِهٖ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ بَقَرَةٌ.<br>یہ گائے ہے۔ |
| 2 | مَا هٰذَا؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذَا ثَوْرٌ .<br>یہ بیل ہے۔ |
| 3 | مَا هٰذِهٖ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ قِطَّةٌ .<br>یہ بلی ہے۔ |
| 4 | مَا ذٰلِكَ؟ | ذٰلِكَ ذِئْبٌ أَسْوَدُ. |

| | | |
|---|---|---|
| | وہ کیا ہے؟ | وہ کالا بھیڑیا ہے۔ |
| 5 | مَاذٰلِكَ ؟<br>وہ کیا ہے؟ | ذٰلِكَ ذِئْبٌ كَبِيْرٌ .<br>وہ بڑا بھیڑیا ہے۔ |
| 6 | مَاتِلْكَ ؟<br>وہ کیا ہے؟ | تِلْكَ قِطَّةٌ .<br>وہ بلی ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | یہ کالا بارہ سنگھا ہے۔ | هٰذَا أَيِّلٌ أَسْوَدُ . |
| 2 | وہ سفید بیل ہے۔ | ذٰلِكَ ثَوْرٌ أَبْيَضُ . |
| 3 | یہ کالی بکری ہے۔ | هٰذِهٖ شَاةٌ سَوْدَاءُ. |
| 4 | وہ بڑا بھیڑیا ہے۔ | ذٰلِكَ ذِئْبٌ كَبِيْرٌ. |
| 5 | یہ چھوٹا بھیڑیا ہے۔ | هٰذَا ذِئْبٌ صَغِيْرٌ . |
| 6 | یہ بڑی بکری ہے۔ | هٰذِهٖ شَاةٌ كَبِيْرَةٌ . |
| 7 | یہ چھوٹی گائے ہے۔ | هٰذِهٖ بَقَرَةٌ صَغِيْرَةٌ. |
| 8 | وہ بڑا بارہ سنگھا ہے۔ | ذٰلِكَ أَيِّلٌ كَبِيْرٌ. |
| 9 | وہ بڑا بیل ہے۔ | ذٰلِكَ ثَوْرٌ كَبِيْرٌ . |

# درس(۴)

**حل لغات**:طَائِرٌ:پرندہ،جمع مکسر طُيُوْرٌ ۔سَيَّارَةٌ:موٹر،جمع مؤنث سالم سَيَّارَاتٌ۔طَيَّارَةٌ:ہوائی جہاز،جمع مؤنث سالم طَيَّارَاتٌ۔دَرَّاجَةٌ:سائیکل،جمع مؤنث سالم دَرَّاجَاتٌ۔لَبَنٌ:دودھ،جمع مکسر اَلْبَانٌ۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | دَرَّاجَةُ زَيْدٍ. | زید کی سائیکل۔ |
| 2 | طَائِرُ حَمِيْدٍ . | حمید کا پرندہ |
| 3 | لَبَنُ شَاةٍ. | بکری کا دودھ۔ |
| 4 | سَيَّارَةُ خَالِدٍ . | خالد کی موٹر۔ |
| 5 | طَيَّارَةُ زَيْدٍ . | زید کا ہوائی جہاز۔ |
| 6 | كِتَابُ مَحْمُوْدٍ . | محمود کی کتاب۔ |
| 7 | قَلَمُ سَعِيْدٍ . | سعید کا قلم۔ |
| 8 | هٰذِهٖ قِطَّةُ عَلِيْمٍ . | یہ علیم کی بلی ہے۔ |
| 9 | هٰذَا طَائِرُ رَفِيْعٍ . | یہ رفیع کا پرندہ ہے۔ |
| 10 | هٰذِهٖ دَرَّاجَةُ سَلِيْمٍ . | یہ سلیم کی سائیکل ہے۔ |
| 11 | تِلْكَ سَبُّوْرَةُ سَاجِدٍ . | وہ ساجد کا تختہ سیاہ ہے۔ |
| 12 | ذٰلِكَ ثَوْرُ شَاهِدٍ . | وہ شاہد کا بیل ہے۔ |
| 13 | هٰذَا حَصِيْرُ مَسْجِدٍ . | یہ مسجد کی چٹائی ہے۔ |
| 14 | هٰذَا حَصِيْرُ مَدْرَسَةٍ . | یہ مدرسہ کی چٹائی ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الرَّابِعِ

| | | |
|---|---|---|
| 1 | هٰذَا ثَوْرُ نَعِيْم | یہ نعیم کا بیل ہے |
| 2 | هٰذِهٖ قِطَّةُ خَالِدٍ. | یہ خالد کی بلی ہے۔ |
| 3 | تِلْكَ سَبُّوْرَةُ حَامِدٍ. | وہ حامد کا تختہ سیاہ ہے۔ |
| 4 | ذٰلِكَ طَائِرُ سَعِيْدٍ. | وہ سعید کا پرندہ ہے۔ |
| 5 | هٰذَا كِتَابُ مَحْمُوْدٍ. | یہ محمود کی کتاب ہے۔ |
| 6 | هٰذِهٖ إِجَّاصَةُ مَاهِرٍ. | یہ ماہر کا امرود ہے۔ |
| 7 | هٰذَا كِتَابُ شَاهِدٍ. | یہ شاہد کی کتاب ہے۔ |
| 8 | هٰذَا غُصْنُ شَجَرٍ. | یہ درخت کی شاخ ہے۔ |
| 9 | هٰذِهٖ دَرَّاجَةُ سَلِيْمٍ. | یہ سلیم کی سائیکل ہے۔ |
| 10 | هٰذِهٖ مِئْذَنَةُ مَسْجِدٍ. | یہ مسجد کا منارہ ہے۔ |
| 11 | هٰذَا إِطَارُ نَاصِرٍ. | یہ ناصر کا فریم ہے۔ |
| 12 | هٰذَا رُمَّانُ طَارِقٍ. | یہ طارق کا انار ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | مدرسہ کا تختہ سیاہ | سَبُّوْرَةُ مَدْرَسَةٍ. |
| 2 | تختہ سیاہ کا چاک۔ | حَكَكُ سَبُّوْرَةٍ. |
| 3 | خالد کی کتاب۔ | كِتَابُ خَالِدٍ. |
| 4 | سعید کا قلم۔ | قَلَمُ سَعِيْدٍ. |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | ساجد کی دوات۔ | دَوَاةُ سَاجِدٍ. |
| 6 | بکری کا دودھ۔ | لَبَنُ شَاةٍ. |
| 7 | سیب کا درخت۔ | شَجَرةُ تُفَّاح. |
| 8 | گائے کا دودھ۔ | لَبَنُ بَقَرَةٍ |
| 9 | مدرسہ کی چٹائی۔ | حَصِيْرُ مَدْرَسةٍ. |
| 10 | یہ مسجد کا منارہ ہے۔ | هٰذِهٖ مِئْذَنَةُ مَسْجِدٍ. |

## درس(۵)

**حل لغات**:مَحْفَظَةٌ:بیگ،جمع منتہی الجموع مَحَافِظ۔مَكْتَبٌ:ڈیسک،جمع منتہی الجموع مَكَاتِبُ۔لَوْحٌ:تختی،جمع مکسر اَلْوَاحٌ۔كُرَةٌ:گیند،جمع مؤنث سالم كُرَاتٌ۔كَبْشٌ:مینڈھا،جمع مکسر اَكْبَاشٌ۔يَ:میرا،میری۔

| شمار | عبارت مع ترجمہ | شمار | عبارت مع ترجمہ |
|---|---|---|---|
| 1 | مَحْفَظَتِي.<br>میرا بیگ۔ | 2 | مَكْتَبِي.<br>میرا ڈیسک۔ |
| 3 | لَوْحِي.<br>میری تختی۔ | 4 | كُرَتِي.<br>میری گیند۔ |
| 5 | كَبْشِي.<br>میرا مینڈھا۔ | 6 | كِتَابِي.<br>میری کتاب۔ |
| 7 | هٰذَا تُفَّاحِي.<br>یہ میرا سیب ہے۔ | 8 | هٰذِهٖ اِجَّاصَتِي.<br>یہ میرا امرود ہے۔ |
| 9 | هٰذِهٖ دَرَّاجَتِي. | 10 | هٰذِهٖ قِطَّتِي. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | یہ میری سائیکل ہے۔ | | یہ میری بلی ہے۔ |
| 11 | شَاةٌ سَوْدَاءُ شَاتِي<br>کالی بکری میری بکری ہے۔ | 12 | كِتَابٌ كَبِيْرٌ كِتَابِي.<br>بڑی کتاب میری کتاب ہے۔ |
| 13 | قِطَّةٌ صَغِيْرَةٌ قِطَّتِي.<br>چھوٹی بلی میری بلی ہے۔ | 14 | كُرَةٌ صَغِيْرَةٌ كُرَتِي.<br>چھوٹی گیند میری گیند ہے۔ |
| 15 | قَلَمٌ كَبِيْرٌ قَلَمِي.<br>بڑا قلم میرا قلم ہے۔ | | |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الْخَامِسِ

| سوال | جواب |
|---|---|
| مَا هٰذَا ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذَا ثَوْرٌ.<br>یہ بیل ہے۔ |
| مَا هٰذِهٖ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ مِحْفَظَةٌ.<br>یہ بیگ ہے۔ |
| مَا ذٰلِكَ؟<br>وہ کیا ہے؟ | ذٰلِكَ طَائِرٌ.<br>وہ پرندہ ہے۔ |
| مَاتِلْكَ ؟<br>وہ کیا ہے؟ | تِلْكَ بَقَرَةٌ.<br>وہ گائے ہے۔ |
| مَا هٰذَا؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذَا وَرْدٌ.<br>یہ گلاب ہے۔ |
| مَا هٰذِهٖ ؟ | هٰذِهٖ إِجَّاصَةٌ. |

| | |
|---|---|
| یہ کیا ہے؟ | یہ امرود ہے۔ |
| مَا هٰذَا؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذَا كِتَابٌ.<br>یہ کتاب ہے۔ |
| مَا هٰذِهٖ؟<br>یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ دَوَاةٌ.<br>یہ دوات ہے۔ |
| هٰذَا وَرْدِيْ | یہ میرا گلاب ہے۔ |
| هٰذِهٖ مَحْفَظَتِي. | یہ میرا بیگ ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | یہ میرا بیگ ہے۔ | هٰذِهٖ مَحْفَظَتِي. |
| 2 | یہ میرا ڈیسک ہے۔ | هٰذَا مَكْتَبِي. |
| 3 | وہ میری گیند ہے۔ | تِلْكَ كُرَتِي. |
| 4 | یہ میری کتاب ہے۔ | هٰذَا كِتَابِي. |
| 5 | یہ میرا سیب ہے۔ | هٰذَا تُفَّاحِي. |
| 6 | وہ میرا امرود ہے۔ | تِلْكَ إِجَّاصَتِي. |
| 7 | چھوٹا خرگوش۔ | أَرْنَبٌ صَغِيْرَةٌ. |
| 8 | بڑی بلی۔ | قِطَّةٌ كَبِيْرَةٌ. |
| 9 | کالی بکری۔ | شَاةٌ سَوْدَاءُ. |
| 10 | میری سائیکل۔ | دَرَّاجَتِي. |
| 11 | میری موٹر۔ | سَيَّارَتِي. |

| | | |
|---|---|---|
| 12 | بڑی گیند۔ | كُرَةٌ كَبِيْرَةٌ . |
| 13 | چھوٹی گیند۔ | كُرَةٌ صَغِيْرَةٌ . |

## درس(٦)

**حل لغات**: خَفِيْرٌ: چوکیدار، جمع مکسر خُفَرَاءُ۔شُرْطِيٌّ: سپاہی۔سَرِيْرٌ: تخت یا چارپائی جمع مکسر سُرُرٌ۔تَاجٌ: تاج، جمع تِيْجَانٌ۔عَصَا: لاٹھی، جمع مکسر عِصِيٌّ ۔مَلِكٌ: بادشاہ، جمع مکسر مُلُوْكٌ۔ۂ: اس کا۔(واحد مذکر کے لیے)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | هٰذَا خَفِيْرٌ. | یہ چوکیدار ہے۔ |
| 2 | هٰذَا شُرْطِيٌّ. | یہ سپاہی ہے۔ |
| 3 | هٰذَا سَرِيْرٌ. | یہ تخت ہے۔ |
| 4 | هٰذَا تَاجٌ. | یہ تاج ہے۔ |
| 5 | تَاجُ الْمَلِكِ. | بادشاہ کا تاج۔ |
| 6 | تَاجُهٗ. | اس کا تاج۔ |
| 7 | كُرَتُهٗ. | اس کی گیند۔ |
| 8 | عَصَا . | لاٹھی۔ |
| 9 | دَرَّاجَتُهٗ. | اس کی سائیکل۔ |
| 10 | مَحْفَظَتُهٗ . | اس کا بیگ۔ |
| 11 | قَلَمُهٗ . | اس کا قلم۔ |
| 12 | لَوْحُهٗ . | اس کی تختی۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 13 | إِجَّاصَتُهُ . | اس کاامرود۔ |
| 14 | وَرْدُهُ . | اس کاگلاب۔ |
| 15 | قِطَّتُهُ . | اس کی بلی۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ السَّادِسِ

| | | |
|---|---|---|
| هٰذَا كِتَابُ زَيْدٍ .<br>یہ زید کی کتاب ہے۔ | هٰذَا قَلَمُهُ .<br>یہ اس کا قلم ہے۔ | هٰذَا لَوْحُهُ .<br>یہ اس کی تختی ہے۔ |
| هٰذِهِ كُرَتِي .<br>یہ میری گیند ہے۔ | هٰذِهِ مِحْفَظَتِي .<br>یہ میرا بیگ ہے۔ | تِلْكَ دَرَّاجَتُهُ .<br>یہ اس کی سائیکل ہے۔ |
| هٰذَا خَالِدٌ .<br>یہ خالد ہے۔ | هٰذَا كِتَابُهُ .<br>یہ اس کی کتاب ہے۔ | هٰذَا مَلِكٌ .<br>یہ بادشاہ ہے۔ |
| هٰذَا تَاجُهُ .<br>یہ اس کا تاج ہے۔ | هٰذَا خَفِيْرٌ .<br>یہ چوکیدار ہے۔ | هٰذِهِ عَصَاهُ .<br>یہ اس کی لاٹھی ہے۔ |
| هٰذِهِ دَرَّاجَتُهُ .<br>یہ اس کی سائیکل ہے۔ | هٰذَا شُرْطِيٌّ .<br>یہ سپاہی ہے۔ | هٰذِهِ بَيْضَتُهُ .<br>یہ اُس کا خود ہے۔ |
| هٰذِهِ عَصَاهُ .<br>یہ اُس کی لاٹھی ہے۔ | هٰذَا لَوْحُ طَارِقٍ .<br>یہ طارق کی تختی ہے۔ | هٰذِهِ دَوَاةُ سَعِيْدٍ .<br>یہ سعید کی دوات ہے۔ |
| هٰذَا عَتِيْقٌ .<br>یہ عتیق (یا پرانا) ہے | هٰذِهِ دَرَّاجَةُ حَامِدٍ .<br>یہ حامد کی سائیکل ہے۔ | |

## اردوسے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | تختہ سیاہ کا چاک۔ | حَكَكُ سَبُّوْرَةٍ . |
| 2 | تختی کا قلم۔ | قَلَمُ لَوْح. |
| 3 | خالد کی تختی۔ | لَوْحُ خَالِدٍ. |
| 4 | اُس کی سائیکل۔ | دَرَّاجَتُهٗ . |
| 5 | اُس کی موٹر۔ | سَيَّارَتُهٗ . |
| 6 | چوکیدار کی لاٹھی۔ | عَصَا خَفِيْرٍ. |
| 7 | خالد کی بلی۔ | قِطَّةُ خَالِدٍ. |
| 8 | کالی گیند۔ | كُرَةٌ سَوْدَاءُ . |
| 9 | اُس کا قلم۔ | قَلَمُهٗ . |
| 10 | سیاہی کا خود۔ | بَيْضَةُ شُرْطِيّ. |
| 11 | بادشاہ کا تاج۔ | تَاجُ الْمَلِكِ . |
| 12 | اُس کا سیب۔ | تُفَّاحُهٗ . |

# درس(۷)

**حل لغات**:طِفْلٌ:بچہ،جمع مکسر اَطْفَالٌ۔طِفْلَةٌ:بچی۔أَبٌ:باپ،جمع مکسر آبَاءُ۔أُمٌّ :ماں،جمع جمع مؤنث سالم أُمَّهَاتٌ۔صَدِيْقٌ:دوست،جمع مکسر أَصْدِقَاءُ۔ضَعِيْفٌ:بوڑھا،جمع مکسر ضُعَفَاءُ۔و:اور(حرف عطف)۔ك :تمھارا ، تمھاری (ضمیر مخاطب)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | طِفْلٌ وَطِفْلَةٌ. | بچہ اور بچی۔ |
| 2 | أَبٌ وَأُمٌّ. | باپ اور ماں۔ |
| 3 | أَبِي. | میرا باپ۔ |
| 4 | أَبُوْكَ. | تیرا(مذکر)باپ۔ |
| 5 | أَبُوْهُ. | اس(مذکر)کا باپ۔ |
| 6 | أَبُوْ زَيْدٍ. | زید کا باپ۔ |
| 7 | أُمِّي. | میری ماں۔ |
| 8 | أُمُّكَ. | تیری(مذکر)ماں۔ |
| 9 | أُمُّهُ. | اس(مذکر)کی ماں۔ |
| 10 | أُمُّ زَيْدٍ. | زید کی ماں۔ |
| 11 | هٰذَا صَدِيْقِي. | یہ میرا دوست ہے۔ |
| 12 | هٰذَا صَدِيْقُكَ. | یہ تمھارا دوست ہے۔ |
| 13 | هٰذَا ضَعِيْفٌ. | یہ بوڑھا ہے۔ |
| 14 | هٰذَا طِفْلُهُ. | یہ اس(مذکر)کا بچہ ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 15 | هٰذِهٖ طِفْلَةُ زَيْدٍ . | یہ زید کی بچی ہے۔ |
| 16 | أَبٌ وَأُمٌّ وَطِفْلٌ وَطِفْلَةٌ . | باپ، ماں، بچہ اور بچی۔ |
| 17 | هٰذَا طِفْلٌ صَغِيْرٌ . | یہ چھوٹا بچہ ہے۔ |
| 18 | هٰذِهٖ طِفْلَةٌ صَغِيْرَةٌ . | یہ چھوٹی بچی ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ السَّابِعِ

| | | |
|---|---|---|
| هٰذَا ضَعِيْفٌ .<br>یہ بوڑھا ہے۔ | طِفْلَةٌ وَكُرَتُهَا .<br>بچی اور اس کی گیند۔ | هٰذِهٖ طِفْلَةٌ .<br>یہ بچی ہے۔ |
| طِفْلٌ وَطِفْلَةٌ .<br>بچہ اور بچی۔ | تِلْكَ كُرَةٌ .<br>وہ گیند ہے۔ | ذٰلِكَ ضَعِيفٌ .<br>وہ بوڑھا ہے۔ |
| طِفْلٌ وَطِفْلَةٌ وَكُرَةٌ .<br>بچہ اور بچی اور گیند۔ | زَيْدٌ وَصَدِيْقُهٗ وَكِتَابٌ<br>زید اور اس کا دوست اور کتاب | مَحْفَظَةٌ وَلَوْحٌ .<br>بیگ اور تختی۔ |
| دَوَاةٌ وَقَلَمٌ .<br>دوات اور قلم۔ | | |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | یہ زید کا قلم ہے۔ | هٰذَا قَلَمُ زَيْدٍ . |
| 2 | وہ میری کتاب ہے۔ | ذٰلِكَ كِتَابِي . |
| 3 | یہ تمھارا دوست ہے۔ | هٰذَا صَدِيْقُكَ . |
| 4 | وہ اُس کا دوست ہے۔ | ذٰلِكَ صَدِيْقُهٗ . |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | یہ اُس کی بچی ہے۔ | هٰذِهٖ طِفْلَتُهٗ |
| 6 | یہ بوڑھے کی لاٹھی ہے۔ | هٰذِهٖ عَصَا ضَعِيْفٍ. |
| 7 | یہ بچے کا قلم ہے۔ | هٰذَا قَلَمُ طِفْلٍ. |
| 8 | وہ بچے کی کتاب ہے۔ | ذٰلِكَ كِتَابُ طِفْلٍ. |
| 9 | یہ بچے کی گیند ہے۔ | هٰذِهٖ كُرَةُ طِفْلٍ. |
| 10 | بچہ اور بچی اور گیند۔ | طِفْلٌ وَطِفْلَةٌ وَكُرَةٌ. |
| 11 | تختی اور بلیک بورڈ۔ | لَوْحٌ وَسَبُّوْرَةٌ. |
| 12 | قلم اور دوات۔ | قَلَمٌ وَدَوَاةٌ. |

## درس(۸)

**حل لغات** :يَقْرَءُ : وہ پڑھتا ہے، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب، فتَحَ (مادہ قرء، مہموز اللام)۔ تَقْرَءُ : تم پڑھتے ہو، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر، فتَحَ (مادہ قرء، مہموز اللام)۔ اقْرَءُ : میں پڑھتا ہوں۔ اِقْرَءْ : تم پڑھو۔ فِيْ : میں ۔ هَلْ: کیا۔ نَعَمْ: جی ہاں۔ هُوَ: وہ۔ (ضمیر مرفوع منفصل واحد مذکر کے لیے)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | يَقْرَءُ زَيْدٌ فِيْ كِتَابِهٖ. | زید اپنی کتاب میں پڑھتا ہے۔ |
| 2 | تَقْرَءُ فِيْ كِتَابِكَ. | تم اپنی کتاب میں پڑھتے ہو۔ |
| 3 | أَقْرَءُ فِيْ كِتَابِيْ. | میں اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ |
| 4 | اِقْرَءْ فِيْ كِتَابِكَ. | تم اپنی کتاب میں پڑھو۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | هَلْ تَقْرَءُ فِيْ كِتَابِكَ ؟ | کیاتم اپنی کتاب میں پڑھتے ہو۔ |
| 6 | نَعَمْ ! أَقْرَءُ فِيْ كِتَابِيْ . | جی ہاں! میں اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ |
| 7 | هَوَ يَقْرَءُ فِيْ كِتَابِهِ. | وہ اس کی کتاب میں پڑھتا ہے۔ |
| 8 | هَلْ هُوَ يَقْرَءُ فِيْ كِتَابِهِ ؟ | کیاوہ اپنی کتاب میں پڑھتا ہے۔ |
| 9 | نَعَمْ ! هُوَ يَقْرَءُ فِيْ كِتَابِهِ ؟ | جی ہاں! وہ اپنی کتاب میں پڑھتا ہے |
| 10 | هَلْ تَقْرَءُ فِيْ كِتَابِكَ ؟ | کیاتم اپنی کتاب میں پڑتے ہو۔ |
| 11 | نَعَمْ ! أَقْرَءُ فِيْ كِتَابِيْ. | جی ہاں! اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں |
| 12 | هَلْ أَقْرَءُ فِيْ كِتَابِكَ؟ | کیا میں تمھاری کتاب میں پڑھتا ہوں۔ |
| 13 | نَعَمْ ! تَقْرَءُ فِي كِتَابِكَ. | جی ہاں! تم اپنی کتاب میں پڑھتے ہو۔ |
| 14 | هَلْ صَدِيْقُكَ يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ؟ | کیاتمھارادوست اپنی کتاب میں پڑھتا ہے؟ |
| 15 | نَعَمْ ! صَدِيْقِي يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ . | جی ہاں! میرادوست اپنی کتاب میں پڑھتاہے۔ |
| 16 | أَنَا أَقْرَءُ فِي كِتَابِي . | میں اپنی کتاب میں پڑھتاہوں۔ |
| 17 | أَنْتَ تَقْرَءُ فِي كِتَابِكَ. | تم اپنی کتاب میں پڑھتے ہو۔ |
| 18 | هَلْ زَيْدٌ يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ؟ | کیازیداپنی کتاب میں پڑھتاہے؟ |
| 19 | اِقْرَءْ فِي كِتَابِكَ | تم اپنی کتاب میں پڑھو۔ |
| 20 | نَعَم ! أَقْرَءُ فِي كِتَابِي . | جی ہاں! میں اپنی کتاب میں پڑھتا |

| | | |
|---|---|---|
| | | ہوں۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الثَّامِنِ

| | |
|---|---|
| اَلطِّفْلُ يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ .<br>بچہ اپنی کتاب میں پڑھتا ہے۔ | أَنَا أَقْرَءُ فِي كِتَابِكَ .<br>میں تمھاری کتاب میں پڑھتا ہوں۔ |
| أَنْتَ تَقْرَءُ فِي كِتَابِي .<br>تم میری کتاب میں پڑھتے ہو۔ | |

| | |
|---|---|
| هَلْ هُوَ يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ ؟<br>کیا وہ اپنی کتاب میں پڑھتا ہے ؟ | نَعَمْ ،هُوَ يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ .<br>ہاں: وہ اپنی کتاب میں پڑھتا ہے۔ |
| هَلْ تَقْرَءُ فِي كِتَابِكَ ؟<br>کیا تم اپنی کتاب میں پڑھتے ہو؟ | نَعَمْ ،أَقْرَءُ فِي كِتَابِي .<br>ہاں: میں اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ |
| هَلْ أَقْرَءُ فِي كِتَابِي ؟<br>کیا میں اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں ؟ | نَعَمْ :أَقْرَءُ فِي كِتَابِي .<br>ہاں: میں اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ |
| هَلْ صَدِيْقُكَ يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ ؟<br>کیا تمھارا دوست اپنی کتاب میں پڑھتا ہے ؟ | نَعَمْ : صَدِيْقِي يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ .<br>ہاں: میرا دوست اپنی کتاب میں پڑھتا ہے |
| هَلْ خَالِدٌ يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ ؟<br>کیا خالد اپنی کتاب میں پڑھتا ہے ؟ | نَعَمْ : يَقْرَءُ خَالِدٌ فِي كِتَابِهٖ .<br>ہاں: خالد اپنی کتاب میں پڑھتا ہے۔ |
| اِقْرَءْ فِي كِتَابِكَ .<br> | تم اپنی کتاب میں پڑھو۔ |
| أَنَا أَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ .<br> | میں اس کی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ |
| هُوَ يَقْرَءُ فِي كِتَابِي .<br> | وہ میری کتاب میں پڑھتا ہے۔ |

## اردوسے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | بچہ اپنی کتاب میں پڑھتا ہے | اَلطِّفْلُ يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ . |
| 2 | تم اپنی کتاب میں پڑھو۔ | اِقْرَءْ فِي كِتَابِكَ . |
| 3 | میں اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ | أَنَا أَقْرَءُ فِي كِتَابِي . |
| 4 | میں تمھاری کتاب میں پڑھتا ہوں۔ | اَقْرَءُ فِي كِتَابِكَ . |
| 5 | میں اُس کی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ | اَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ . |
| 7 | وہ میری کتاب میں پڑھتا ہے۔ | هُوَ يَقْرَءُ فِي كِتَابِي . |
| 8 | کیا وہ تمھاری کتاب میں پڑھتا ہے؟ | هَلْ هُوَ يَقْرَءُ فِي كِتَابِكَ ؟ |
| 9 | جی ہاں! وہ میری کتاب میں پڑھتا ہے؟ | نَعَمْ: هُوَ يَقْرَءُ فِي كِتَابِي . |
| 10 | کیا تم اُس کی کتاب میں پڑھتے ہو؟ | هَلْ تَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ ؟ |
| 11 | جی ہاں! میں اُس کی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ | نَعَمْ: أَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ . |
| 12 | کیا تم اپنی کتاب میں پڑھتے ہو؟ | هَلْ تَقْرَءُ فِي كِتَابِكَ ؟ |
| 13 | جی ہاں! میں اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ | نَعَمْ: أَقْرَءُ فِي كِتَابِي . |

# درس(۹)

**حل لغات**:یَکْتُبُ:وہ لکھتا ہے،فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب نَصَرَ ،(مادہ کتب،صحیح )۔تَکْتُبُ:تم لکھتے ہو، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر باب نَصَرَ ،(مادہ کتب،صحیح )۔اَکْتُبُ:میں لکھتا ہوں، فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم باب نَصَرَ ،(مادہ کتب،صحیح )۔اُکْتُبْ:لکھو، فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر باب نَصَرَ ،(مادہ کتب،صحیح )۔بِـ:مدد سے۔کُرَّاسَۃٌ:کاپی،جمع مؤنث سالم کُرَّا سَاتٌ۔وَرَقٌ:کاغذ،جمع مکسر اَوْرَاقٌ۔عَلٰی: پر۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | أَکْتُبُ بِالْقَلَمِ | میں قلم سے لکھتا ہوں۔ |
| 2 | تَکْتُبُ بِالْقَلَمِ | تم قلم سے لکھتے ہو۔ |
| 3 | هُوَ یَکْتُبُ بِالْقَلَمِ | وہ قلم سے لکھتا ہے۔ |
| 4 | هُوَ یَکْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَی الْکُرَّا سَةِ | وہ قلم سے کاپی پر لکھتا ہے۔ |
| 5 | زَ یْدٌ یَکْتُبُ بِالْقَلَمِ | زید قلم سے لکھتا ہے۔ |
| 6 | زَ یْدٌ یَکْتُبُ عَلَی الْوَرَقِ | زید کاغذ پر لکھتا ہے۔ |
| 7 | صَدِیْقِیْ یَکْتُبُ بِالْقَلَمِ | میرا دوست قلم سے لکھتا ہے۔ |
| 8 | صَدِیْقِیْ یَکْتُبُ عَلَی الْوَرَقِ | میرا دوست کاغذ پر لکھتا ہے |
| 9 | هَلْ تَکْتُبُ بِالْقَلَمِ ؟ | کیا تم قلم سے لکھتے ہو۔ |
| 10 | نَعَمْ ! اَکْتُبُ بِالْقَلَمِ . | جی ہاں !میں قلم سے لکھتا ہوں |

| | | |
|---|---|---|
| 11 | اَكْتُبُ عَلَى الْكُرَّاسَةِ | میں کاپی پر لکھتا ہوں۔ |
| 12 | يَكْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَى الْكُرَّاسَةِ | وہ قلم سے کاپی پر لکھتا ہے۔ |
| 13 | أُكْتُبْ عَلَى الْكُرَّاسَةِ | تم کاپی پر لکھو۔ |
| 14 | أَكْتُبُ عَلَى الْكُرَّاسَةِ | میں کاپی پر لکھتا ہوں |
| 15 | هُوَ يَكْتُبُ عَلَى الْكُرَّاسَةِ | وہ کاپی پر لکھتا ہے۔ |
| 16 | هَلْ تَكْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَى الْكُرَّاسَةِ؟ | کیا تم قلم سے کاپی پر لکھتے ہو |
| 17 | نَعَمْ !أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَى الْكُرَّاسَةِ | جی ہاں! میں قلم سے کاپی پر لکھتا ہوں۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ التَّاسِعِ

| | |
|---|---|
| زَيْدٌ يَكْتُبُ عَلَى الْكُرَّاسَةِ. زید کاپی پر لکھتا ہے۔ | يَكْتُبُ زَيْدٌ بِالْقَلَمِ عَلَى الْكُرَّاسَةِ . زید قلم سے کاپی پر لکھتا ہے۔ |
| أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ میں قلم سے لکھتا ہوں۔ | أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَى الْوَرَقِ . میں قلم سے کاغذ پر لکھتا ہوں۔ |
| أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَى الْكُرَّاسَةِ . میں قلم سے کاپی پر لکھتا ہوں۔ | |

| | |
|---|---|
| هَلْ أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ ؟ کیا میں قلم سے لکھوں ؟ | نَعَم: تَكْتُبُ بِالْقَلَمِ ؟ جی ہاں: تم قلم سے لکھو۔ |

| | |
|---|---|
| هَلْ تَكْتُبُ بِالْقَلَمِ ؟<br>کیاتم قلم سے لکھتے ہو؟ | نَعَمْ :أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ .<br>ہاں:میں قلم سے لکھتاہوں. |
| هَلْ يَكْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَى الكُرَّاسَة ؟<br>کیاوہ قلم سے کاپی پر لکھتاہے۔ | نَعَم :هُوَ يَكْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَى الْكُرَّاسَةِ .<br>ہاں:وہ قلم سے کاپی پر لکھتاہے۔ |
| هَلْ تَكْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَى الْوَرَقِ ؟<br>کیاتم قلم سے کاغذ پر لکھتے ہو؟ | نَعَمْ : أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَى الْوَرْقِ .<br>ہاں:میں قلم سے کاغذ پر لکھتاہوں۔ |
| هَلْ صَدِيْقُكَ يَكْتُبُ ؟<br>کیاتمھارادوست لکھتاہے ؟ | نَعَمْ : صَدِيْقِي يَكْتُبُ .<br>ہاں:میرادوست لکھتاہے۔ |
| هَلْ صَدِيْقِي يَكْتُبُ ؟<br>کیامیرادوست لکھتاہے ؟ | نَعَمْ : صَدِيْقُكَ يَكْتُبُ .<br>ہاں:تیرادوست لکھتاہے۔ |
| هَلْ صَدِيْقُهُ يَكْتُبُ ؟<br>کیااس کادوست لکھتاہے ؟ | نَعَمْ : صَدِيقُهُ يَكْتُبُ .<br>ہاں:اس کادوست لکھتاہے۔ |
| هَلْ زَ يْدٌ يَكْتُبُ ؟<br>کیازید لکھتاہے ؟ | نَعَمْ : زَ يْدٌ يَكْتُبُ .<br>ہاں:زید لکھتاہے۔ |

## اردوسے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | قلم سے کاپی پر لکھو۔ | أُكْتُبْ بِالْقَلَمِ عَلَى الْكُرَّاسَةِ. |
| 2 | میں قلم سے کاغذ پر لکھتاہوں۔ | أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ عَلَى الْوَرَقِ . |
| 3 | کیاتمھارادوست قلم سے کاپی پر لکھتا | هَلْ صَدِيْقُكَ يَكْتُبُ بِالْقَلَمِ |

| | | |
|---|---|---|
| | ہے؟ | عَلَى الْكُرَّاسَةِ؟ |
| 4 | کیاتمھارادوست پڑھتاہے؟ | هَلْ صَدِيقُكَ يَقْرَءُ؟ |
| 5 | زید پڑھتاہے۔ | يَقْرَءُ زَيْدٌ. |
| 6 | اس کادوست پڑھتاہے۔ | صَدِيْقُهٗ يَقْرَءُ. |
| 7 | کیااس کادوست لکھتاہے؟ | هَلْ يَكْتُبُ صَدِيْقُهٗ؟ |
| 8 | میرادوست کاغذپر لکھتاہے؟ | صَدِيْقِي يَكْتُبُ عَلَى الْوَرَقِ |
| 9 | وہ اپنی کتاب میں پڑھتاہے؟ | هُوَ يَقْرَءُ فِي كِتَابِهٖ. |
| 10 | میں اس کی کاپی پر لکھتاہوں۔ | أَكْتُبُ عَلٰى كُرَّاسَتِهٖ. |
| 11 | کیاتم اس کی کاپی پر لکھتے ہو؟ | هَلْ تَكْتُبُ عَلٰى كُرَّاسَتِهٖ؟ |
| 12 | میں اس کی کاپی پر لکھتاہوں۔ | أَكْتُبُ عَلٰى كُرَّاسَتِهٖ. |

## درس(۱۰)

**حل لغات**:يَقْعُدُ: وہ بیٹھتاہے۔فعل مضارع مثبت معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب(نصرمادہ،قعد،صحیح)يَقُوْمُ: وہ کھڑاہوتاہے۔فعل مضارع مثبت معروف صیغہ واحد مذکرغائب باب(نصرمادہ قوم،اجوف واوی)مِنْ:سے۔يَمْشِيْ:وہ چلتاہے۔ فعل مضارع مثبت معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب(ضَرَبَ مادہ مشی،ناقص یائی) اُقْعُدْ:توبیٹھ۔فعل امر معروف صیغہ واحد مذکرحاضرباب(نَصَرَ مادہ صحیح). قُمْ:توکھڑاہو۔ فعل امر معروف صیغہ واحد مذکرحاضرباب(نَصَرَ مادہ قوم، اجوف واوی) إِمْشِ:توچل ۔فعل امر معروف صیغہ واحد مذکرحاضرباب(ضرب مادہ مشی،ناقص یائی) يَقِفُ: وہ رکتاہے۔فعل مضارع مثبت معروف صیغہ واحد مذکرغائب(ضَرَبَ مادہ وقف،مثال

واوی) قِفْ: رک جاو۔ فعل امر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر باب (ضرب مادہ وقف مثال واوی) کُرْ سِیٌّ: کرسی۔ جمع مکسر کراسیٌّ۔ هُوَ: وہ۔ ضمیر مرفوع منفصل۔ اَنْتَ: تم۔ ضمیر مرفوع منفصل۔ اَنَا: میں۔ ضمیر مرفوع منفصل۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | زَیْدٌ یَقْعُدُ | زید بیٹھتا ہے۔ |
| 2 | صَدِیْقُكَ یَقْعُدُ | تمھارا دوست بیٹھتا ہے۔ |
| 3 | تَقْعُدُ عَلَی الْکُرْسِیّ | تم کرسی پر بیٹھتے ہو۔ |
| 4 | اُقْعُدْ | تو بیٹھ۔ |
| 5 | اُقْعُدْ عَلَی الْکُرْسِیّ | تو کرسی پر بیٹھ۔ |
| 6 | صَدِیْقُكَ یَقْعُدُ عَلَی الْکُرْسِیّ | تمھارا دوست کرسی پر بیٹھتا ہے۔ |
| 7 | زَیْدٌ یَقُوْمُ مِنَ الْکُرْسِیّ | زید کرسی سے کھڑا ہوتا ہے۔ |
| 8 | قُمْ | تو کھڑا ہو۔ |
| 9 | زَیْدٌ یَمْشِیْ | زید چلتا ہے۔ |
| 10 | تَمْشِیْ .أَنَا أَمْشِیْ | تو چلتا ہے۔ میں چلتا ہوں۔ |
| 11 | اِمْشِ .زَیْدٌ یَقِفُ | تم چلو۔ زید رکتا ہے۔ |
| 12 | قِفْ | رک جاو۔ |
| 13 | أَنَا أَقِفُ ،تَقِفُ. صَدِیْقُكَ یَقِفُ | میں رکتا ہوں۔ تم رکتے ہو، تمھارا دوست رکتا ہے۔ |
| 14 | قُمْ مِنَ الْکُرْسِیّ | تم کرسی سے کھڑے ہو جاؤ۔ |
| 15 | أَنَا أَقُوْمُ مِنَ الْکُرْسِیّ | میں کرسی سے کھڑا ہوتا ہوں۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الْعَاشِرُ

| | |
|---|---|
| أُقْعُد عَلَى الْكُرْسِيّ .<br>تم کرسی پر بیٹھ جاؤ | أَقْعُدُ عَلَى الْكُرْسِيّ<br>میں کرسی پر بیٹھتا ہوں۔ |
| قُمْ مِنَ الْكُرْسِيّ .<br>تم کرسی سے کھڑے ہوجاؤ۔ | أَقُوْمُ مِنَ الْكُرْسِيّ .<br>میں کرسی سے کھڑا ہوتا ہوں |
| اِمْشِ .<br>تم چلو۔ | قِفْ<br>تم کھڑے ہو۔ |
| أَمْشِي<br>میں چلتا ہوں۔ | أَقِفُ<br>میں کھڑا ہوتا ہوں۔ |
| هَلْ صَدِيْقُكَ يَقُوْمُ ؟<br>کیا تمھارا دوست کھڑا ہوتا ہے۔ | نَعَمْ ! صَدِيْقِي يَقُوْمُ .<br>ہاں۔ میرا دوست کھڑا ہوتا ہے۔ |
| أَيْنَ جَدُّكَ ؟<br>تمھارے دادا کہاں ہیں ؟ | جَدِّي فِي بَيْتِي .<br>میرے دادا میرے گھر میں ہیں۔ |
| مَا اِسْمُهُ ؟<br>ان کا نام کیا ہے ؟ | اِسْمُهُ حَامِدٌ .<br>ان کا نام حامد ہے۔ |
| كَمْ أَخًا لِزَيْدٍ ؟<br>زید کے کتنے بھائی ہیں ؟ | لِزَيْدٍ خَمْسَةُ اِخْوَةٍ.<br>زید کے پانچ بھائی ہیں۔ |
| كَمْ أُخْتًا لِزَيْدٍ ؟ | لِزَيْدٍ ثَلَثُ اَخَوَاتٍ. |

| | |
|---|---|
| زید کی کتنی بہنیں ہیں؟ | زید کی تین بہنیں ہیں۔ |
| كَمْ عَمًّا لِصَدِيْقِكَ؟<br>تمھارے دوست کے کتنے چچا ہیں؟ | لِصَدِيْقِي ثَلَثَةُ أَعْمَامٍ .<br>میرے دوست کے تین چچا ہیں۔ |
| هَلْ لِصَدِيْقِكَ عَمَّةٌ؟<br>کیا تمھارے دوست کی پھوپھی ہیں؟ | نَعَمْ ! لِصَدِيْقِي عَمَّةٌ.<br>ہاں! میرے دوست کی پھوپھی ہیں۔ |
| كَمْ خَالَةً لِحَامِدٍ؟<br>حامد کی کتنی خالہ ہیں؟ | لِحَامِدٍ سِتُّ خَالَاتٍ.<br>حامد کی چھ خالائیں ہیں۔ |
| كَمْ خَالًا لِحَامِدٍ؟<br>حامد کے کتنے ماموں ہیں؟ | لِحَامِدٍ ثَلَثَةُ أَخْوَالٍ.<br>حامد کے تین ماموں ہیں۔ |
| هَلْ لَكَ ثَلَاثَةُ إِخْوَةٍ .<br>کیا تمھارے تین بھائی ہیں؟ | لَا ! بَلْ لِي أَرْبَعُ إِخْوَةٍ.<br>نہیں! بلکہ میرے چار بھائی ہیں۔ |
| أَلَكَ خَالَةٌ؟<br>کیا تمھاری خالہ ہیں؟ | نَعَمْ ! لِي خَالَةٌ .<br>ہاں! میری خالہ ہیں۔ |
| كَمْ خَالَةً لَكَ؟<br>تمھاری کتنی خالہ ہیں؟ | لِي ثَلَثُ خَالَاتٍ .<br>مری تین خالہ ہیں۔ |
| أَلِصَدِيْقِكَ عَمٌّ ؟<br>کیا تمھارے دوست کے چچا ہیں؟ | نَعَمْ ! لِصَدِيْقِي عَمٌّ .<br>ہاں! میرے دوست کے چچا ہیں۔ |
| كَمْ عَمًّا لِصَدِيْقِكَ؟<br>تمھارے دوست کے کتنے چچا ہیں؟ | لِصَدِيْقِي أَرْبَعَةُ أَعْمَامٍ .<br>میرے دوست کے چار چچا ہیں۔ |
| أَلِصَدِيْقِكَ أَرْبَعَةُ أَعْمَامٍ؟<br>کیا تمھارے دوست کے چار چچا ہیں؟ | نَعَمْ ! لِصَدِيْقِي أَرْبَعَةُ أَعْمَامٍ .<br>ہان! میرے دوست کے چار چچا ہیں۔ |
| أَلِأَخِيْكَ ثَلَاثَةُ أَعْمَامٍ؟ | نَعَمْ !لِأَخِي ثَلَاثَةُ أَعْمَامٍ |

| | |
|---|---|
| کیا تمھارے بھائی کے تین چچا ہیں؟ | ہاں! میرے بھائی کے تین چچا ہیں۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | کیا آپ کے دادا ہیں؟ | هَلْ لَكَ جَدٌّ ؟ |
| 2 | جی ہاں! میرے دادا ہیں۔ | نَعَم! لِي جَدٌّ. |
| 3 | آپ کے کتنے بھائی ہیں؟ | كَمْ أَخًا لَكَ ؟ |
| 4 | میرے پانچ بھائی ہیں۔ | لِي خَمْسَةُ اِخْوَةٍ. |
| 5 | کیا آپ کے چار چچا ہیں؟ | هَلْ لَكَ أَرْبَعَةُ أَعْمَامٍ؟ |
| 6 | جی نہیں! میرے دو چچا ہیں۔ | لَا! لِي عَمَّانِ. |
| 7 | میرے دوست کے تین چچا ہیں۔ | لِصَدِيقِي ثَلَثَةُ أَعْمَامٍ . |
| 8 | اس کے دوست کے چار چچا ہیں۔ | لِصَدِيْقِهٖ أَرْبَعَةُ أَعْمَامٍ . |
| 9 | زید کے پانچ بھائی ہیں۔ | لِزَيْدٍ خَمْسَةُ اِخْوَةٍ . |
| 10 | خالد کے دو بھائی ہیں۔ | لِخَالِدٍ أَخَانِ. |
| 11 | حامد کی دو بہنیں ہیں۔ | لِحَامِدٍ أُخْتَانِ . |
| 12 | سعید کا ایک بھائی ہے۔ | لِسَعِيْدٍ أَخٌ وَاحِدٌ . |

## درس(۲۲)

**حل لغات:** طَاؤُوْسٌ: مور، جمع مکسر اسم جمع: طَوَاوِيْسُ۔ نَمْلَة:: چیونٹی ،(مذکر ومؤنث دونوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے)۔ جمع نَمْلٌ ۔ ذُبَابٌ: مکھی ،جمع مکسر ذُبَّانٌ۔ بَعُوْضٌ : مچھر، جمع مؤنث سالم ،بَعُوْضَاتٌ۔ رِيْشٌ: پر، جمع مکسر اَرْيَاشٌ۔ تَلْسَعُ: وہ کاٹتی ہے ،فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب باب فتح ،(مادہ لسع، صحیح)۔ يَلْسَعُ: وہ کاٹتا ہے، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب، باب فتح (مادہ لسع، صحیح)۔۔ لٰكِنْ: لیکن (حرف عطف)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | فِي الْحَدِيْقَةِ طَاؤُوْسٌ . | باغ میں مور ہے۔ |
| 2 | نَمْلَةٌ صَغِيْرَةٌ تَمْشِي إِلٰى نَمْلَةٍ كَبِيْرَةٍ . | چھوٹی چیونٹی بڑی چیونٹی کی طرف جاتی ہے۔ |
| 3 | يَلْسَعُ الْبَعُوْضُ فِي رِجلِ رَجُلٍ . | مچھر آدمی کی ٹانگ میں کاٹتا ہے۔ |
| 4 | اَلذُّبَابُ يَطِيْرُ فَوْقَ رَأسِهٖ . | مکھی اس کے سر کے اوپر اڑتی ہے۔ |
| 5 | رِيْشُ الطَاؤُوْسِ . | مور کا پَر |
| 6 | لَا تَطِيْرُ النَّمْلَةُ وَلٰكِنْ يَطِيْرُ الْبَعُوْضُ وَالذُّبَابُ . | چیونٹی نہیں اڑتی ہے لیکن مچھر اور مکھی اڑتے ہیں۔ |
| 7 | لَا يَلْسَعُ الذُّبَابُ وَلٰكِنْ يَلْسَعُ الْبَعُوْضُ . | مکھی نہیں کاٹتی ہے لیکن مچھر کاٹتا ہے۔ |
| 8 | فِي الصُّوْرَةِ خَمْسَةُ نَمْلٍ | تصویر میں پانچ چیونٹاں ہیں۔ |
| 9 | هَلِ النَّمْلَةُ تَطِيْرُ فِي السَّمَاءِ ؟ | کیا چیونٹی آسمان میں اڑتی ہے؟ |

| | | |
|---|---|---|
| 10 | لَا بَلِ النَّمْلَةُ تَسِيْرُ عَلَى الأَرْضِ . | جی نہیں! بلکہ چیونٹی زمین پر چلتی ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الثَّانِي وَالْعِشْرِيْنَ

| | |
|---|---|
| كَمْ نَمْلَةً فِي الْقِطَارِ ؟<br>لائن میں کتنی چیونٹیاں ہیں؟ | فِي الْقِطَارِ ثَمَانِيَةُ نَمْلٍ .<br>لائن میں نو چیونٹیاں ہیں۔ |
| كَمْ طَاؤُوْسًا فِي الْحَدِيْقَةِ ؟<br>باغ میں کتنے مور ہیں؟ | فِي الْحَدِيْقَةِ طَاؤُوْسٌ وَاحِدٌ .<br>باغ میں ایک مور ہے۔ |
| هَلْ عِنْدَكَ طَاؤُوْسٌ ؟<br>کیا تمھارے پاس مور ہے؟ | نَعَم! عِنْدِي طَاؤُوْسٌ .<br>ہاں! میرے پاس مور ہے۔ |
| هَلِ النَّمْلَةُ تَلْسَعُ فِي قَدَمِكَ ؟<br>کیا تمھارے پیر میں چیونٹی کاٹتی ہے؟ | لَا! بَلِ النَّمْلَةُ تَلْسَعُ فِي يَدِي .<br>جی نہیں! بلکہ میرے ہاتھ پر چیونٹی کاٹتی ہے۔ |
| هَلْ هٰذِهِ نَمْلَةٌ صَغِيْرَةٌ ؟<br>کیا یہ چھوٹی چیونٹی ہے؟ | لَا! بَلْ هٰذِهِ نَمْلَةٌ كَبِيْرَةٌ .<br>جی نہیں! بلکہ یہ بڑی چیونٹی ہے۔ |
| هَلِ الذُّبَابُ يَلْسَعُ فِي رَأْسِكَ ؟<br>کیا مکھی تمھارے سر پر کاٹتی ہے۔ | لَا! بَلِ الذُّبَابُ يَطِيْرُ عَلٰى رَأْسِي .<br>جی نہیں! بلکہ مکھی میرے سر پر اڑتی ہے۔ |
| هَلِ الْبَعُوْضُ يَلْسَعُ عَلٰى عَضُدِكَ ؟<br>کیا تمھارے بازو میں مچھر کاٹتا ہے؟ | لَا! بَلِ الْبَعُوْضُ يَلْسَعُ عَلٰى سَاعِدِيْ .<br>جی نہیں! بلکہ میری کلائی میں مچھر کاٹتا ہے۔ |
| هَلْ الْبَعُوْضُ يَلْسَعُ الطِّفْلَ ؟<br>کیا مچھر بچہ کو کاٹتا ہے؟ | نَعَم! اَلْبَعُوْضُ يَلْسَعُ الطِّفْلَ .<br>جی ہاں! مچھر بچہ کو کاٹتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| كَمْ بَعُوْضَةً فِي الْغُرْفَةِ ؟<br>کمرے میں کتنے مچھر ہیں؟ | فِي الْغُرْفَةِ خَمْسُ بَعُوْضَاتٍ .<br>کمرے میں پانچ مچھر ہیں۔ |
| أَيْنَ يَطِيْرُ الذُّبَابُ ؟<br>مکھی کہاں اڑتی ہے؟ | اَلذُّبَابُ يَطِيْرُ عَلٰى أَنْفِكَ .<br>مکھی تمھاری ناک پر اڑتی ہے۔ |
| هَلِ النَّمْلَةُ تَلْسَعُ عَلٰى عَيْنِكَ ؟<br>کیا تمھاری آنکھ پر چیونٹی کاٹتی ہے؟ | لَا ! بَلِ النَّمْلَةُ تَلْسَعُ أَنْفِي .<br>جی نہیں! بلکہ میرے ناک پر چیونٹی کاٹتی ہے۔ |
| هَلِ النَّمْلَةُ تَطِيْرُ فِي الْهَوَاءِ ؟<br>کیا چیونٹی ہوا میں اڑتی ہے؟ | لَا ! بَلِ النَّمْلَةُ تَمْشِي عَلَى الأَرْضِ .<br>جی نہیں! بلکہ چیونٹی زمین پر چلتی ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | میرے پیر میں چیونٹی کاٹتی ہے۔ | تَلْسَعُ النَّمْلَةُ فِي قَدَمِي . |
| 2 | کیا تمھارے ہاتھ پر چیونٹی کاٹتی ہے؟ | هَلِ النَّمْلَةُ تَلْسَعُ فِي يَدِكَ ؟ |
| 3 | جی نہیں! بلکہ میرے پیر پر چیونٹی کاٹتی ہے۔ | لَا ! بَلْ اَلنَّمْلَةُ تَلْسَعُ فِي قَدَمِي |
| 4 | زید کے سر پر مکھی اُڑتی ہے۔ | اَلذُّبَابُ يَطِيْرُ فَوْقَ رَأسِ زَيْدٍ |
| 5 | خالد کے بازو پر مچھر کاٹتا ہے۔ | اَلْبَعُوْضُ يَلْسَعُ عَلٰى عَضُدِ خَالِدٍ . |
| 6 | حامد کی گردن پر چیونٹی کاٹتی ہے۔ | اَلنَّمْلَةُ تَلْسَعُ عَلٰى عُنُقِ حَامِدٍ . |
| 7 | کیا آپ کے گھر میں مور ہے؟ | هَلِ الطَّاؤُوْسُ فِي بَيْتِكَ؟ |

| | | |
|---|---|---|
| 8 | کیاچیونٹی خالد کے قدم کے نیچے چلتی ہے؟ | هَلِ النَّمْلَةُ تَمْشِي تَحْتَ قَدَمِ خَالِدٍ ؟ |
| 9 | جی نہیں! بلکہ چیونٹی خالد کے قدم کے اوپر چلتی ہے۔ | لَا! بَلِ النَّمْلَةُ تَمْشِي فَوْقَ قَدَمِ خَالِدٍ . |
| 10 | کیاکمرے میں مچھر ہے؟ | هَلِ الْبَعُوْضُ فِي الْغُرْفَةِ ؟ |
| 11 | جی ہاں! کمرے میں بہت سے مچھر ہیں۔ | نَعَم! فِي الْغُرْفَةِ بَعُوْضَاتٌ كَثِيْرَةٌ . |

## درس(۲۳)

## اَلأَعْدَادُ

## عدد معدود کا بیان

**نوٹ:** اسمائے عدد کا مکمل بیان ضروری اصطلاحات کے تحت درج ہے وہاں سے دیکھ لیں۔

| شمار | عبارت مع ترجمہ | عبارت مع ترجمہ |
|---|---|---|
| --- | **لِلْمُذَكَّرِ** مذکر کے لیے | **لِلْمُؤَنَّثِ** مؤنث کے لیے |
| 1 | وَاحِدٌ ایک | وَاحِدَةٌ . ایک |
| 2 | إِثْنَانِ . | إِثْنَتَانِ . |

| | دو۔ | دو۔ |
|---|---|---|
| 3 | ثَلَاثَةُ أَقْلَامٍ<br>تین قلم۔ | ثَلَاثُ كُرَّاسَاتٍ .<br>تین کاپیاں۔ |
| 4 | عَشَرَةُ أَقْلَامٍ .<br>دس قلم۔ | عَشَرُ كُرَّاسَاتٍ .<br>دس کاپیاں۔ |
| 5 | أَحَدَ عَشَرَ قَلَمًا .<br>گیارہ قلم۔ | إِحْدٰي عَشَرَةَ كُرَّاسَةً .<br>گیارہ کاپیاں۔ |
| 6 | إِثْنَا عَشَرَ قَلَمًا .<br>بارہ قلم۔ | إِثْنَتَا عَشَرَةَ كُرَّاسَةً .<br>بارہ کاپیاں۔ |
| 7 | ثَلَاثَةَ عَشَرَ قَلَمًا .<br>تیرہ قلم۔ | ثَلَاثَ عَشَرَةَ كُرَّاسَةً .<br>تیرہ کاپیاں۔ |
| 8 | تِسْعَةَ عَشَرَ قَلَمًا .<br>انیس قلم۔ | تِسْعَ عَشَرَةَ كُرَّاسَةً .<br>انیس کاپیاں۔ |
| 9 | أَحَدٌ وَّ عِشْرُوْنَ قَلَمًا .<br>اکیس قلم۔ | إِحْدٰي وَ عِشْرُوْنَ كُرَّاسَةً .<br>اکیس کاپیاں۔ |
| 10 | إِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ قَلَمًا .<br>بائیس قلم۔ | إِثْنَتَانِ وَعِشْرُوْنَ كُرَّاسَةً .<br>بائیس کاپیاں۔ |
| 11 | ثَلَاثَةٌ وَعِشْرُوْنَ قَلَمًا .<br>تیئیس قلم۔ | ثَلَاثٌ وَعِشْرُوْنَ كُرَّاسَةً .<br>تیئیس کاپیاں۔ |
| 12 | تِسْعَةٌ وَّعِشْرُوْنَ قَلَمًا .<br>انتیس قلم۔ | تِسْعٌ وَّ عِشْرُوْنَ كُرَّاسَةً .<br>انتیس کاپیاں۔ |
| 13 | عِشْرُوْنَ وَ ثَلَاثُوْنَ وَ اَرْبَعُوْنَ | بیس، تیس، چالیس، پچاس، ساٹھ |

| | | |
|---|---|---|
| | وَ خَمْسُوْنَ وَسِتُّوْنَ وَسَبْعُوْنَ وَثَمَانُوْنَ وَتِسْعُوْنَ قَلَمًا وَ كُرَّاسَةً . | ، ستّر، اسّی اور نوّے قلم یا کاپیاں۔ |
| 14 | مِائَةُ قَلَمٍ . سو قلم۔ | مَائَةُ كرّاسَةٍ . سو کاپیاں۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الثَّالِثِ وَالْعِشْرِيْنَ

| | |
|---|---|
| هَلْ عِنْدَكَ أَرْ بَعَةَ عَشَرَ كُرْسِيًّا ؟ کیا تمھارے پاس چودہ کرسیاں ہیں؟ | نَعَمْ ! عِنْدِي أَرْ بَعَةَ عَشَرَ كُرْسِيًّا . ہاں! میرے پاس چودہ کرسیاں ہیں۔ |
| كَمْ رُوْبِيَةً عِنْدَكَ ؟ تمھارے پاس کتنے روپے ہیں؟ | عِنْدِي سِتَّ عَشَرَةَ رُوْبِيَةً . میرے پاس سولہ روپے ہیں۔ |
| هَلْ عِنْدَ صَدِيْقِكَ ثَلَاثَةُ أَقْلَامٍ ؟ کیا تمھارے دوست کے پاس تین قلم ہیں؟ | لَا ! بَلْ عِنْدَ صَدِيْقِي سِتَّةُ أَقْلَامٍ . جی نہیں! بلکہ میرے دوست کے پاس چھ قلم ہیں۔ |
| إِنِّي رَأَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا . | بے شک میں نے گیارہ ستارے دیکھے ہیں۔ |
| كَمْ دِيْكًا عِنْدَكَ ؟ تمھارے پاس کتنے مرغ ہیں؟ | عِنْدِي إِثْنَا عَشَرَ دِيْكًا . میرے پاس بارہ مرغ ہیں۔ |
| كَمْ دَجَاجَةً عِنْدَكَ ؟ تمھارے پاس کتنی مرغیاں ہیں؟ | عِنْدِي إِثْنَتَا عَشَرَةَ دَجَاجَةً . میرے پاس بارہ مرغیاں ہیں۔ |
| كَمْ فَارًا فِي الْغُرْفَةِ؟ کمرے میں کتنے چوہے ہیں؟ | فِي الْغُرْفَةِ أَرْ بَعَةَ عَشَرَ فَارًا . کمرے میں چودہ چوہے ہیں۔ |
| كَمْ هِرَّةً فِي الْبَيْتِ؟ | فِي الْبَيْتِ عِشْرُوْنَ هِرَّةً . |

| | |
|---|---|
| گھر میں کتنی بلیاں ہیں؟ | گھر میں بیس بلیاں ہیں۔ |
| كَمْ تُفَّاحَةً فِي الشَّجَرَةِ ؟<br>درخت میں کتنے سیب ہیں؟ | فِي الشَّجَرَةِ إِحْدٰي وَّعِشْرُوْنَ تُفَّاحَةً<br>درخت میں اکیس سیب ہیں۔ |
| كَمْ شَجَرًا فِي الْحَدِيْقَةِ ؟<br>باغ میں کتنے درخت ہیں؟ | فِي الْحَدِيْقَةِ تِسْعَةٌ وَّ عِشْرُوْنَ شَجَرَةً<br>باغ میں انتیس درخت ہیں۔ |
| فِي الْحَدِيْقَةِ سَبْعُوْنَ طَيْرًا.<br>باغ میں ستر پرندے ہیں؟ | عَلَى الْجِدَارِ ثَمَانُونَ نَمْلَةً .<br>دیوار پر اسی چیونٹیاں ہیں۔ |
| عِنْدِي مِائَةُ كِتَابٍ وَعِنْدَ صَدِيْقِي مِائَةُ كُرَّاسَةٍ . | میرے پاس سو کتابیں اور میرے دوست کے پاس سو کاپیاں ہیں |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | یہ دو آدمی ہیں۔ | هٰذَانِ رَجُلَانِ . |
| 2 | یہ دو عورتیں ہیں۔ | هَاتَانِ اِمْرَأتَانِ . |
| 3 | کیا آپ کے پاس سولہ قلم ہیں؟ | هَلْ عِنْدَكَ سِتَّةَ عَشَرَ قَلَمًا . |
| 4 | جی نہیں! بلکہ میرے پاس سترہ قلم ہیں۔ | لَا! بَلْ عِنْدِي سَبْعَةَ عَشَرَ قَلَمًا . |
| 5 | اس کے دوست کے پاس انیس کاپیاں ہیں۔ | عِنْدَ صَدِيْقِهٖ تِسْعَ عَشَرَةَ كُرَّاسَةً ؟ |
| 6 | مدرسے میں چالیس طالب علم اور تیس طالبات ہیں۔ | فِي الْمَدْرَسَةِ أَرْبَعُوْنَ طَالِبًا وَثَلٰثُوْنَ طَالِبَةً . |

| | | |
|---|---|---|
| 7 | مسجد میں اکیس مرد ہیں۔ | فِي الْمَسْجِدِ أَحَدٌ وَعِشْرُوْنَ رَجُلًا . |
| 8 | باغ میں چھبّیس درخت ہیں۔ | فِي الْحَدِيْقَةِ سِتَّةٌ وَعِشْرُوْنَ شَجَرًا . |
| 9 | درخت میں سو سیب ہیں۔ | فِي الشَّجَرِ مِائَةُ تُفَّاحَةٍ . |
| 10 | اس کے پاس سو قلم ہیں۔ | عِنْدَهٗ مِائَةُ قَلَمٍ . |

## درس(۲۴)

# اِتِّحَادُ النَّمْلِ

**حل لغات** :تَجِدُ ،وہ پاتی ہے۔فعل مضارع معروف صیغہ واحد مونث غائب، ضرب (مادہ وَجَدَ مثال واوی)،قِطْعَةٌ ٹکڑا ،جمع قِطَعٌ. لَحْمٌ: گوشت، جمع مکسر لِحَامٌ۔تَسْتَطِيْعُ :تم طاقت رکھتے ہو،یا وہ طاقت رکھتی ہے ،فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر / واحد مؤنث غائب باب استفعال (مادہ طوع ،اجوف واوی) ۔حَمْلٌ :اٹھانا مصدر (ض)۔،جُحْرٌ:سوراخ،جمع مکسر اَجْحَارٌ وَجُحْرَةٌ ۔نَمْلٌ:چیونٹاں ،واحد نَمْلَةٌ ۔حَفْرٌ: کھودنا،مصدر (ض)۔تَشْتَرِكُ:وہ شریک ہوتی ہے ،فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب باب افتعال(مادہ شرک،صحیح)۔ تَخْتِمُ:وہ ختم کرتی ہے ،فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب باب ضرب(مادہ ختم صحیح)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | (۱)تَجِدُ النَّمْلَةُ الصَّغِيْرَةُ قِطْعَةَ | چھوٹی چیونٹی گوشت کا ٹکڑا پاتی ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | لَحْم | |
| 2 | قِطْعَةُ اللَّحْمِ كَبِيْرَةٌ . | گوشت کا ٹکڑا بڑا ہے۔ |
| 3 | اَلنَّمْلَةُ لَا تَسْتَطِيْعُ حَمْلَهَا . | چیونٹی اسے اٹھا نہیں سکتی ہے۔ |
| 4 | اَلنَّمْلَةُ تُرِيدُ حَمْلَ الْقِطْعَةِ إِلٰى بَيْتِهَا . | چیونٹی ٹکڑے کو اپنے گھر کی طرف اٹھا کر لینا چاہتی ہے۔ |
| 5 | تَذْهَبُ النَّمْلَةُ لِتُخْبِرَ نَمْلَةً أُخْرٰى . | چیونٹی جاتی ہے تاکہ دوسری چیونٹی کو خبر دے۔ |
| 6 | تَجِيءُ نَمْلَةٌ فَتَكُوْنَ نَمْلَتَانِ ثُمَّ أُخْرٰى فَتَكُوْنَ ثَلَاثُ نَمْلٍ . | ایک چیونٹی آتی ہے تو دو چیونٹیاں ہوجاتی ہیں پھر ایک دوسری آتی ہے تو تین چیونٹیاں ہوجاتی ہیں۔ |
| 7 | تَكْثُرُ النَّمْلُ . | چیونٹیاں زیادہ ہوجاتی ہیں۔ |
| 8 | اَلآنَ تَجْتَمِعُ النَّمْلُ فِي قِطَارٍ . | اب چیونٹیاں ایک لائن میں جمع ہوتی ہیں۔ |
| 9 | تَذْهَبُ النَّمْلُ إِلٰى قِطْعَةِ لَحْمٍ . | چیونٹیاں گوشت کے ٹکڑے کی طرف جاتی ہیں۔ |
| 10 | اَلنَّمْلُ تَجِيءُ بِالْقِطْعَةِ إِلٰى جُحْرِهَا . | چیونٹیاں ٹکڑے کو اپنے سوراخ کی طرف لے جاتی ہیں۔ |
| 11 | اَلنَّمْلُ تَأْكُلُ هٰذِهِ الْقِطْعَةَ مَعًا . | چیونٹیاں اس ٹکڑے کو ایک ساتھ کھاتی ہیں۔ |
| 12 | اَلِاتِّحَادُ قُوَّةٌ عَظِيمَةٌ . | اتحاد بڑی قوت ہے۔ |
| 13 | (۲)اَلنَّمْلَةُ تُرِيْدُ حَفْرَ الْجُحْرِ . | چیونٹی سوراخ کھودنا چاہتی ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 14 | اَلنَّمْلَةُ لَا تَسْتَطِيْعُ حَفْرَهَا . | چیونٹی اسے کھود نہیں سکتی ہے۔ |
| 15 | تُخْبِرُ النَّمْلَةُ أَخَوَاتِهَا . | چیونٹی اپنی بہنوں کو خبر دیتی ہے۔ |
| 16 | تَأْتِي نَمْلَةٌ أُخْرٰي وَتَشْتَرِكُ . | دوسری چیونٹی آتی ہے اور شریک ہوتی ہے۔ |
| 17 | تَجْتَمِعُ النَّمْلُ فِي الْمَيْدَانِ . | چیونٹیاں میدان میں جمع ہوتی ہیں۔ |
| 18 | تَكُوْنُ خَمْسَ عَشَرَةَ نَمْلَةً ،ثُمَّ سِتَّ عَشَرَةَ نَمْلَةً ،ثُمَّ سَبْعَ عَشَرَةَ نَمْلَةً ،ثُمَّ تِسْعَ عَشَرَةَ نَمْلَةً ،ثُمَّ عِشْرِيْنَ نَمْلَةً . | پندرہ چیونٹیاں ہوجاتی ہیں، پھر سولہ چیونٹیاں، پھر سترہ چیونٹیاں، پھر انیس چیونٹیاں، پھر بیس چیونٹیاں ہوجاتی ہیں۔ |
| 19 | عِشْرُوْنَ نَمْلَةً ،ثَلَاثُونَ نَمْلَةً ،أَرْبَعُوْنَ نَمْلَةً ،خَمْسُوْنَ نَمْلَةً ،سِتُّوْنَ نَمْلَةً ،سَبْعُوْنَ نَمْلَةً ،ثَمَانُوْنَ نَمْلَةً ،مِائَةُ نَمْلَةٍ . | بیس چیونٹیاں، تیس چیونٹیاں، چالیس چیونٹیاں، پچاس چیونٹیاں، ساٹھ چیونٹیاں، ستر چیونٹیاں، اسی چیونٹیاں سو چیونٹیاں ۔ |
| 20 | تَشْتَرِكُ النَّمْلُ فِي الْحَفْرِ . | چیونٹیاں کھودنے میں شریک ہوتی ہیں۔ |
| 21 | اَلنَّمْلَةُ تَحْمِلُ ذَرَّةً فِي فَمِهَا ،هٰكَذَا ذَرَّةً بَعْدَ ذَرَّةٍ . | چیونٹی اپنے منھ میں ایک ذرہ اٹھاتی ہے، اسی طرح ایک ذرہ کے بعد دوسرا ذرہ اٹھاتی ہے۔ |
| 22 | تَخْتِمُ النَّمْلُ عَمَلَهَا بِالسُّرْعَةِ . | چیونٹیاں تیزی سے اپنا کام ختم کرتی ہیں۔ |
| 23 | هٰذِهِ السُّرْعَةُ لِاتِّحَادِ النَّمْلِ . | یہ تیزی چیونٹیوں کے اتحاد کی وجہ |

| | | |
|---|---|---|
| | | سے ہے۔ |
| 24 | اَلِاتِّحَادُ قُوَّةٌ عَظِيْمَةٌ . | اتحاد بڑی قوت ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الرَّابِعِ وَالْعِشْرِيْنَ

| | |
|---|---|
| يَجِدُ زَيْدٌ قِطْعَةَ لَحْمٍ .<br>زید گوشت کا ٹکڑا پاتا ہے: | أَنْتَ تَجِدُ قِطْعَةَ لَحْمٍ .<br>آپ گوشت کا ٹکڑا پاتے ہیں۔ |
| أَنَا أَجِدُ قِطْعَةَ لَحْمٍ .<br>میں گوشت کا ٹکڑا پاتا ہوں | هَلْ أَنْتَ تَجِدُ قَلَمًا ؟<br>کیا آپ قلم پاتے ہیں۔ |
| نَعَم ! أَنَا أَجِدُ قَلَمًا . | جی ہاں ! میں قلم پاتا ہوں۔ |
| هَلْ هُوَ يَجِدُ قَلَمًا ؟<br>کیا وہ ایک قلم پاتا ہے | نَعَم ! هُوَ يَجِدُ قَلَمًا .<br>جی ہاں ! وہ ایک قلم پاتا ہے۔ |
| هَلْ تَسْتَطِيْعُ حَمْلَ كُرَّاسَةٍ ؟<br>کیا تم کاپی اٹھا سکتے ہو | نَعَم ! أَسْتَطِيْعُ حَمْلَ كُرَّاسَةٍ .<br>جی ہاں ! میں کاپی اٹھا سکتا ہوں۔ |
| هَلْ هُوَ يَسْتَطِيْعُ حَمْلَ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ كُرَّاسَةً ؟<br>کیا وہ ننانوے کاپیاں اٹھا سکتا ہے | هُوَ لَا يَسْتَطِيْعُ حَمْلَ تِسْعٍ وَّ تِسْعِيْنَ كُرَّاسَةً .<br>وہ ننانوے کاپیاں نہیں اٹھا سکتا ہے۔ |
| كَمْ كِتَابًا تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَحْمِلَ ؟<br>تم کتنی کتابیں اٹھا سکتے ہو | أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَحْمِلَ خَمْسَةَ عَشَرَ كِتَابًا .<br>میں پندرہ کتابیں اٹھا سکتا ہوں۔ |
| هَلْ يَسْتَطِيْعُ الطِّفْلُ أَنْ يَحْمِلَ سَبْعَ | نَعَمْ ! يَسْتَطِيْعُ الطِّفْلُ أَنْ يَحْمِلَ سَبْعَ |

| | |
|---|---|
| عَشَرَةَ تُفَّاحَةً ؟<br>کیابچہ سترہ سیب اٹھاسکتا ہے | عَشَرَةَ تُفَّاحَةً .<br>جی ہاں! بچہ سترہ سیب اٹھاسکتا ہے۔ |
| هَلْ تَسْتَطِيْعُ النَّمْلَةُ أَنْ تَحْمِلَ قِطْعَةَ لَحْمٍ ؟ | کیاچیٹیاں گوشت کا ٹکڑا اٹھاسکتی ہیں۔ |
| هَلْ تَسْتَطِيْعُ خَمْسُ عَشَرَةَ نَمْلَةً أَنْ تَحْمِلَهَا ؟ | کیاپندرہ چیونٹیاں گوشت کے ٹکڑے کواٹھا سکتی ہیں۔ |
| هَلْ تَسْتَطِيْعُ نَمْلَةٌ وَاحِدَةٌ أَنْ تَحْفِرَ جُحْرَهَا؟<br>کیاایک چیونٹی اپناسوراخ کھودسکتی ہے؟ | لَا تَسْتَطِيْعُ النَّمْلَةُ الْوَاحِدَةُ أَنْ تَحْفِرَ جُحْرَهَا .<br>ایک چیونٹی اپناسوراخ نہیں کھودسکتی ہے۔ |
| هَلْ اَنْتَ تَشْتَرِكُ فِي اَلْعَمَلِ مَعَ اَخِيْكَ ؟<br>کیاآپ اپنے بھائی کے ساتھ کام میں شریک ہوتے ہو؟ | نَعَمْ: اَنَا اَشْتَرِكُ فِي اَلْعَمَلِ مَعَ اَخِي<br>جی ہاں! میں اپنے بھائی کے ساتھ کام میں شریک ہوتاہوں ۔ |
| هَلْ زَيْدٌ يَشْتَرِكُ فِي اَلْعَمَلِ مَعَكَ ؟<br>کیازید تمھارے ساتھ کام میں شریک ہوتا ہے؟ | نَعَمْ :زَيْدٌ يَشْتَرِكُ فِي اَلْعَمَلِ مَعِيَ<br>جی ہاں! زید میرے ساتھ کام میں شریک ہوتاہے۔ |
| هَلْ تَخْتِمُ عَمَلَكَ قَبْلَ اَللَّيْلِ ؟<br>کیاتم اپنے کام کورات سے پہلے ختم کردیتے ہو؟ | اَخْتِمُ عَمَلِي قَبْلَ اَللَّيْلِ<br>میں اپنے کام کورات سے پہلے ختم کردیتا ہوں۔ |
| هَلْ حَمِيْدٌ يَخْتِمُ عَمَلَهُ قَبْلَ اَللَّيْلِ ؟<br>کیاحمیداپنے کام کورات سے پہلے ختم کردیتا | نَعَمْ : حَمِيْدٌ يَخْتِمُ عَمَلَهُ قَبْلَ اَللَّيْلِ<br>جی ہاں! حمیداپنے کام کورات سے پہلے ختم |

| | |
|---|---|
| ہے؟ | کردیتا ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | ایک چیونٹی گوشت کا ٹکڑا نہیں اٹھا سکتی۔ | لاَ تَسْتَطِيْعُ نَمْلَةٌ وَاحِدَةٌ قِطْعَةَ لَحْم |
| 2 | ۱۸ چیونٹیاں گوشت کا ٹکڑا اٹھا سکتی ہیں۔ | تَسْتَطِيْعُ ثَمَانِيَ عَشَرَةَ نَمْلَةً أَنْ تَحْمِلَ قِطْعَةَ لَحْمٍ. |
| 3 | تم کتنی کتابیں اٹھا سکتے ہو؟ | كَمْ كِتَاباً تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَحْمِلَ؟ |
| 4 | میں پندرہ کتابیں اٹھا سکتا ہوں۔ | اَسْتَطِيْعُ أَنْ أَحْمِلَ خَمْسَةَ عَشَرَ كِتَاباً. |
| 5 | کیا بچہ ۲۱ کتابیں اٹھا سکتا ہے؟ | هَلْ يَسْتَطِيْعُ الطِّفْلُ اَنْ يَّحْمِلَ اَحَدَ وَّ عِشْرِيْنَ كِتَابًا؟ |
| 6 | جی نہیں! بچہ ۱۰ کتابیں اٹھا سکتا ہے | لَا !يَسْتَطِيْعُ الطِّفلُ اَنْ يَّحْمِلَ عَشَرَةَ كُتُبٍ |
| 7 | کیا ۷۰ چیونٹیاں اپنا سوراخ کھود سکتی ہیں ؟ | هَلْ تَسْتَطِيْعُ سَبْعُوْنَ نَمْلَةً اَنْ تَحفِرَ جُحْرَهَا ؟ |
| 8 | جی ہاں! ۷۰ چیونٹیاں اپنا سوراخ کھود سکتی ہیں۔ | نَعَمْ !تَسْتَطِيْعُ سَبْعُوْنَ نَمْلَةً اَنْ تَحْفِرَ جُحْرَهَا |
| 9 | کیا تم زید کے ساتھ کام میں شریک | هَلْ اَنْتَ تَشْتَرِكُ فِي الْعَمَلِ مَعَ |

| | | |
|---|---|---|
| | ہوتے ہو | زَيْدٍ؟ |
| 10 | جی ہاں! میں زید کے کام میں شریک ہوتا ہوں۔ | نَعَمْ ! اَنَا اَشْتَرِكُ فِي الْعَمَلِ مَعَ زَيْدٍ. |
| 11 | اتحاد بڑی قوت ہے۔ | اَلْإِتِّحَادُ قُوَّةٌ عَظِيْمَةٌ. |

## درس(۲۵)

**حل لغات**: قَصَّابٌ: قصائی۔ يَشْتَرِي: وہ خریدتا ہے، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب افتعال (مادہ شری، ناقص یائی)۔ يَبِيْعُ: وہ بیچتا ہے، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب، باب ضرب (مادہ بیع، اجوف یائی)۔ كَبِدٌ: کلیجی، جمع مکسر اَكْبَادٌ۔ تَطْبَخُ: وہ پکاتی ہے، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب باب فتح (مادہ طبخ، صحیح)۔ لِمَ: کیوں؟ بِكَمْ: کتنے میں؟ أَسأَلُ: میں پوچھتا ہوں، فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم باب فتح (مادہ سأل، مہموز عین)۔ يَقُوْلُ: وہ کہتا ہے، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب نصر (مادہ قول، اجوف واوی)۔ غَالٍ: مہنگا، اسم فاعل صیغہ واحد مذکر، باب نصر (مادہ غلی، ناقص یائی)۔ رَخِيْصٌ: سستا۔ أَيْوَهْ: بخدا۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | اَلْقَصَّابُ قَاعِدٌ عَلٰى دُكَّانِهٖ. | قصائی اپنی دکان پر بیٹھتا ہے۔ |
| 2 | اَلْقَصَّابُ يَبِيْعُ اللَّحْمَ. | قصائی گوشت بیچتا ہے۔ |
| 3 | أَنَا أَذْهَبُ إِلٰى دُكَّانِ الْقَصَّابِ. | میں قصائی کی دکان پر جاتا ہوں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 4 | لِمَ تَذْهَبُ إِلىٰ دُكَّانِ الْقَصَّابِ ؟ | تم قصائی کی دکان پر کیوں جاتے ہو؟ |
| 5 | أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ اللَّحْمَ . | میں گوشت خریدنا چاہتا ہوں۔ |
| 6 | هَلْ تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِيَ لَحْمَ الْبَقَرَةِ ؟ | کیا تم گائے کا گوشت خریدنا چاہتے ہو؟ |
| 7 | لَا ! بَلْ أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ لَحْمَ الشَّاةِ. | جی نہیں! بلکہ بکری کا گوشت خریدنا چاہتا ہوں۔ |
| 8 | هَلْ لَحْمُ الشَّاةِ لَذِيْذٌ؟ | کیا بکری کا گوشت مزیدار ہے؟ |
| 9 | نَعَمْ ! لَحْمُ الشَّاةِ لَذِيْذٌ . | جی ہاں! بکری کا گوشت مزیدار ہے۔ |
| 10 | أَنَا آتِي عَلىٰ دُكَّانِ الْقَصَّابِ . | میں قصائی کی دکان پر آتا ہوں۔ |
| 11 | أَنَا أَسأَلُ مِنَ الْقَصَّابِ . | میں قصائی سے پوچھتا ہوں۔ |
| 12 | بِكَمْ تَبِيْعُ الْكَبِدَ ؟ | کلیجی تم کتنے میں بیچتے ہو؟ |
| 13 | اَلْقَصَّابُ يَقُوْلُ أَبِيْعُ بِرُوْبِيَةٍ وَّ نِصْفٍ يَاسَيِّدِي ! | قصائی کہتا ہے: اے میرے آقا! میں ڈیڑھ روپیے میں بیچتا ہوں۔ |
| 14 | أَنَا أَقُوْلُ : أَيْوَهْ ! هٰذَا غَالٍ . | میں کہتا ہوں: بخدا! یہ مہنگی ہے |
| 15 | اَلْقَصَّابُ يَقُوْلُ لَا ! بَلْ هٰذَا رَخِيْصٌ يَاسَيِّدِي ! | قصائی کہتا ہے: جی نہیں! بلکہ یہ سستی ہے اے میرے آقا! |
| 16 | أَنَا آخُذُ الْكَبِدَ . | میں کلیجی لیتا ہوں۔ |
| 17 | أَنَا أُعْطِي الْقَصَّابَ رُوْبِيَةً وَّ نِصْفًا . | میں قصائی کو ڈیڑھ روپیہ دیتا ہوں۔ |
| 18 | أَنَا أَرْجِعُ إِلىٰ أُمِّي . | میں اپنی ماں کی طرف واپس لوٹتا |

| | | |
|---|---|---|
| | | ہوں۔ |
| 19 | أُمِّي تَقُوْلُ :مَا هٰذَا يَا بُنَيَّ ؟ | میری ماں کہتی ہے !یہ کیا ہے اے میرے پیارے بیٹے ! |
| 20 | هٰذَا كَبِدٌ أَنَا أَقُوْلُ . | میں کہتا ہوں: یہ کلیجی ہے۔ |
| 21 | أُمِّي تَقُوْلُ:بِكَمْ اِشْتَرَيْتَ ؟ | میری ماں کہتی ہے:تم نے کتنے میں خریدی! |
| 22 | أَقُوْلُ:اِشْتَرَيْتُ بِرُوْبِيَةٍ وَّ نِصْفٍ. | میں کہتا ہوں:میں نے ڈیڑھ روپیے میں خریدی ہے۔ |
| 23 | تَقُوْلُ أُمِّي :أَيْوَهْ! هٰذَا غَالٍ يَابُنَيَّ ! | میری ماں کہتی ہے:بخدا!یہ مہنگا ہے اے میرے پیارے بیٹے! |
| 24 | أَنَا أَرْجِعُ إِلٰى دُكَّانِ الْقَصَّابِ . | میں قصائی کی دکان کی طرف واپس لوٹتا ہوں۔ |
| 25 | أَنا أَقُوْلُ لِلقَّصَّابِ : | میں قصائی سے کہتا ہوں۔ |
| 26 | خُذْ كَبِدَكَ وَأَعْطِنِي ثَمَنِي . | اپنی کلجی لو اور مجھے میری قیمت واپس دو۔ |
| 27 | اَلْقَصَّابُ لَا يَأْخُذُ الْكَبِدَ . | قصائی کلیجی نہیں لیتا ہے۔ |
| 28 | بَلْ يُعْطِيْنِي نِصْفَ رُوْبِيَةٍ وَ يَقُوْلُ: | بلکہ مجھے پچاس پیسے دیدیتا ہے اور کہتا ہے: |
| 29 | خُذْ مَا اَعْطَيْتُكَ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ . | جو میں تمہیں دیتا ہوں لے لو اور شکر کرنے والوں میں سے ہوجاؤ۔ |
| 30 | أَنَا أَرْجِعُ إِلٰى أُمِّي . | میں اپنی ماں کی طرف لوٹتا ہوں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 31 | أُمِيّ تَطْبَخُ الطَّعَامَ . | میری ماں کلیجی پکاتی ہے۔ |
| 32 | أَنَا آكُلُ الْكَبِدَ . | میں کلیجی کھاتا ہوں۔ |
| 33 | هَلْ أَنْتَ تَأْكُلُ ؟ | کیا تم کھاتے ہو؟ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الخَامِسِ وَالْعِشْرِيْنَ

| | |
|---|---|
| أَيْنَ الْقَصَّابُ ؟<br>قصائی کہاں ہے؟ | اَلْقَصَّابُ قَاعِدٌ عَلٰى دُكَّانِهٖ .<br>قصائی اپنی دکان پر بیٹھا ہے۔ |
| أَيْنَ تَذْهَبُ ؟<br>تم کہاں جاتے ہو؟ | أَنَا أَذْهَبُ إِلٰى دُكَّانِ الْقَصَّابِ .<br>میں قصائی کی دکان پر جاتا ہوں۔ |
| أَيْنَ يَذْهَبُ زَيْدٌ؟<br>زید کہاں جاتا ہے؟ | يَذْهَبُ زَيْدٌ إِلٰى دُكَّانِ الْقَصَّابِ .<br>زید قصائی کی دکان پر جاتا ہے۔ |
| أَيْنَ يَذْهَبُ صَدِيْقُكَ؟<br>تمھارا دوست کہاں جاتا ہے؟ | يَذْهَبُ صَدِيْقِي إِلٰى دُكَّانِ الْقَصَّابِ<br>میرا دوست قصائی کی دکان پر جاتا ہے۔ |
| مَا تَسأَلُ مِنْ زَيْدٍ ؟<br>تم زید سے کیا پوچھتے ہو؟ | أَسَأَلُ مِنْ زَيْدٍ هَلْ لَحْمُ الشَّاةِ لَذِيْذٌ؟<br>میں زید سے پوچھتا ہوں کیا بکری کا گوشت مزیدار ہے۔ |
| مَا يَقُوْلُ زَيْدٌ؟<br>زید کیا کہتا ہے؟ | زَيْدٌ يَقُوْلُ :لَحْمُ الشَّاةِ لَذِيْذٌ يَا صَدِيْقِي !<br>زید کہتا ہے: بکری کا گوشت مزیدار ہے اے |

| | |
|---|---|
| | میرے دوست! |
| مَا تَشْتَرِي ؟<br>تم کیا خریدتے ہو؟ | أَنَا أَشْتَرِي الْكَبِدَ .<br>میں کلیجی خریدتا ہوں۔ |
| هَلْ أَنْتَ تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِيَ الْكَبِدَ؟<br>کیا تم کلیجی خریدنا چاہتے ہو؟ | نَعَم ! أَنَا أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ الْكَبِدَ .<br>ہاں! میں کلیجی خریدنا چاہتا ہوں۔ |
| مَا تَسَأَلُ مِنَ الْقَصَّابِ ؟<br>تم قصائی سے کیا پوچھتے ہو؟ | أَنَا أَسَأَلُ مِنَ الْقَصَّابِ: بِكَمْ تَبِيْعُ الْكَبِدَ ؟<br>میں قصائی سے پوچھتا ہوں: تم کلیجی کتنے میں بیچتے ہو۔ |
| هَلِ الْكَبِدُ رَخِيْصٌ ؟<br>کیا کلیجی سستی ہے؟ | لَا ! بَلِ الْكَبِدُ غَالٍ .<br>جی نہیں! بلکہ کلیجی مہنگی ہے۔ |
| قُلْ لِصَدِيْقِكَ أَنْتَ تَذْهَبُ إِلىٰ دُكَّانِ الْقَصَّابِ .إِلىٰ آخِرِ الْقِصَّةِ. | اپنے دوست سے کہیں: آپ قصائی کی دکان پر جاتے ہیں۔ اسی طرح آخر قصہ تک سوال وجواب کریں۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | میرا دوست قصائی کی دکان پر جاتا ہے؟ | يَذْهَبُ صَدِيْقِي إِلىٰ دُكَّانِ الْقَصَّابِ . |
| 2 | وہ گوشت خریدتا ہے۔ | هُوَ يَشْتَرِي اللَّحْمَ . |
| 3 | تم بکری کا گوشت خریدتے ہو؟ | أَنْتَ تَشْتَرِي لَحْمَ الشَّاةِ؟ |
| 4 | کیا تم گائے کا گوشت خریدتے ہو؟ | هَلْ أَنْتَ تَشْتَرِي لَحْمَ الْبَقَرَةِ ؟ |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | جی ہاں! میں گائے کا گوشت خریدتا ہوں۔ | نَعَمْ! أَنَا أَشْتَرِي لَحْمَ الْبَقَرَةِ. |
| 6 | کیا گائے کا گوشت مزیدار ہے؟ | هَلْ لَحْمُ الْبَقَرَةِ لَذِيْذٌ؟ |
| 7 | جی ہاں! گائے کا گوشت مزیدار ہے؟ | نَعَمْ! لَحْمُ الْبَقَرَةِ لَذِيْذٌ. |
| 8 | کیا بکری کا گوشت سستا ہے؟ | هَلْ لَحْمُ الشَّاةِ رَخِيْصٌ؟ |
| 9 | جی نہیں! بلکہ بکری کا گوشت مہنگا ہے۔ | لَا! بَلْ لَحْمُ الشَّاةِ غَالٍ. |
| 10 | کیا گائے کا گوشت سستا ہے؟ | هَلْ لَحْمُ الْبَقَرَةِ رَخِيْصٌ؟ |
| 11 | جی ہاں! گائے کا گوشت سستا ہے۔ | نَعَمْ! لَحْمُ الْبَقَرَةِ رَخِيْصٌ. |
| 12 | زید کا دوست گائے کا گوشت خریدتا ہے۔ | صَدِيْقُ زَيْدٍ يَشْتَرِي لَحْمَ الْبَقَرَةِ. |

## درس(۲۶)

**حل لغات:** شَاطِئُ النَّهْرِ: نہر کا کنارہ، جمع منتہی الجموع شَوَاطِي، جمع مکسر اَنْهَارٌ۔ تِمْسَاحٌ: مگرمچھ، جمع مکسر تَمَاسِيْحُ۔ شَبَكَةٌ: جال، جمع مؤنث سالم شَبَكَاتٌ۔ يَصْطَادُ: وہ شکار کرتا ہے، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب، باب افتعال (مادہ صید، اجوف یائی)۔ سَمَكَةٌ، مچھلی، جمع مکسر سِمَاكٌ۔ يَرْمِيْ، وہ پھینکتا ہے۔ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب ضرب، مادہ رمی، ناقص یائی۔ يَفْرَحُ، وہ خوش ہوتا ہے۔ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب فتح، (مادہ فرح صحیح)۔ تَتَعَلَّقُ، وہ

پھنس جاتی ہے فعل مضارع معروف واحد مونث غائب باب تفعل ،مادہ علق صحیح ۔یَا أَسَفٰی افسوس۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | أَذْهَبُ إِلٰى شَاطِئِ النَّهْرِ . | میں نہر کے کنارے پر جاتا ہوں۔ |
| 2 | وَصَدِيْقِي يَذْهَبُ مَعِي . | اور میرا دوست میرے ساتھ جاتا ہے۔ |
| 3 | نَحْنُ نَأْتِي عَلٰى شَاطِئِ النَّهْرِ . | ہم نہر کے کنارے پر آتے ہیں۔ |
| 4 | فِي النَّهْرِ سِمَاكٌ كَثِيْرَةٌ . | نہر میں بہت سی مچھلیاں ہیں۔ |
| 5 | صَدِيْقِي يُرِيْدُ أَنْ يَصْطَادَ . | میرا دوست شکار کرنا چاہتا ہے۔ |
| 6 | هُوَ يَرْمِي الشَّبَكَةَ فِي النَّهْرِ . | وہ جال نہر میں پھینکتا ہے۔ |
| 7 | اَلآنَ هُوَ يُخْرِجُ الشَّبَكَةَ . | اب وہ جال نکالتا ہے۔ |
| 8 | تَتَعَلَّقُ فِي الشَّبَكَةِ سَمَكَةٌ كَبِيْرَةٌ . | جال میں ایک بڑی مچھلی پھنستی ہے۔ |
| 9 | صَدِيْقِي يَفْرَحُ كَثِيْرًا . | میرا دوست بہت خوش ہوتا ہے۔ |
| 10 | وَأَنَا أَفْرَحُ مَعَهٗ . | اور میں بھی اس کے ساتھ خوش ہوتا ہوں۔ |
| 11 | ثُمَّ أَرْمِي الشَّبَكَةَ بَعْدَ سَاعَةٍ . | پھر تھوڑی دیر بعد میں جال پھینکتا ہوں۔ |
| 12 | يَتَعَلَّقُ فِي الشَّبَكَةِ شَيْءٌ . | جال میں کوئی چیز پھنستی ہے۔ |
| 13 | أَنَا أَفْرَحُ . | میں خوش ہوتا ہوں۔ |
| 14 | أَنَا أُخْرِجُ الشَّبَكَةَ . | میں جال نکالتا ہوں۔ |
| 15 | يَا أَسَفٰى ! هٰذَا تِمْسَاحٌ . | افسوس! یہ مگرمچھ ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 16 | أَنَا أَصْطَادُ التِّمْسَاحَ . | میں مگرمچھ کا شکار کرتا ہوں۔ |
| 17 | وَصِدِيْقِي يَصْطَادُ السَّمَكَ . | اور میرا دوست مچھلی کا شکار کرتا ہے۔ |
| 18 | أَنَا أَرْمِي الشَّبَكَةَ مَرَّةً بَعْدَ أُخْرٰى . | میں دوسری بار جال پھینکتا ہوں۔ |
| 19 | ثُمَّ أُخْرِجُهَا . | پھر اسے نکالتا ہوں۔ |
| 20 | اَلآنَ تَتَعَلَّقُ سَمَكَةٌ صَغِيْرَةٌ . | اب ایک چھوٹی مچھلی پھنستی ہے۔ |
| 21 | أَنَا أَرْمِي السَّمَكَةَ فِي النَّهْرِ . | میں مچھلی کو نہر میں پھینک دیتا ہوں۔ |
| 22 | أَنَا أَرْجِعُ إِلٰى بَيْتِي . | میں گھر کی طرف واپس ہوتا ہوں۔ |
| 23 | وَصِدِيْقِي يَرْجِعُ مَعِيَ إِلٰى بَيْتِهٖ . | اور میرا دوست میرے ساتھ اپنے گھر کی طرف واپس ہوتا ہے۔ |
| 24 | صَدِيْقِي يَأْكُلُ السَّمَكَةَ وَأَنَا آكُلُ السَّمَكَةَ مَعَهٗ . | میرا دوست مچھلی کھاتا ہے اور میں اس کے ساتھ مچھلی کھاتا ہوں۔ |
| 25 | صَدِيْقِي يَقُوْلُ: هَلِ السَّمَكَةُ لَذِيْذَةٌ ؟ | میرا دوست کہتا ہے: کیا مچھلی مزیدار ہے۔ |
| 26 | أَنَا أَقُوْلُ لَهٗ: نَعَمْ ! اَلسَّمَكَةُ لَذِيْذَةٌ . | میں اس سے کہتا ہوں: جی ہاں! مچھلی مزیدار ہے۔ |
| 27 | يَقْعُدُ صَدِيْقِي حَوْلَ النَّهْرِ . | میرا دوست نہر کے کنارے بیٹھتا ہے۔ |
| 28 | وَأَنَا أَقْعُدُ مَعَهٗ . | اور میں اس کے ساتھ بیٹھتا ہوں۔۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ السَّادِسِ وَالْعِشْرِيْنَ

| | |
|---|---|
| زَيْدٌ يَصْطَادُ .<br>زید شکار کرتا ہے۔ | أَنْتَ تَصْطَادُ .<br>تم شکار کرتے ہو؟ |
| أَنَا أَصْطَادُ .<br>میں شکار کرتا ہوں۔ | نَحْنُ نَصْطَادُ .<br>ہم شکار کرتے ہیں۔ |
| خَالِدٌ يَرْمِي الشَّبَكَةَ .<br>خالد جال پھینکتا ہے۔ | أَنَا أَرْمِي الشَّبَكَةَ .<br>میں جال پھینکتا ہوں۔ |
| أَنْتَ تَرْمِي الشَّبَكَةَ .<br>تم جال پھینکتے ہو؟ | سَعِيْدٌ يُخْرِجُ الشَّبَكَةَ .<br>سعید جال نکالتا ہے۔ |
| أَنْتَ تُخْرِجُ الشَّبَكَةَ .<br>تم جال نکالتے ہو۔ | أَنَا أُخْرِجُ الشَّبَكَةَ .<br>میں جال نکالتا ہوں۔ |
| هٰذَا تِمْسَاحٌ .<br>یہ مگرمچھ ہے۔ | اَلتِّمْسَاحُ كَبِيْرٌ .<br>مگرمچھ بڑا ہے۔ |
| اَلطِّفْلُ كَبِيْرٌ .<br>بچہ بڑا ہے۔ | اَلطِّفْلُ يَفْرَحُ .<br>بچہ خوش ہوتا ہے۔ |
| صَدِيْقِي يَفْرَحُ .<br>میرا دوست خوش ہوتا ہے۔ | أَنْتَ تَفْرَحُ .<br>تم خوش ہوتے ہو۔ |
| أَنَا أَفْرَحُ .<br>میں خوش ہوتا ہوں۔ | نَحْنُ نَفْرَحُ .<br>ہم خوش ہوتے ہیں۔ |
| هَلْ أَنْتَ تَصْطَادُ السَّمَكَةَ ؟<br>کیا تم مچھلی کا شکار کرتے ہو؟ | نَعَمْ ! أَنَا أَصْطَادُ السَّمَكَةَ .<br>ہاں میں مچھلی کا شکار کرتا ہوں۔ |
| هَلْ أَنْتَ تَأْكُلُ السَّمَكَةَ ؟ | نَعَمْ ! أَنَا آكُلُ السَّمَكَةَ . |

| | |
|---|---|
| کیاتم مچھلی کھاتے ہو؟ | ہاں! میں مچھلی کھاتا ہوں۔ |
| هَلِ السَّمَكَةُ لَذِيْذَةٌ؟<br>کیامچھلی مزیدار ہے؟ | نَعَمْ! اَلسَّمَكَةُ لَذِيْذَةٌ.<br>ہاں! مچھلی مزیدار ہے۔ |
| هَلْ صَدِيْقُكَ يَأكُلُ السَّمَكَةَ؟<br>کیاتمھارادوست مچھلی کھاتا ہے؟ | لَا! صَدِيْقِي لَا يَأكُلُ السَّمَكَةَ.<br>نہیں! میرادوست مچھلی نہیں کھاتا ہے۔ |

## اردوسے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | میں اپناجال پانی میں پھینکتا ہوں۔ | أَنَا أَرْمِي الشَّبَكَةَ فِي الْمَاءِ. |
| 2 | کیاخالداپناجال پانی سے نکالتا ہے؟ | هَلْ يُخْرِجُ خَالِدٌ شَبَكَتَهُ مِنَ الْمَاءِ؟ |
| 3 | جی ہاں! خالداپناجال پانی سے نکالتا ہے۔ | نَعَمْ! يُخْرِجُ خَالِدٌ شَبَكَتَهُ مِنَ الْمَاءِ. |
| 4 | کیاتم خوش ہوتے ہو؟ | هَلْ أَنْتَ تَفْرَحُ؟ |
| 5 | جی ہاں! میں خوش ہوتا ہوں۔ | نَعَمْ! أَنَا أَفْرَحُ. |
| 6 | طارق مچھلی کھاتا ہے۔ | طَارِقٌ يَأكُلُ السَّمَكَةَ. |
| 7 | زہرہ مچھلی کھاتی ہے۔ | زَهْرَةُ تَأكُلُ السَّمَكَةَ. |
| 8 | کیاآپ مچھلی کھاتے ہیں؟ | هَلْ أَنْتَ تَأكُلُ السَّمَكَةَ؟ |
| 9 | کیاتم نہر کے کنارے پر جاتے ہو؟ | هَلْ أَنْتَ تَذْهَبُ إِلىٰ شَاطِئِ النَّهْرِ؟ |

| | | |
|---|---|---|
| 10 | جی نہیں! میں نہر کے کنارے پر نہیں جاتا۔ | لَا! لَا أَذْهَبُ إِلٰى شَاطِئِ النَّهْرِ . |
| 11 | کیا تمھارے جال میں مچھلی پھنستی ہے؟ | هَلْ تَتَعَلَّقُ السَّمَكَةُ فِي شَبَكَتِكَ . |
| 12 | جی نہیں! میرے جال میں مگر مچھ پھستا ہے۔ | لَا! يَتَعَلَّقُ تِمْسَاحٌ فِي شَبَكَتِي . |

## درس(۲۷)

**حل لغات:** يُدَرِّسُ وہ پڑھاتا ہے۔فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب، باب تفعیل، (مادہ درس صحیح)۔طَيِّبَةٌ ،اچھا، جمع سالم طيّبات، مُجْتَهِدٌ، محنتی، اسم فاعل واحد مذکر باب افتعال، (مادہ جهد صحیح)۔يَحْفَظُ ، وہ یاد کرتا ہے۔فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب، باب فتح مادہ صحیح۔غُرْفَةُ الْإِنْتِظَارِ ،کمرہ انتظار۔يَتَعَلَّمُ ،وہ پڑھتا ہے ۔فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب، باب تفعّل مادہ علم صحیح۔آخَرُ، دوسرا۔جمع مکسر أُخْرىٰ۔يَسْتَأْذِنُ وہ اجازت چاہتا ہے، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب، باب استفعال (،مادہ اذن مہموز فاء۔)

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | هٰذِهِ مَدْرَسَتُنَا نَتَعَلَّمُ فِيْهَا . | یہ ہمارا مدرسہ ہے ہم اس میں پڑھتے ہیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 2 | اَلْأُسْتَاذُ قَرِيْبٌ مِنَ السَّبُّوْرَةِ . | استاذ تختہ سیاہ سے قریب ہیں۔ |
| 3 | اَلْأُسْتَاذُ يَكْتُبُ عَلَى السَّبُّوْرَةِ . | استاذ تختہ سیاہ پر لکھتا ہے۔ |
| 4 | اَلْأُسْتَاذُ يَقُوْلُ لِسَعِيْدٍ . | استاذ سعید سے کہتے ہیں۔ |
| 5 | إِقْرَأْ يَا سَعِيْدُ ! | اے سعید! پڑھ۔ |
| 6 | ما أَكْتُبُ. | جو میں لکھتا ہوں۔ |
| 7 | سَعِيْدٌ يَقْرَءُ . | سعید پڑھتا ہے۔ |
| 8 | اَللّٰهُ وَاحِدٌ وَمُحَمَّدٌ رَسُوْلُهُ . | اللہ ایک ہے اور محمد اس کے رسول ہیں۔ |
| 9 | يَقُوْلُ الْأُسْتَاذُ . | استاذ کہتے ہیں۔ |
| 10 | طَيِّبٌ . | اچھا۔ |
| 11 | ثُمَّ يَكْتُبُ الْأُسْتَاذُ شَيْئًا . | پھر استاذ کچھ لکھتے ہیں۔ |
| 12 | يَقُوْلُ الْأُسْتَاذُ لِطَارِقٍ : | استاذ طارق سے کہتے ہیں۔ |
| 13 | إِقْرَءْ يَا طَارِقُ ! | اے طارق! پڑھ۔ |
| 14 | مَا أَكْتُبُ . | جو میں لکھتا ہوں۔ |
| 15 | طَارِقٌ لَا يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَقْرَءَ . | طارق پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے۔ |
| 16 | لٰكِنْ عَتِيْقٌ يَقُوْمُ مِنْ مَكَانِهِ . | لیکن عتیق اپنی جگہ سے کھڑا ہوتا ہے۔ |
| 17 | وَ يَسْتَأْذِنُ الْأُسْتَاذَ . | اور استاذ سے اجازت چاہتا ہے۔ |
| 18 | اَلْاٰنَ يَقْرَءُ عَتِيْقٌ . | ابھی عتیق پڑھتا ہے۔ |
| 19 | يَقْرَءُ عَتِيْقٌ صَحِيْحًا . | عتیق صحیح پڑھتا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 20 | يَقُوْلُ الْأُسْتَاذُ . | استاذ کہتے ہیں۔ |
| 21 | أَنْتَ تِلْمِيْذٌ مُجْتَهِدٌ . | تم محنتی شاگرد ہو۔ |
| 22 | أَنْتَ تَحْفَظُ دَرْسَكَ كُلَّ يَوْمٍ . | تم ہر دن اپنا سبق یاد کرتے ہو۔ |
| 23 | أَلْأُسْتَاذُ يَقُوْلُ لِتَلَا مِيْذِهٖ. | استاذ اپنے طلبہ سے کہتے ہیں۔ |
| 24 | إِحْفَظُوْا دَرْسَكُمْ كُلَّ يَوْمٍ ، | تم ہر دن اپنا سبق یاد کرو۔ |
| 25 | ثُمَّ يَذْهَبُ الْأُسْتَاذُ إِلَى غُرْفَةِ الْإِنْتِظَار . | پھر استاد کمرہ انتظار کی طرف جاتے ہیں۔ |
| 26 | ثُمَّ يَأْتِيْ أُسْتَاذٌ اٰخَرُ . | پھر دوسرے استاد آتے ہیں۔ |
| 27 | هٰذَا الْأُسْتَاذُ يُدَرِّسُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ . | یہ استاد عربی زبان پڑھاتے ہیں۔ |
| 28 | نَحْنُ نَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ . | ہم عربی زبان سیکھتے ہیں۔ |
| 29 | يَقُوْلُ الْأُسْتَاذُ : | استاد کہتے ہیں: |
| 30 | الْعَرَبِيُّ لُغَةُ الْقُرْاٰنِ : لُغَةُ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلُغَةِ أَهْلِ الْجَنَّةِ . | عربی قرآن کی زبان، رسول ﷺ کی زبان اور اہل جنت کی زبان ہے۔ |
| 31 | نَحْنُ نَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ كَيْ نَفْهَمَ كِتَابَ اللّٰهِ . | ہم عربی زبان اس لیے پڑھتے ہیں کہ اللہ کی کتاب کو سمجھیں۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ السَّابِعِ وَالْعِشْرِيْنَ

| | |
|---|---|
| هَلِ الْأُسْتَاذُ يُدَرِّسُ تَلَا مِيْذَهٗ ؟ کیا استاد اپنے طلبہ کو پڑھاتا ہے؟ | نَعَم ! اَلْأُسْتَاذُ يُدَرِّسُ تَلَا مِيْذَهٗ . ہاں! استاد اپنے طلبہ کو پڑھاتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| زَ يْدٌ يَكْتُبُ عَلَى الْكُرَّاسَةِ . | أَنَا أَكْتُبُ عَلَى الْوَرَقِ . |
| زید کاپی پر لکھتا ہے۔ | میں کاغذ پر لکھتا ہوں۔ |
| أَنْتَ تَكْتُبُ عَلَى السَّبُّوْرَةِ . | نَحْنُ نَكْتُبُ عَلَى الْكُرَّاسَةِ . |
| تم تختہ سیاہ پر لکھتے ہو۔ | ہم کاپی پر لکھتے ہیں۔ |
| سَعِيْدٌ يَحْفَظُ دَرْسَهٗ . | أَنْتَ تَحْفَظُ دَرْسَكَ . |
| سعید اپنا سبق یاد کرتا ہے۔ | تم اپنا سبق یاد کرتے ہو۔ |
| أَنَا أَحْفَظُ دَرْسِي . | نَحْنُ نَحْفَظُ دُرُوْسَنَا . |
| میں اپنا سبق یاد کرتا ہوں۔ | ہم اپنے اسباق یاد کرتے ہیں۔ |
| أَنَا أَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ . | أَنْتَ تَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ . |
| میں عربی زبان پڑھتا ہوں۔ | تم عربی زبان پڑھتے ہو۔ |
| شَاهِدٌ يَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ . | نَحْنُ نَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ . |
| شاہد عربی زبان پڑھتا ہے۔ | ہم عربی زبان پڑھتے ہیں۔ |
| لِمَ تَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ ؟ | أَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ كَيْ أَفهَمَ كِتَابَ اللهِ . |
| تم عربی زبان کیوں پڑھتے ہو؟ | میں عربی زبان اس لیے پڑھتا ہوں کہ اللہ تعالی کی کتاب کو سمجھوں۔ |
| زَ يْدٌ يَسْتَأْذِنُ الأُسْتَاذَ. | أَنْتَ تَسْتَأْذِنُ الأُسْتَاذَ |
| زید استاد سے اجازت چاہتا ہے۔ | تم استاد سے اجازے چاہتے ہو۔ |
| أَنَا أَسْتَأْذِنُ الأُسْتَاذَ . | نَحْنُ نَسْتَأْذِنُ الأُسْتَاذَ . |
| میں استاد سے اجازت چاہتا ہوں۔ | ہم استاد سے اجازت چاہتے ہیں۔ |
| أَنَا أَذْهَبُ إِلٰى غُرْفَةِ الِانْتِظَارِ . | زَ يْدٌ يَذْهَبُ إِلٰى غُرْفَةِ الِانْتِظَارِ . |
| میں کمرہ انتظار میں جاتا ہوں۔ | زید کمرہ انتظار میں جاتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| أَنْتَ تَذْهَبُ إِلىٰ غُرْفَةِ الاِنْتِظَارِ .<br>تم کمرہ انتظار میں جاتے ہو۔ | نَحْنُ نَذْهَبُ إِلىٰ غُرْفَةِ الإِنْتِظَارِ .<br>ہم کمرہ انتظار میں جاتے ہیں۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | استاد عربی پڑھاتا ہے۔ | اَلأُسْتَاذُ يُدَرِّسُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ . |
| 2 | استاد تختہ سیاہ پر لکھتا ہے۔ | اَلأُسْتَاذُ يَكْتُبُ عَلَى السَّبُوْرَةِ . |
| 3 | میں عربی زبان پڑھتا ہوں۔ | أَنَا أَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ . |
| 4 | میں عربی زبان اس لیے پڑھتا ہوں کہ اللہ کی کتاب کو سمجھوں۔ | أَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ كَيْ أَفْهَمَ كِتَابَ اللهِ . |
| 5 | طالب علم اپنا سبق یاد کرتا ہے۔ | اَلتِّلْمِيْذُ يَحْفَظُ دَرْسَهُ . |
| 6 | حمید استاد سے اجازت چاہتا ہے۔ | حَمِيْدٌ يَسْتَأْذِنُ الأُسْتَاذَ . |
| 7 | سعید کمرہ انتظار میں جاتا ہے۔ | سَعِيْدٌ يَذْهَبُ إِلىٰ غُرْفَةِ الإِنْتِظَارِ . |
| 8 | محنتی لڑکا اپنا سبق پڑھتا ہے۔ | اَلْوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ يَقْرَأُ دَرْسَهُ . |
| 9 | ہم تختہ سیاہ پر لکھتے ہیں۔ | نَحْنُ نَكْتُبُ عَلَى السَّبُوْرَةِ . |
| 10 | تم کاپی پر لکھتے ہو۔ | أَنْتَ تَكْتُبُ عَلَى الْكُرَّاسَةِ . |
| 11 | کیا تم استاد سے اجازت چاہتے ہو؟ | هَلْ أَنْتَ تَسْتَأْذِنُ الأُسْتَاذَ ؟ |
| 12 | جی ہاں! میں استاد سے اجازت چاہتا ہوں۔ | نَعَمْ ! أَنَا أَسْتَأْذِنُ الأُسْتَاذَ . |

# درس(۲۸)

**حل لغات:** اَبْيَضُ سفید۔اَسْوَدُ،سیاہ۔اَحْمَر سرخ۔اَخْضَرُ ،سبزاَزْرَقُ ،نیلا۔اَصْفَرُ ،پیلا۔اَغْبَرُ ،مٹیالا۔اَبْلَقُ ،چتکبرا۔بَيْضَاءُ ،سفید۔سَوْدَاءُ ،سیاہ۔حَمْرَاءُ ،سرخ۔خَضْرَاءُ،سبز۔زَرْقَاءُ،نیلی۔صَفْرَاءُ،پیلی۔غَبْرَاءُ،مٹیالی۔بَلْقَاءُ،چتکبری۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | شَجَرٌ أَخْضَرُ . | سبزدرخت۔ |
| 2 | دِيْكٌ أَبْيَضُ . | سفید مرغ۔ |
| 3 | كَلْبٌ أَسْوَدُ . | کالاکتّا۔ |
| 4 | وَرْدٌ أَحْمَرُ . | سرخ گلاب۔ |
| 5 | قَمِيْصٌ أَصْفَرُ . | پیلی قمیص۔ |
| 6 | بَحْرٌ أَزْرَقُ . | نیلا سمندر۔ |
| 7 | جَمَلٌ أَغْبَرُ . | مٹیالا اونٹ۔ |
| 8 | كَبْشٌ أَبْلَقُ . | چتکبرہ میڈھا۔ |
| 9 | دَجَاجَةٌ بَيْضَاءُ . | سفید مرغی۔ |
| 10 | قِطَّةٌ سَوْدَاءُ . | کالی بلی۔ |
| 11 | زَهْرَةٌ حَمْرَاءُ . | سرخ کلی۔ |
| 12 | نَبَاتٌ خَضْرَاءُ . | سبز گھاس۔ |
| 13 | سَمَاءٌ زَرْقَاءُ . | نیلا آسمان۔ |
| 18 | بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ . | پیلی گائے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 19 | أَرْضٌ غَبْرَاءُ . | مٹیالی زمین۔ |
| 20 | شَاةٌ بَلْقَاءُ . | چتکبری بکری۔ |
| 21 | شَجَرٌ أَخْضَرُ . | سبز درخت۔ |
| 22 | جَمَلٌ أَغْبَرُ . | مٹیالا اونٹ۔ |
| 23 | طَاؤُوسٌ أَزْرَقُ . | نیلا مور۔ |
| 24 | كَبْشٌ أَبْلَقُ . | چتکبرہ مینڈھا۔ |
| 25 | كَلْبٌ أَغْبَرُ . | مٹیالا کتا۔ |
| 26 | قِطَّةٌ سَوْدَاءُ . | کالی بلی۔ |
| 27 | وَرْدٌ أَحْمَرُ . | سرخ گلاب۔ |
| 28 | زَهْرَةٌ خَضْرَاءُ . | سبز کلی۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الثَّامِنِ وَالْعِشْرِيْنَ

| | |
|---|---|
| مَالَوْنُ قَلَمِكَ ؟<br>تمھارے قلم کا رنگ کیسا ہے ؟ | لَوْنُ قَلَمِي أَخْضَرُ .<br>میرے قلم کا رنگ ہرا ہے۔ |
| مَا لَوْنُ السَّمَاءِ ؟<br>آسمان کا رنگ کیسا ہے ؟ | لَوْنُ السَّمَاءِ أَزْرَقُ .<br>آسمان کا رنگ نیلا ہے۔ |
| مَا لَوْنُ السَّبُوْرَةِ ؟<br>بلیک بورڈ کا رنگ کیسا ہے ؟ | لَوْنُ السَّبُوْرَةِ أَسْوَدُ .<br>بلیک بورڈ کا رنگ کالا ہے۔ |
| مَا لَوْنُ قَمِيْصِكَ ؟<br>تمھاری قمیص کا رنگ کیسا ہے ؟ | لَوْنُ قَمِيْصِي أَصْفَرُ .<br>میری قمیص کا رنگ پیلا ہے۔ |
| مَا لَوْنُ كِتَابِكَ ؟ | لَوْنُ كِتَابِي أَحْمَرُ |

| | |
|---|---|
| تمھاری کتاب کا رنگ کیسا ہے ؟ | میری کتاب کا رنگ سرخ ہے۔ |
| مَا لَوْنُ الْغُرَابِ ؟<br>کوّے کا رنگ کیسا ہے ؟ | لَوْنُ الْغَرَابِ أَسْوَدُ .<br>کوّے کا رنگ کالا ہے۔ |
| مَا لَوْنُ الْبَبْغَاءِ ؟<br>طوطے کا رنگ کیسا ہے ؟ | لَوْنُ الْبَبْغَاءِ أَخْضَرُ وَلَوْنُ رَقَبَتِهٖ أَحْمَرُ<br>طوطے کا رنگ ہرا ہے اور اس کی گردن کا رنگ سرخ ہے۔ |
| هَلْ قِطَّتُكَ سَوْدَاءُ ؟<br>کیا تمھاری بلی کالی ہے ؟ | لَا ! بَلْ قِطَّتِي بَيْضَاءُ .<br>جی نہیں ! بلکہ میری بلی سفید ہے۔ |
| هَلْ كُرَتُكَ صَفْرَاءُ ؟<br>کیا تمھاری گیند پیلی ہے ؟ | لَا ! بَلْ كُرَتِي حَمْرَاءُ .<br>جی نہیں ! بلکہ میری گیند سرخ ہے۔ |
| هَلِ الأَرْضُ خَضْرَاءُ ؟<br>کیا زمین ہری ہے ؟ | لَا ! بَلِ الأَرْضُ غَبْرَاءُ .<br>جی نہیں ! بلکہ زمین مٹیالی ہے۔ |
| هَلْ شَاتُكَ بَلْقَاءُ ؟<br>کیا تمھاری بکری چتکبری ہے ؟ | لَا ! بَلْ شَاتِي سَوْدَاءُ .<br>جی نہیں ! بلکہ میری بکری کالی ہے۔ |
| هَلِ السَّمَاءُ حَمْرَاءُ ؟<br>کیا آسمان سرخ ہے ؟ | لَا ! بَلِ السَّمَاءُ زَرْقَاءُ .<br>جی نہیں ! بلکہ آسمان نیلا ہے۔ |
| هَلْ هٰذَا الْغُرَابُ أَسْوَدُ ؟<br>کیا یہ کوّا کالا ہے ؟ | نَعَمْ ! هٰذَا الْغُرَابُ أَسْوَدُ .<br>ہاں ! یہ کوّا کالا ہے۔ |
| هَلْ هٰذَا الثَّوْرُ أَصْفَرُ .<br>کیا یہ بیل پیلا ہے ؟ | نَعَمْ هٰذَا الثَّوْرُ أَصْفَرُ .<br>ہاں ! یہ بیل پیلا ہے۔ |
| هَلِ الْبَقَرَةُ صَفْرَاءُ ؟<br>کیا گائے پیلی ہے ؟ | نَعَمْ ! اَلْبَقَرَةُ صَفْرَاءُ .<br>ہاں ! گائے پیلی ہے۔ |

## اردوسے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | میرے قلم کا رنگ ہرا ہے۔ | لَوْنُ قَلَمِي أَخْضَرُ. |
| 2 | تمھارا قلم نیلا ہے۔ | قَلَمُكَ أَزْرَقُ. |
| 3 | اس کی کاپی سفید ہے۔ | كُرَّاسَتُهُ بَيْضَاءُ. |
| 4 | بلیک بورڈ کالا ہے۔ | اَلسَّبُّوْرَةُ سَوْدَاءُ. |
| 5 | سعید کی بلی کا رنگ کیسا ہے؟ | مَا لَوْنُ قِطَّةُ سَعِيْدٍ؟ |
| 6 | سعید کی بلی مٹیالے رنگ کی ہے۔ | قِطَّةُ سَعِيْدٍ غَبْرَاءُ. |
| 7 | یہ بکری چتکبری ہے۔ | هٰذِهِ الشَّأْةُ بَلْقَاءُ. |
| 8 | طوطا سبز رنگ کا ہے۔ | اَلْبَبْغَاءُ أَخْضَرُ. |
| 9 | یہ گائے کالی ہے۔ | هٰذِهِ الْبَقَرَةُ سَوْدَاءُ. |
| 10 | وہ بیل پیلا ہے۔ | ذٰلِكَ الثَّوْرُ أَصْفَرُ. |
| 11 | میری کاپی کا رنگ سرخ ہے۔ | لَوْنُ كُرَّاسَتِي أَحْمَرُ. |

## درس(۲۹)

**حل لغات:** أُسْبُوْعٌ ،ہفتہ۔اَلْجُمْعَةُ ،جمعہ۔اَلسَّبْتُ ،سنیچر۔اَلْاَحَدُ ،اتوار ۔اَلْاِثْنَيْنِ پیر۔الثَّلَاثَاءُ ،منگل۔اَلْاَرْبَعَاءُ،بدھ۔اَلْخَمِيْسُ، جمعرات ۔ اَمْسِ

،گزشتہ کل۔غَدًا،آئندہ کل۔بَعْدَ غَدٍ ،پرسوں آئندہ۔قَبْلَ اَمْس ،پرسوں گزشتہ ۔اَیٌّ ،کونسا۔مَتیٰ،کب۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | فِي الأُسْبُوْعِ سَبْعَةُ أَيَّامٍ . | ہفتہ میں سات دن ہوتے ہیں۔ |
| 2 | اَلْيَوْمُ الأَوَّلُ هُوَ الْجُمُعَةُ . | پہلا دن وہ جمعہ ہے۔ |
| 3 | وَالْيَوْمُ الثَّانِي هُوَ السَّبْتُ . | دوسرا دن وہ ہفتہ ہے۔ |
| 4 | وَالْيَوْمُ الثَّالِثُ هُوَ الأَحَدُ . | تیسرا دن اتوار ہے۔ |
| 5 | وَالْيَوْمُ الرَّابِعُ هُوَ الإِثْنَيْنِ . | چوتھا دن پیر ہے۔۔ |
| 6 | وَالْيَوْمُ الْخَامِسُ هُوَ الثُّلَاثَاءُ . | پانچواں دن منگل ہے۔ |
| 7 | وَالْيَوْمُ السَّادِسُ هُوَ الأَرْبِعَاءُ . | چھٹا دن وہ بدھ ہے۔ |
| 8 | وَالْيَوْمُ السَّابِعُ هُوَ الْخَمِيْسُ . | ساتواں دن جمعرات ہے۔ |
| 9 | اَلْجُمُعَةُ عِيْدُ الْمُؤْمِنِيْنَ . | جمعہ مسلمانوں کی عید ہے۔ |
| 10 | اَلْجُمُعَةُ يَوْمُ الْعُطْلَةِ لِلْمُؤْمِنِيْنَ . | جمعہ مومنوں کے لیے چھٹی کا دن ہے۔ |
| 11 | وُلِدَ نَبِيُّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الإِثْنَيْنِ . | ہمارے نبی ﷺ پیر کے دن پیدا ہوئے۔ |
| 12 | أَمْسِ كَانَ يَوْمَ السَّبْتِ . | گزشتہ کل سنیچر کا دن تھا۔ |
| 13 | غَدًا يَكُوْنُ يَوْمَ الأَحَدِ . | آئندہ کل اتوار کا دن ہوگا۔ |
| 14 | قَبلَ أَمْسِ كَانَ يَومَ الْجُمُعَةِ . | پرسوں گزشتہ جمعہ کا دن تھا۔ |
| 15 | وَ بَعْدَ غَدٍ يَكُوْنُ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ . | پرسوں آئندہ منگل کا دن ہوگا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 16 | أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا ؟ | یہ کون سا دن ہے ؟ |
| 17 | هٰذَا يَوْمُ الأَرْبِعَاءِ . | یہ بدھ کا دن ہے۔ |
| 18 | أَيُّ يَوْمٍ كَانَ أَمْس . | گزشتہ کل کون سا دن تھا؟ |
| 19 | أَمْس كَانَ يَوْمَ الأَحَدِ . | گزشتہ کل اتوار کا دن تھا۔ |
| 20 | أَيُّ يَوْمٍ يَكُوْنُ غَدًا ؟ | آئندہ کل کون سا دن ہوو گا؟ |
| 21 | غَدًا يَكُوْنُ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ . | آئندہ کل منگل کا دن ہو گا۔ |
| 22 | زَيْدٌ يَذْهَبُ إِلٰى مَدْرَسَةٍ كُلَّ يَوْمٍ إِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ . | زید جمعہ کے علاوہ ہر دن مدرسہ جاتا ہے۔ |
| 23 | أَنَا أَذْهَبُ إِلٰى كَرَاتَشِي يَوْمَ السَّبْتِ . | میں سنیچر کے دن کراچی جاؤں گا۔ |
| 24 | وَالِدِي يَرْجِعُ مِنْ مُلْتَانَ يَوْمَ الأَرْبِعَاءِ . | میرے والد بدھ کے دن ملتان سے واپس آئیں گے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ التَّاسِعِ وَالْعِشْرِيْنَ

| | |
|---|---|
| كَمْ يَوْمًا فِي الأُسْبُوْعِ ؟<br>ہفتہ میں کتنے دن ہوتے ہیں؟ | فِي الأُسْبُوْعِ سَبْعَةُ أَيَّامٍ .<br>ہفتہ میں سات دن ہوتے ہیں۔ |
| مَاهِيَ أَيَّامُ الأُسْبُوْعِ ؟<br>ہفتہ کے دن کیا ہیں؟ | اَيَّامُ الأُسْبُوْعِ هِيَ هٰذِهِ: اَلْجُمْعَةُ ،اَلسَّبْتُ، اَلْاَحَدُ، اَلْاِثْنَيْن، اَلثُّلَاثَاءُ، اَلْاَرْبِعَاءُ، اَلْخَمِيْسُ .<br>ہفتہ کے دن یہ ہیں: جمعہ، ہفتہ ،اتوار، پیر، منگل، بدھ، جمعرات۔ |
| اَيُّ يَوْمٍ هٰذِهِ؟ | هٰذَا اَلْيَوْمُ اَلسَّبْتُ يَا سَيِّدِيْ ! |

| | |
|---|---|
| یہ کون سا دن ہے؟ | یہ دن ہفتہ ہے اے میرے آقا! |
| أَيُّ يَوْمٍ كَانَ أَمْسِ؟<br>کل کون سا دن تھا؟ | كَانَ أَمْسِ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ<br>کل بدھ تھا۔ |
| أَيُّ يَوْمٍ يَكُوْنُ غَدًا؟<br>کل کون سا دن ہوگا؟ | غَدًا يَكُوْنُ يَوْمَ الْخَمِيْسِ .<br>کل جمعرات ہوگی۔ |
| هَلِ الْيَوْمُ يَوْمُ الأَرْبِعَاءِ؟<br>کیا آج بدھ ہے۔ | لَا! بَلِ الْيَوْمُ يَوْمُ الثُّلَاثَاءِ .<br>نہیں! بلکہ آج منگل ہے۔ |
| مَتىٰ يَذْهَبُ زَيْدٌ إِلىٰ بَهَاوَلْفُوْر؟<br>زید بہاولپور کب جائے گا؟ | زَيْدٌ يَذْهَبُ إِلىٰ بَهَاوَلْفُوْرَ يَوْمَ الأَحَدِ<br>زید بہاول پور اتوار کے دن جائے گا۔ |
| مَتىٰ يَرْجِعُ زَيْدٌ مِنْ بَهَاوَلْفُوْرَ؟<br>زید بہاول پور سے کب واپس آئے گا؟ | يَرْجِعُ زَيْدٌ مِنْ بَهَاوَلْفُوْرَ يَوْمَ الإِثْنَيْنِ.<br>زید بہاول پور سے پیر کے دن واپس آئے گا۔ |
| مَتىٰ يَأْتِي خَالِدٌ مِنْ حَيْدَرْ آبَاد؟<br>خالد حیدر آباد سے کب آئے گا؟ | يَأْتِي خَالِدٌ مِنْ حَيْدَرْ آبَاد يَوْمَ السَّبْتِ<br>خالد حیدر آباد سے ہفتہ کے دن آئے گا۔ |
| هَلْ تَذْهَبُ إِلىٰ مَدْرَسَتِكَ يَوْمَ الأَحَدِ؟<br>کیا تم اتوار کے دن اپنے مدرسہ جاؤ گے؟ | لَا أَذْهَبُ يَوْمَ الأَحَدِ إِلىٰ مَدْرَسَتِي .<br>نہیں<br>میں اتوار کے دن اپنے مدرسے نہیں جاؤں گا۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|

| | | |
|---|---|---|
| 1 | ہفتہ میں کتنے دن ہوتے ہیں؟ | كَمْ يَوْمًا فِي الْأُسْبُوْعِ؟ |
| 2 | آج کون سا دن ہے | أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟ |
| 3 | جناب! آج اتوار ہے۔ | اَلْيَوْمُ يُوْمُ الأَحَدِ يَا سَيِّدِي! |
| 4 | کل کون سا دن ہوگا؟ | أَيُّ يَوْمٍ يَكُوْنُ غَدًا؟ |
| 5 | کل اتوار ہے۔ | غَدًا يَكُوْنُ يَوْمَ الأَحَدِ. |
| 6 | کل کون سا دن تھا۔ | أَيُّ يَوْمٍ كَانَ أَمْسِ؟ |
| 7 | کل سنیچر تھا۔ | أَمْسِ كَانَ يَوْمَ السَّبْتِ. |
| 8 | خالد پرسوں ملتان سے آیا۔ | رَجَعَ خَالِدٌ مِنْ مُلْتَانَ قَبْلَ أَمْسِ. |
| 9 | حمید پرسوں بہاولپور جائے گا۔ | يَذْهَبُ حَمِيْدٌ إِلٰى بَهَاوَلْفُوْرَ بَعْدَ غَدٍ. |
| 10 | کیا جمعہ چھٹی کا دن ہے؟ | هَلِ الْجُمُعَةِ يَوْمُ الْعُطْلَةِ؟ |
| 11 | جی ہاں جمعہ مسلمانوں کی چھٹی کا دن ہے۔ | نَعَمْ! اَلْجُمُعَةُ يَوْمُ الْعُطْلَةِ لِلْمُسْلِمِينَ. |
| 12 | جمعہ مسلمانوں کی عید کا دن ہے۔ | أَلْجُمُعَةُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ لِلْمُسْلِمِيْنَ. |

## درس(۳۰)

**حل لغات:** مَطَرٌ ،بارش ۔جمع مکسر اَمْطَارٌ ۔بَرْقٌ ،بجلی ،جمع مکسر بُرُوْقٌ ۔يَلْمَعُ ،وہ چمکتا ہے فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،باب فتح مادہ لمع صحیح ۔رَعْدٌ

جمع مکسر: رُعُوْدٌ، گرج۔ يَخَافُ ،وہ ڈرتا ہے۔ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،باب سمع ،مادہ خوف اجوف واوی۔ لَعَلَّ ،شاید۔ يَنْزِلُ ،وہ نازل ہوتا ہے۔ فعل مغارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب ضرب ،مادہ نزل صحیح۔ شَيْئًا فَشَيْئًا ،تھوڑا تھوڑا۔ غَزِيْرٌ جمع مکسر: غِزَارٌ ،موسلا دھار۔ اِنْقَطَعَ: ختم ہوگیا، فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب انفعال (مادہ قطع ،صحیح)۔ هَلُمَّ: آؤ ،اسم فعل۔ شَارِعٌ: سڑک، جمع مکسر شَوَارِع۔ وَحْلٌ: کیچڑ، جمع مکسر اَحْوَالٌ۔ زَلَّ: پھسل گیا، ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،باب ضرب (مادہ زلل، مضاعف ثلاثی)۔ بَلَاءٌ: مصیبت۔ ضَحِكَ: ہنسا، فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب، باب سمع (مادہ ضحك، صحیح)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | عَلَى السَّمَاءِ سَحَابَةٌ سَوْدَاءُ . . | آسمان پر کالا بادل ہے۔ |
| 2 | اَلْبَرْقُ يَلْمَعُ . | بجلی چمکتی ہے۔ |
| 3 | هَلْ تَسْمَعُ صَوْتَ الرَّعْدِ ؟ | کیا تم گرج کی آواز سنتے ہو؟ |
| 4 | نَعَم ! أَسْمَعُ صَوْتَ الرَّعْدِ . | جی ہاں! میں گرج کی آواز سنتا ہوں۔ |
| 5 | خَالِدٌ الصَّغِيْرُ يَخَافُ مِنَ الرَّعْدِ . | چھوٹا خالد گرج سے ڈرتا ہے۔ |
| 6 | خَالِدٌ يُدْخِلُ أَصَابِعَهُ فِي أُذُنَيْهِ خَوْفًا مِنَ الرَّعْدِ . | خالد گرج کے خوف سے اپنے دونوں کانوں میں اپنی انگلیاں ڈال لیتا ہے۔ |
| 7 | لَعَلَّ الْمَطَرَ يَنْزِلُ بَعْدَ سَاعَةٍ . | شاید کہ تھوڑی دیر بعد بارش ہوگی۔ |
| 8 | أُنْظُرْ يَا صَدِيْقِي ! هٰذَا الْمَطَرُ يَنْزِلُ . | اے میرے دوست دیکھو! یہ بارش ہو رہی ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 9 | يَكْثُرُ الْمَطَرُ شَيْئًا فَشَيْئًا . | بارش تھوڑی تھوڑی زائد ہورہی ہے ۔ |
| 10 | اَلْمَطَرُ غَزِيْرٌ . | بارش موسلا دھار ہے۔ |
| 11 | اَلآنَ قَدِ انْقَطَعَ الْمَطَرُ . | اب بارش رک چکی ہے۔ |
| 12 | لٰكِنَّ الْبَرْقَ يَلْمَعُ . | لیکن بجلی چمک رہی ہے۔ |
| 13 | هَلُمَّ يَا صَدِيْقِي ! نَذْهَبُ إِلَى السُّوْقِ. | اے میرے دوست! آؤ، بازار چلتے ہیں۔ |
| 14 | لِمَ تَذْهَبُ إِلَى السُّوْقِ؟ يَا صَدِيْقِي ! | اے میرے دوست! تم بازار کیوں جارہے ہو؟ |
| 15 | أَذْهَبُ إِلَى السُّوْقِ لِأَشْتَرِيَ اللَّبَنَ . | میں بازار جارہا ہوں تاکہ دودھ خریدوں۔ |
| 16 | نَحْنُ نَمْشِي عَلَى الشَّارِعَ | ہم سڑک پر چلتے ہیں۔ |
| 17 | يَا أَسَفَى ! اَلشَّارِعُ مُتَوَحِّلٌ . | افسوس! سڑک کیچڑ والی ہے۔ |
| 18 | لَا نَسْتَطِيْعُ أَنْ نَمْشِيَ فِي الْوَحْلِ . | ہم کیچڑ میں نہیں چل سکتے ہیں۔ |
| 19 | اُنْظُرْ يَا صَدِيْقِي ! قَدْ زَلَّتْ قَدَمُ ذٰلِكَ الرَّجُل عَلَى الْوَحْل . | اے میرے دوست! دیکھو، اس آدمی کا قدم کیچڑ پر پھسل گیا۔ |
| 20 | صَدِيْقُهٗ يَضْحَكُ . | اس کا دوست ہنستا ہے۔ |
| 21 | لَا تَضْحَكْ عَلَى بَلَاءِ أَخِيْكَ . | تم اپنے بھائی کی مصیبت پر مت ہنسو۔ |
| 22 | مَنْ ضَحِكَ ضُحِكَ . | جو ہنسا اس پر ہنسا گیا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 23 | نَمْشِي فِي الْمَطَرِ . | ہم بارش میں چلتے ہیں۔ |
| 24 | قَدْ زَلَّتِ الْقَدَمُ . | قدم پھسل گیا۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الثَّلَاثِيْنَ

| | |
|---|---|
| نَمْشِي فِي الْمَطَرِ<br>ہم بارش میں چلتے ہیں | قَدْ زَلَّتِ الْقَدَمُ .<br>قدم پھسل گیا ہے۔ |
| هَلْ عَلَى السَّمَاءِ سَحَابَةٌ ؟<br>کیا آسمان پر بادل ہے ؟ | نَعَمْ ! عَلَى السَّمَاءِ سَحَابَةٌ .<br>جی ہا! آسمان پر بادل ہے۔ |
| هَلِ الْبَرْقُ يَلْمَعُ ؟<br>کیا بجلی چمک رہی ہے ؟ | لَا ! اَلْبَرْقُ لَا يَلْمَعُ .<br>جی نہیں ! بجلی نہیں چمک رہی ہے۔ |
| هَلْ يَسْمَعُ صَدِيْقُكَ صَوْتَ الرَّعْدِ؟<br>کیا تمھارا دوست گرج کی آواز سنتا ہے ؟ | نَعَمْ ! صَدِيْقِيْ يَسْمَعُ صَوْتَ الرَّعْدِ .<br>جی ہاں ! میرا دوست گرج کی آواز سنتا ہے۔ |
| هَلْ تَسْمَعُ صَوْتَ الرَّعْدِ ؟<br>کیا تم گرج کی آواز سنتے ہو؟ | نَعَمْ ! أَسْمَعُ صَوْتَ الرَّعْدِ .<br>جی ہاں ! میں گرج کی آواز سنتا ہوں۔ |
| هَلْ يَخَافُ طَارِقٌ مِنَ الرَّعْدِ ؟<br>کیا طارق گرج سے ڈرتا ہے ؟ | نَعَمْ ! يَخَافُ طَارِقٌ مِنَ الرَّعْدِ .<br>جی ہاں ! طارق گرج سے ڈرتا ہے۔ |
| هَلْ تَخَافُ مِنْ صَوْتِ الرَّعْدِ ؟<br>کیا تم گرج کی آواز سے ڈرتے ہو؟ | لَا ! لَا أَخَافُ مِنْ صَوْتِ الرَّعْدِ .<br>جی نہیں ! میں کڑک کی آواز سے نہیں ڈرتا |

| | |
|---|---|
| | ہوں۔ |
| هَلِ الْمَطَرُ يَنْزِلُ مِنَ السَّحابَةِ ؟<br>کیابارش بادل سے ہوتی ہے؟ | نَعَمْ ! اَلْمَطَرُ يَنْزِلُ مِنَ السَّحابَةِ .<br>جی ہاں! بارش بادل سے ہوتی ہے۔ |
| هَلِ الْمَطَرُ يَكْثُرُ شَيْئًا فَشَيْئًا ؟<br>کیابارش تھوڑی تھوڑی زائد رہی ہے؟ | نَعَمْ اَلْمَطَرُ يَكْثُرُ شَيْئًا فَشَيْئًا .<br>جی ہاں! بارش تھوڑی تھوڑی زائد ہورہی ہے۔ |
| هَلْ الْمَطَرُ غَزِيرٌ؟<br>کیابارش موسلادھار ہے؟ | نَعَمْ الْمَطَرُ غَزِيرٌ.<br>جی ہاں! بارش موسلادھار ہے۔ |
| هَل اَلْمَطَرُ اِنْقَطَعَ ؟ | نَعَمْ الـمَطَرُ اِنْقَطَعَ. |
| هَلْ تَمْشِيْ عَلَى الشَّارِعِ الْمُتَوَحِّلِ ؟<br>کیاتم کیچڑوالی سڑک پر چلتے ہو؟ | لَا، لَا أَمْشِي عَلَى الشَّارِعِ الْمُتَوَحِّلِ .<br>نہیں، میں کیچڑوالی سڑک پر نہیں چلتا ہوں۔ |
| هَلْ تَزلُّ قَدَمُكَ ؟<br>کیاتمھاراقدم پھسل جاتا ہے؟ | لَا ! لَا تَزِلُّ قَدَمِي .<br>جی نہیں! میراقدم نہیں پھسلتا ہے۔ |
| هَلْ تَزلُّ قَدَمُ صَدِيْقِكَ ؟<br>کیاتمھارے دوست کاقدم پھسل جاتا ہے؟ | لَا ! لَا تَزِلُّ قَدَمُ صَدِيْقِي .<br>جی نہیں! میرے دوست کاقدم نہیں پھسلتا ہے۔ |
| هَلْ تَضْحَكُ عَلَى بَلَاءِ أَخِيْكَ ؟<br>کیاتم اپنے بھائی کی مصیبت پر ہنستے ہو؟ | لَا ! لَا أَضْحَكُ عَلَى بَلَاءِ أَخِي .<br>جی نہیں! میں اپنے بھائی کی مصیبت پر نہیں ہنستا ہوں۔ |
| هَلْ يَضْحَكُ أَخُوْكَ عَلَى بَلَاءِكَ ؟ | لَا ! لَا يَضْحَكُ أَخِي عَلَى بَلَائِي . |

| | |
|---|---|
| کیا تمھارا بھائی تمھاری مصیبت پر ہنستا ہے ؟ | جی نہیں ! میرا بھائی میری مصیبت پر نہیں ہنستا ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | بارش موسلا دھار ہے۔ | اَلْمَطَرُ غَزِيْرٌ. |
| 2 | بارش تھوڑی تھوڑی زائد ہو رہی ہے۔ | اَلْمَطَرُ يَكْثُرُ شَيْئًا فَشَيْئًا. |
| 3 | میں بجلی کو بادل میں چمکتے ہوئے دیکھتا ہوں۔ | أَنَا أَنْظُرُ الْبَرْقَ لَامِعًا فِي السَّحَابَةِ. |
| 4 | میں بجلی کی گرج سنتا ہوں۔ | اَسْمَعُ رَعْدَ الْبَرْقِ. |
| 5 | خالد گرج سے ڈرتا ہے۔ | يَخَافُ خَالِدٌ مِنَ الرَّعْدِ |
| 6 | کیا تم گرج کی وجہ سے اپنے کانوں میں انگلیاں ڈالتے ہو۔ | هَلْ اَنْتَ تُدْخِلُ اَصَابِعَكَ فِيْ اُذُنَيْكَ خَوْفًا مِنَ الرَّعْدِ. |
| 7 | جی نہیں ! میں گرج کی وجہ سے اپنے کانوں میں انگلیاں نہیں ڈالتا۔ | لَا ! لَا اُدْخِلُ اَصَابِعِيْ فِيْ اُذُنَيَّ خَوْفًا مِنَ الرَّعْدِ. |
| 8 | کیا تمھارا قدم کیچڑ پر پھسل جاتا ہے ؟ | هَلْ تَزِلُّ قَدَمُكَ عَلَى الْوَحْلِ ؟ |
| 9 | جی نہیں ! میرا قدم کیچڑ پر نہیں پھسلتا۔ | لَا ! لَا تَزِلُّ قَدَمِيْ عَلَى الْوَحْلِ |
| 10 | کیا سڑک پر کیچڑ ہے ؟ | هَلِ الْوَحْلُ عَلَى الشَّارِعِ ؟ |
| 11 | جی ہاں ! سڑک پر کیچڑ ہے۔ | نَعَمْ اَلْوَحْلُ عَلَى الشَّارِعِ. |
| 12 | آؤ بازار چلیں۔ | هَلُمَّ نَذْهَبُ اِلَى السُّوْقِ |

# درس(۳۱)

## اَلشِّتَاءُ

**حل لغات:** شِتَاءٌ: جمع مکسر أَشْتِيَةٌ موسم سرما۔ بَرْدٌ: سردی۔ سُتْرَةٌ: کوٹ ،جمع مکسر سَتَائِرُ ۔اَلثِّيَابُ الصُّوْفِيَةُ: اونی کپڑے۔اَلثِّيَابُ الْقُطْنِيَّةُ: سوتی کپڑے ۔يَصْطَلِي :وہ ہاتھ تاپتا ہے، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب افتعال، (مادہ صلي، ناقص یائی)۔نُحِسُّ :ہم محسوس کرتے ہیں، فعل مضارع معروف صیغہ جمع متکلّم باب افعال (مادہ حسس، مضاعف ثلاثی)۔قُشَعْرِ يْرَةٌ: کپکپی ۔شَمْسٌ جمع مکسر شُمُوْسٌ :دھوپ ۔شَايٌ: چائے ۔نَفْرَحُ :ہم خوش ہوتے ہیں، فعل مضارع معروف صیغہ جمع متکلّم ،باب سمع (مادہ فرح، صحیح) ۔تَمْنَعُ: وہ روکتا ہے ،فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب ،باب فتح، (مادہ منع ،صحیح)۔نَقْعُدُ:ہم بیٹھتے ہیں ،فعل مضارع معروف جمع متکلّم، باب نَصَرَ (مادہ قعد ،صحیح) ۔حَوْلٌ کی جمع مکسر أَحْوَالٌ: اردگرد۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | تَجِيءُ الشِّتَاءُ فَيَكْثُرُ الْبَرْدُ . | موسم سرما آتا ہے تو سردی زیادہ ہوجاتی ہے۔ |
| 2 | نَلْبَسُ الثِّيَابَ الصُّوْفِيَّةَ فِي الشِّتَاءِ . | ہم موسم سرما میں اونی کپڑے پہنتے ہیں۔ |
| 3 | لِأَنَّهَا تَمْنَعُ الْبَرْدَ . | اس لیے کہ وہ سردی روکتے ہیں۔ |
| 4 | وَلٰكِنَّ الثِّيَابَ الْقُطْنِيَّةَ لَا تَمْنَعُ الْبَرْدَ . | لیکن سوتی کپڑے سردی نہیں روکتے ہیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | نَلْبَسُ السَّتَائِرَ . | ہم کوٹ پہنتے ہیں۔ |
| 6 | وَفِي الصَّبَاحِ نَقْعُدُ حَوْلَ النَّارِ . | اور صبح میں آگ کے اردگرد بیٹھتے ہیں ۔ |
| 7 | ثُمَّ نَصْطَلِي أَيْدِيْنَا وَأَرْجُلِنَا بِالنَّارِ . | پھر ہم آگ سے اپنے ہاتھوں اور پیروں کو تاپتے ہیں۔ |
| 8 | نُحِسُّ الْقُشَعْرِيْرَةَ فِي الشِّتَاءِ . | ہم موسم سرما میں کپکپی محسوس کرتے ہیں۔ |
| 9 | نَنْتَظِرُ طُلُوْعَ الشَّمْسِ . | ہم سورج نکلنے کا انتظار کرتے ہیں۔ |
| 10 | تَطْلُعُ الشَّمْسُ فَنَفْرَحُ . | سورج نکلتا ہے تو ہم خوش ہوجاتے ہیں۔ |
| 11 | وَنَقْعُدُ فِي شَمْسِهَا . | اور اس کی دھوپ میں بیٹھتے ہیں۔ |
| 12 | يَكْثُرُ النَّاسُ شُرْبَ الشَّايِ فِي الشِّتَاءِ . | موسم سرما میں لوگ چائے کا پینا زیادہ کرتے ہیں۔ |
| 13 | وَ بَعْضُ النَّاسِ يُحِبُّوْنَ الْقَهْوَةَ . | اور بعض لوگ قہوہ پسند کرتے ہیں۔ |
| 14 | يَكْثُرُ الْبَرْدُ فِي بِلَادِ فنْجَابَ . | سردی پنجاب کے شہروں میں زیادہ ہوتی ہے۔ |
| 15 | أَمَّا فِي كَرَاتَشِي فَالشِّتَاءُ مُعْتَدِلٌ . | لیکن کراچی میں موسم سرما معتدل (درمیانی) ہوتا ہے۔ |
| 16 | بَيْضَةُ الدَّجَاجَةِ وَلَحْمُ السَّمَكِ مُفِيْدٌ فِي الشِّتَاءِ . | موسم سرما میں مرغی کا انڈا اور مچھلی کا گوشت مفید ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الْحَادِي وَالثَّلَاثِيْنَ

| | |
|---|---|
| هَلْ يَكْثُرُ البَرْدُ فِيْ الشِتَاءِ ؟<br>کیا موسم سرما میں سردی زیادہ ہوتی ہے؟ | نَعَمْ يَكْثُرُ البَرْدُ فِيْ الشِّتَاءِ.<br>ہاں! موسم سرما میں سردی زیادہ ہوتی ہے۔ |
| هَلْ تَلْبَسُ الثِّيَابَ الصُّوْفِيَّةَ فِيْ الشِّتَاءِ ؟<br>کیا تم موسمِ سرما میں اونی لباس پہنتے ہو؟ | نَعَمْ نَلْبَسُ الثِّيَابَ الصُّوْفِيَةَ فِيْ الشِّتَاءِ.<br>ہاں! میں موسمِ سرما میں اونی لباس پہنتا ہوں۔ |
| هَلْ تَلْبَسُ السُّتْرَةَ ؟<br>کیا تم کوٹ پہنتے ہو؟ | نَعَمْ ! أَلْبَسُ السُّتْرَةَ.<br>ہاں! میں کوٹ پہنتا ہوں۔ |
| هَلْ صَدِيْقُكَ يَصْطَلِيْ بِالنَّارِ ؟<br>کیا تمھارا دوست آگ سے تاپتا ہے؟ | نَعَمْ ! صَدِيْقِيْ يَصْطَلِيْ بِالنَّارِ .<br>ہاں! میرا دوست آگ سے تاپتا ہے۔ |
| هَلْ تَقْعُدُ فِيْ الشَّمْسِ ؟<br>کیا تم دھوپ میں بیٹھتے ہو؟ | نَعَمْ ! أَقْعُدُ فِيْ الشَّمْسِ.<br>ہاں! میں دھوپ میں بیٹھتا ہوں۔ |
| بَيِّنِ القِصَّةَ المَذْكُوْرَةَ بِصِيْغَةِ الْوَاحِدِ الْمُتَكَلِّمِ<br>مذکورہ قصہ کو واحد متکلّم کے صیغے کے ساتھ بیان کریں۔ | أَلْبَسُ، أَلْبَسُ، أَقْعُدُ، أَصْطَلِي ، أَيْدِيْ، أَرْجُلِيْ، أُحِسُّ ، أَنْتَظِرُ، فَأَفْرَحُ ، أَقْعُدُ.<br>اس میں ہم نے جمع متکلّم کے صیغوں کو واحد متکلّم کے صیغے سے بدل دیا ہے باقی واقعہ اسی طرح ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|

| | | |
|---|---|---|
| 1 | میں اونی کپڑے پہنتا ہوں۔ | أَنَا أَلْبَسُ الثِّيَابَ اَلصُّوْفِيَةَ. |
| 2 | میرا دوست کوٹ پہنتا ہے۔ | صَدِيْقِيْ يَلْبَسُ السُّتْرَةَ. |
| 3 | میں آگ سے ہاتھ تاپتا ہوں۔ | اَنَا اَصْطَلِيْ الْأَيْدِيْ بِالنَّار. |
| 4 | میں کپکپی محسوس کرتا ہوں۔ | اَنَا أُحِسُّ الْقُشَعْرِيْرَةَ. |
| 5 | میرا دوست کپکپی محسوس کرتا ہے۔ | صَدِيْقِيْ يُحِسُّ الْقُشَعْرِيْرَةُ. |
| 6 | میں دھوپ میں بیٹھتا ہوں | اَقْعُدُ فِيْ الشَّمْسِ. |
| 7 | تم دھوپ میں بیٹھتے ہو | تَقْعُدُ فِيْ الشَّمْسِ. |
| 8 | میں چائے پسند کرتا ہوں۔ | اَنَا أُحِبُّ الشَّايَ. |

## درس(۳۲)

## اَلصَّيْفُ

**حل لغات:** حَرٌّ: گرمی، جمع مکسر حُرُوْرٌ ۔وَقْتُ الظَهِيْرَةِ: دوپہر، جمع مکسر ظَهَائِرُ۔تَهُبُّ: چلتی ہے، فعل مضارع صیغہ واحد مؤنث غائب، باب نَصَرَ (مادہ هبب، مضاعف ثلاثی) ۔ عَطَشٌ: پیاس، مصدر (س)۔شُرْبٌ: پینا، مصدر (س) ۔ثَلْجٌ: برف، جمع مکسر ثُلُوْجٌ ۔يَهْرُبُوْنَ: وہ بھاگتے ہیں، فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب باب نَصَرَ (مادہ هَرَب، صحیح) مَبْلُوْلَةٌ تر۔(ن)۔عَرَقٌ: پسینہ ۔مِرْوَحَةٌ كَهْرَبَائِيَّةٌ: الیکٹرک فین، جمع منتہی الجموع مَرَاوِحُ ۔تَدُوْرُ: وہ گھومتا ہے فعل مضارع

معروف صیغہ واحد مؤنث غائب باب نَصَرَ (مادہ دور، اجوف واوی) ۔تِجَاهٌ :سامنے (اصل میں وِجَاهٌ تھا)۔شَمْسِيَّةٌ:چھتری۔مَرَّتَيْنِ:دومرتبہ۔جِدًّا:بہت۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | يَجِيءُ الصَّيْفُ فَيَشْتَدُّ الْحَرُّ . | موسم گرما آتا ہے تو گرمی سخت ہوجاتی ہے۔ |
| 2 | لَا نَسْتَطِيْعُ أَنْ نَخْرُجَ وَقْتَ الظَهِيْرَةِ . | ہم دوپہر میں نکل نہیں سکتے ہیں۔ |
| 3 | تَهُبُّ الرِّيَاحُ الْحَارَّةُ . | گرم ہوائیں چلتی ہیں۔ |
| 4 | نُحِسُّ الْعَطَشَ الشَّدِيْدَ . | ہم سخت پیاس محسوس کرتے ہیں۔ |
| 5 | يَكْثُرُ النَّاسُ شُرْبَ مَاءِ الثَّلْجِ . | لوگ برف کا پانی زیادہ پیتے ہیں۔ |
| 6 | اَلنَّاسُ يَهْرُبُوْنَ مِنْ حَرِّ الشَّمْسِ .وَيَجْلِسُوْنَ فِي الْغُرَفِ . | لوگ دھوپ سے بھاگتے ہیں اور کمروں میں بیٹھتے ہیں۔ |
| 7 | عِنْدَ صَدِيْقِي مِرْوَحَةٌ كَهْرَبَائِيَّةٌ . | میرے دوست کے پاس الیکٹرک فین ہے۔ |
| 8 | اَلْمِرْوَحَةُ الْكَهْرَبَائِيَّةُ تَدُوْرُ بِسُرْعَةٍ . | الیکٹرک فین تیزی سے گھومتا ہے۔ |
| 9 | أَنَا أَقْعُدُ تِجَاهَ الْمِرْوَحَةِ . | میں پنکھے کے سامنے بیٹھتا ہوں۔ |
| 10 | نَلْبَسُ فِي الصَّيْفِ الثِّيَابَ الْقُطْنِيَّةَ . | ہم موسم گرما میں سوتی کپڑے پہنتے ہیں۔ |
| 11 | وَبَعْضُ النَّاسِ يَسْتَعْمِلُوْنَ | اور بعض لوگ چھتری استعمال کرتے |

| | | |
|---|---|---|
| | الشَّمْسِيَّةَ . | ہیں۔ |
| 12 | أَنَا أَغْتَسِلُ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ مَرَّتَيْنِ كُلَّ يَوْمٍ . | میں ہر دن ٹھنڈے پانی سے دو مرتبہ غسل کرتا ہوں۔ |
| 13 | لَا يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي الصَّيْفِ فِي كَرَاتَشِي . | کراچی میں موسم گرما میں گرمی سخت نہیں ہوتی ہے۔ |
| 14 | أَمَا فِي مُلْتَانَ فَيَشْتَدُّ الْحَرُّ فِيْهِ جِدًّا . | لیکن ملتان میں گرمی بہت سخت ہوتی ہے۔ |
| 15 | ثِيَابُ النَّاسِ تَكُوْنُ مَبْلُوْلَةً بِالْعَرَقِ . | لوگوں کے کپڑے پسینے سے تر ہوجاتے ہیں۔ |
| 16 | لَا يَسْتَطِيْعُ أَحَدٌ أَنْ يَنَامَ فِي النَّهَارِ بِغَيْرِ مِرْوَحَةٍ . | کوئی بھی بغیر پنکھے کے نہیں سوسکتا ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الثَّانِي وَالثَّلَاثِيْنَ

| | |
|---|---|
| هَلْ يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي الصَيْفِ فِي كَرَاتِشِي ؟<br>کیاکراچی میں موسم گرما میں گرمی سخت ہوتی ہے؟ | لَا، لَا يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي الصَّيْفِ فِي كَرَاتِشِي .<br>جی نہیں !کراچی میں موسم گرما میں گرمی سخت نہیں ہوتی ہے۔ |
| هَلْ يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي مُلْتَانَ فِي الصَّيْفِ ؟<br>کیاملتان میں موسم گرما میں گرمی سخت ہوتی ہے؟ | نَعَمْ ! يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِيْ مُلْتَانَ فِي الصَّيْفِ .<br>جی ہاں !ملتان میں موسم گرما میں گرمی سخت ہوتی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| هَلْ تُحِسُّ الْعَطَشَ فِي الصَّيْفِ ؟<br>کیاتم موسمِ گرمامیں پیاس کااحساس کرتے ہو؟ | نَعَمْ ! نُحِسُّ الْعَطَشَ فِي الصَّيْفِ .<br>جی ہاں !ہم موسمِ گرمامیں پیاس کااحساس کرتے ہیں۔ |
| هَلْ عِنْدَكَ مِرْوَحَةٌ كَهْرَبَائِيَّةٌ ؟<br>کیاتمھارے پاس الیکٹرک فین ہے ؟ | لَيْسَ عِنْدِي مِرْوَحَةٌ كَهْرَبَائِيَّةٌ ،بَلْ عِنْدَ صَدِيْقِي مِرْوَحَةٌ كَهْرَبَائِيَّةٌ .<br>نہیں، میرے پاس الیکٹرک فین نہیں ہے بلکہ میرے دوست کے پاس الیکٹرک فین ہے۔ |
| هَلْ تَسْتَعْمِلُ الشَّمْسِيَّةَ<br>کیاتم چھتری استعمال کرتے ہو؟ | نَعَمْ ! أَسْتَعْمِلُ الشَّمْسِيَّةَ .<br>جی ہاں !ہم چھتری استعمال کرتے ہیں۔ |

## اردوسے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | کیاآپ کے پاس چھتری ہے ؟ | هَلْ عِنْدَكَ شَمْسِيَّةٌ ؟ |
| 2 | کیاآپ برف کاپانی پیتے ہیں؟ | هَلْ أَنْتَ تَشْرَبُ مَاءَ الثَّلْجِ ؟ |
| 3 | میرادوست دن میں دومرتبہ نہاتا ہے ہے۔ | صَدِيْقِي يَغْتَسِلُ فِي النَّهَارِ مَرَّتَيْنِ . |
| 4 | کیاتم بغیر پنکھے کے سوسکتے ہو؟ | هَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَنَامَ بِغَيْرِ مِرْوَحَةٍ ؟ |
| 5 | کیاکراچی میں سخت گرمی ہوتی ہے ؟ | هَلْ يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي كَرَاتِشِي ؟ |
| 6 | کیاتمھارے کپڑے پسینہ میں تر | هَلْ ثِيَابُكَ تَكُوْنُ مَبْلُوْلَةً |

| | | |
|---|---|---|
| | ہوجاتے ہیں؟ | بِالْعَرَقِ ؟ |

## درس(۳۳)

## اَلرَّبِيْعُ

**حل لغات:** رَبِيْعٌ: بہار، جمع مکسر اَرْبِعَةٌ ۔خَرِيْفٌ :خزاں ۔ عَارِيَةٌ :خالی ،صفت مؤنث جمع عَوَارٍ ،باب سمع ،(مادہ عری ،ناقص یائی)۔مُزَيَّنَةٌ:آراستہ ،اسم مفعول صیغہ واحد مؤنث ،باب تفعیل (مادہ ز ین ،اجوف یائی)۔مَيِّتَةٌ:مردہ ،مَيِّتٌ کا مؤنث ،جمع مَيْتَاتٌ، باب نصَرَ (مادہ موت،اجوف واوی)۔غَرْدٌ:چہچہانا،مصدر باب سمع (مادہ غرد، صحیح) ۔بَلَابِلُ:بلبلیں،واحد بُلْبُلٌ ۔سَجْعٌ:کبوتر کی آواز،جمع اَسْجَاعٌ ۔تَفُوْحُ:وہ مہکتی ہے،فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب،باب نَصَرَ (مادہ فوح ،اجوف واوی)۔ جَاسْمِيْنَ یاسمین۔نَرْجِسٌ:نرگس۔رَيْحَانٌ:ایک پھول،جمع منتہی الجموع رَيَاحِيْنُ ۔وَرْدٌ:گلاب،جمع وُرُوْدٌ ۔ نَتَنَزَّهُ :ہم سیر کرتے ہیں،فعل مضارع معروف صیغہ جمع متکلّم،باب تفعل (مادہ نزہ،صحیح)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | ذَهَبَ الْخَرِيْفُ وَجَاءَ الرَّبِيْعُ . | (موسم)خزاں گیااور(موسم)بہار آیا۔ |
| 2 | كَانَتِ الأَشْجَارُ عَارِيَةً عَنِ الأَوْرَاقِ . | درخت پتوں سے خالی تھے۔ |
| 3 | وَلٰكِنَّ الآنَ الأَشْجَارُ مُزَيَّنَةٌ | لیکن اب درخت اپنے سبز پتوں سے |

| | | |
|---|---|---|
| | بِأَوْرَاقِهَا الْخَضْرَاءِ . | آراستہ ہیں۔ |
| 4 | كَانَتِ الْحَدَائِقُ مَيِّتَةً فِي الْخَرِيْفِ . | باغ موسم خزاں میں مردہ تھے۔ |
| 5 | مَا نَسْمَعُ فِيْهَا غَرْدَ الْبَلَابِلِ وَلَا سَجْعَ الْحَمَامَاتِ . | ہم ان میں بلبلوں کا چہچہانا اور کبوتروں کی آوزیں نہیں سنتے تھے۔ |
| 6 | لَا نَرِي فِيْهَا أَزْهَارًا وَلَا وُرُوْدًا . | ہم ان میں کلیاں اور گلاب نہیں دیکھتے تھے۔ |
| 7 | أَمَّا الآنَ فَتَفَتَّحَتِ الأَزْهَارُ وَكَثُرَتِ الْوُرُوْدُ . | لیکن اب کلیاں کھل گئیں اور گلاب زیادہ ہوگیے |
| 8 | نَسْمَعُ غَرْدَ الْبَلَابِلِ وَسَجْعَ الْحَمَامَاتِ . | ہم بلبلوں کا چہچہانا اور کبوتروں کی آواز سنتے ہیں۔ |
| 9 | وَنَشُمُّ رَائِحَاتٍ طَيِّبَاتٍ . | اور اچھی خوشبوئیں سونگھتے ہیں۔ |
| 10 | مَرَّةً تَفُوْحُ رَائِحَةُ الْيَاسْمِيْنِ وَأُخْرٰي تَفُوْحُ رَائِحَةُ النَّرْجِس . | ایک بار یاسمین کی خوشبو مہکتی ہے اور دوسری بار نرگس کی خوشبو مہکتی ہے۔ |
| 11 | ثُمَّ مَرَّةً تَفُوْحُ رَائِحَةُ رَيْحَانٍ وَمَرَّةً رَائِحَةُ الْوَرْدِ . | پھر ایک بار ریحان (پھول) کی خوشبو اور ایک بار گلاب کی خوشبو مہکتی ہے |
| 12 | نَتَنَزَّهُ فِي الْحَدَائِقِ فِي الرَّبِيْعِ . | ہم موسمِ (بہار) میں باغوں کی سیر کرتے ہیں۔ |
| 13 | وَنَسْتَلِذُّ بِمَنَاظِرِهَا الْبَدِيْعَةِ | اور ان کے انوکھے مناظر سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ |
| 14 | لَا يَشْتَدُّ الْحَرُّ وَلَا الْبَرْدُ فِي | موسم بہار میں نہ گرمی زیادہ ہوتی ہے |

| | | |
|---|---|---|
| | الرَّ بِيْعِ بَلْ يَعْتَدِلُ الْجَوُّ . | اور نہ سردی بلکہ فضا معتدل (درمیانہ) رہتی ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الثَّالِثِ وَالثَّلَاثِيْنَ

| | |
|---|---|
| هَلْ تُوَرِّقُ الأَشجَارُ فِي الرَّ بِيْعِ ؟<br>کیا درخت فصل بہار میں پتے والے ہوجاتے ہیں؟ | نَعَمْ ! تُوَرِّقُ الأَشْجَارُ فِي الرَّ بِيْعِ .<br>ہاں! درخت فصل بہار میں پتے والے ہوجاتے ہیں۔ |
| هَلْ تَكُوْنُ الأَشْجَارُ مُزَ يِّنَةً بِأَوْرَاقِهَا فِي الرَّ بِيْعِ ؟<br>کیا درخت فصل بہار میں پتوں سے آراستہ ہوجاتے ہیں؟ | نَعَمْ ! تَكُوْنُ الأَشْجَارُ مُزَ يِّنَةً بِالأَوْرَاقِهَا فِي الرَّ بِيْعِ .<br>جی ہاں! درخت فصل بہار میں پتوں والے ہوجاتے ہیں۔ |
| هَلْ تَسْمَعُ غَرْدَ الْبَلَابِلِ وَسَجْعَ الْحَمَامَاتِ فِي الرَّ بِيْعِ ؟<br>کیا تم فصل بہار میں بلبلوں کی چہچہاہٹ اور کبوتروں کی آوزیں سنتے ہو؟ | نَعَمْ نَسْمَعُ غَرْدَ الْبَلَابِلِ وَسَجْعَ الْحَمَامَاتِ فِي الرَّ بِيْعِ .<br>جی ہاں! ہم فصل بہار میں بلبلوں کی چہچہاہٹ اور کبوتروں کی آوازیں سنتے ہیں۔ |
| صِفِ الرَّ بِيْعَ<br>فصل بہار کا وصف بیان کریں۔ | اَلرَّ بِيْعُ تَتَفَتَّحَتِ الأَزْهَارُ فِيْهَا وَ تَكْثُرُ الوُرُوْدُ، نَسْمَعُ غَرْدَ الْبَلَابِلِ وَسَجْعَ الْحَمَامَاتِ ، وَنَشُمُّ رَائِحَاتٍ طَيِّبَاتٍ ، مَرَّةً تَفُوْحُ رَائِحَةُ الْجَاسْمِيْنَ وَ أُخْرىٰ تَفُوْحُ رَائِحَةُ النَّرْجِس ، ثُمَّ مَرَّةً |

| | |
|---|---|
| | تَفُوْحُ رَائِحَةُ رَيْحَانٍ وَمَرَّةً رَائِحَةُ الْوَرْدِ،نَتَنَزَّهُ فِي الْحَدَائِقِ فِي الرَّبِيْعِ ،وَنَسْتَلِذُّ بِمَنَاظِرِهَا الْبَدِيْعَةِ ،لَا يَشْتَدُّ الْحَرُّ وَلَا الْبَرْدُ فِي الرَّبِيْعِ بَلْ يَعْتَدِلُ الْجَوُّ . |

## اردوسے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | فصل بہار میں کلیاں کھل جاتی ہیں اور پھولوں کی کثرت ہوجاتی ہے۔ | تَتَفَتَّحَتِ الأَزْهَارُ وَتَكْثُرُ الْوُرُوْدُ فِي الرَّبِيْع . |
| 2 | میں نرگس کا پھول سونگتا ہوں۔ | أَنَا أَشُمُّ رَائِحَةَ الْنَرْجِس . |
| 3 | نرگس کی خوشبو مہکتی ہے۔ | تَفُوْحُ رَائِحَةُ الْنَرْجِس . |
| 4 | کیا تم فصل بہار میں باغات کی سیر کرتے ہو؟ | هَلْ أَنْتَ تَتَنَزَّهُ فِي الْحَدَائِقِ فِي الرَّبِيْع ؟ |
| 5 | کیا فصل بہار میں گرمی زائد ہوتی ہے؟ | هَلْ يَشْتَدُّ الْحَرُّ فِي الرَّبِيْع ؟ |
| 6 | جی نہیں! بلکہ فصل بہار میں موسم معتدل ہوتا ہے۔ | لَا! بَلْ يَعْتَدِلُ الْجَوُّ فِي الرَّبِيْعِ . |

# درس(۳۴)

## افعال ناقصہ کا بیان

**نوٹ:** افعال ناقصہ کا مکمل بیان ضروری اصطلاحات کے تحت درج ہے وہاں سے دیکھ لیں

**حل لغات:** نَاضِجٌ: پکا ہوا۔ مُرٌّ: کڑوا۔ جمع مکسر اَمْرَارٌ زِحَامٌ: بھیڑ۔ قَارِسٌ: سردی کا زائد ہونا، اسم فاعل صیغہ واحد مذکر باب سمع (مادہ قرس صحیح)۔ غَزِیْرٌ: موسلا دھار، جمع مکسر غِزَارٌ۔ کَانَ: تھا فعل ناقص۔ یَسْکُنُ: وہ رہتا ہے فعل مضارع صیغہ واحد مذکر غائب باب نَصَرَ (مادہ سکن، صحیح)۔ مُسْتَیْقِظٌ: جاگنے والا، اسم فاعل صیغہ واحد مذکر باب استفعال، (مادہ قیظ، اجوف یائی)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | اَلثَّمَرُ نَاضِجٌ . | پھل پکا ہوا ہے۔ |
| 2 | کَانَ الثَّمَرُ غَیْرَ نَاضِجٍ . | پھل پکا ہوا نہیں تھا۔ |
| 3 | کَانَ الثَّمَرُ مُرًّا. | پھل کڑوا تھا۔ |
| 4 | اَلزِّحَامُ شَدِیْدٌ عَلَی الشَّارِعِ . | سڑک پر بھیڑ بہت ہے۔ |
| 5 | کَانَ الزِّحَامُ شَدِیْدًا عَلَی الشَّارِعِ . | سڑک پر بھیڑ بہت تھی۔ |
| 6 | اَلْیَوْمَ الْبَرْدُ قَارِسٌ . | آج سردی زائد ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 7 | كَانَ الْبَرْدُ قَارِسًا أَمْس . | گزشتہ کل سردی زائد تھی۔ |
| 8 | صَدِيْقِي مَرِيْضٌ . | میرادوست مریض ہے۔ |
| 9 | كَانَ صَدِيْقِي مَرِيْضًا . | میرادوست مریض تھا۔ |
| 10 | اَلْقِطَّةُ نَائِمَةٌ فِي السَّرِيْر . | بلی تخت پر سوئی ہے۔ |
| 11 | كَانَتِ الْقِطَّةُ نَائِمَةً فِي السَّرِيْر . | بلی تخت پر سوئی تھی۔ |
| 12 | اَلْمَطَرُ غَزِيْرٌ . | بارش موسلادھار ہے۔ |
| 13 | كَانَ الْمَطَرُ غَزِيْرًا . | بارش موسلادھار تھی |
| 14 | عَمُّ زَيْدٍ ذَاهِبٌ. | زید کے چچاجانے والے ہیں۔ |
| 15 | كَانَ عَمُّ زَيْدٍ ذَاهِبًا . | زید کے چچاجانے والے تھے۔ |
| 16 | خَالُ سَعِيْدٍ نَائِمٌ فِي الْغُرْفَةِ . | سعید کے ماموں کمرے میں سوئے ہیں۔ |
| 17 | كَانَ خَالُ سَعِيْدٍ نَائِمًا فِي الْغُرْفَةِ . | سعید کے ماموں کمرے میں سوئے تھے۔ |
| 18 | عَمَّةُ سَعِيْدٍ تَسْكُنُ فِي لَاهُوْرَ . | سعید کی چچی/ پھوپھی لاہور میں رہتی ہیں |
| 19 | كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً . | لوگ ایک امت تھے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الرَّابِعِ وَالثَّلَاثِيْنَ

| | |
|---|---|
| هَلْ كَانَ الْبَرْدُ قَارِسًا أَمْسِ ؟<br>کیاگزشتہ کل سردی زیادہ تھی؟ | نَعَمْ! كَانَ الْبَرْدُ قَارِسًا أَمْسِ.<br>جی ہاں!گزشتہ کل سردی زیادہ تھی۔ |
| هَلْ كَانَ الزِّحَامُ شَدِيْدًا فِي الْبَاصِ | لَا! بَلْ كَانَ الزِّحَامُ شَدِيْدًا عَلَى |

| | |
|---|---|
| ؟<br>کیابس میں بھیڑ زیادہ تھی؟ | الشَّارِع .<br>جی نہیں! بلکہ سڑک پر بھیڑ زیادہ تھی۔ |
| هَلْ كَانَ صَدِيْقُكَ مَرِيْضًا أَمْسِ ؟<br>کیاتمھارادوست گزشتہ کل بیمار تھا؟ | نَعَمْ كَانَ صَدِيْقِي مَرِيْضًا أَمْسِ .<br>جی ہاں! میرادوست گزشتہ کل بیمار تھا۔ |
| هَلِ كَانَتِ الْقِطَّةُ نَائِمَةً فِي السَّرِيْرِ ؟<br>کیابلی تخت پر سوئی تھی؟ | نَعَمْ كَانَتِ الْقِطَّةُ نَائِمَةً فِي السَّرِيْرِ .<br>جی ہاں! بلی تخت پر سوئی تھی۔ |

## اردوسے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | مسجد میں مجمع بہت زائد تھا۔ | كَانَ الزِّحَامُ شَدِيْدًا فِيْ الْمَسْجِدِ. |
| 2 | سڑک پر مجمع کم تھا. | كَانَ الزِّحَامُ قَلِيْلًا عَلَى الشَّارِعِ. |
| 3 | زاہد کا بھائی بیمار تھا. | كَانَ اَخُ زَاهِدٍ مَرِيْضًا. |
| 4 | بلی سو رہی تھی۔ | كَانَتِ الْقِطَّةُ نَائِمَةً. |
| 5 | چوہاکمرے میں چل رہاتھا۔ | كَانَ الْفَارُّ يَمْشِيْ فِيْ الْغُرْفَةِ. |
| 6 | بچہ جھولے میں جاگ رہاتھا۔ | كَانَ الطِّفْلُ يَسْتَيْقِظُ فِيْ الْمَهْدِ . |

## درس(۳۵)

# افعال ناقصہ کا بیان

**نوٹ:** افعال ناقصہ کا مکمل بیان ضروری اصطلاحات کے تحت شروع میں درج ہے وہاں سے دیکھ لیں۔

**حل لغات:** يَصِيْرُ: ہوجائے گا، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب باب ضَرَبَ، (مادہ صیر، اجوف یائی)۔ صَارَ: ہوگیا، ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص، باب ضَرَبَ، (مادہ صیر، اجوف یائی)۔ غَبِيَّةٌ: کند ذہین، جمع مکسر اَغْبِيَاءُ۔ ذَكِيَّةٌ: ذہین، جمع مکسر اَذْكِيَاءُ۔ جَوٌّ: فضا، جمع مکسر اَجْوَاءُ۔ صَدِيْقٌ: گہرا دوست، جمع مکسر اَصْدِقَاءُ۔ عَدُوٌّ: دشمن جمع مکسر اَعْدَاءُ۔ شَابٌّ: جوان، جمع مکسر شَبَابٌ۔ مَرْجُوْمٌ: مردود، اسم مفعول صیغہ واحد مذکر غائب باب نصَرَ (مادہ رجم، صحیح)۔ فَائِزٌ: کامیاب، اسم فاعل صیغہ واحد مذکر باب نَصَرَ (مادہ فوز، اجوف واوی)۔ نَشِيْطٌ: پھرتیلا، جمع نِشَاطٌ۔ خَائِنٌ: خیانت کرنے والا، اسم فاعل واحد مذکر باب نَصَرَ (مادہ خون، اجوف واوی)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | اَلْمَرِيْضُ صَحِيْحٌ . | مریض تندرست ہے۔ |
| 2 | صَارَ الْمَرِيْضُ صَحِيْحًا . | مریض تندرست ہوگیا۔ |
| 3 | كَانَ الدِّيْكُ صَغِيْرًا . | مرغا چھوٹا تھا۔ |
| 4 | أَمَّا الآنَ فَصَارَ كَبِيْرًا . | لیکن اب بڑا ہوگیا۔ |
| 5 | كَانَتِ الْبِنْتُ غَبِيَّةً . | لڑکی کند ذہین تھی۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 6 | أَمَّا الآنَ فَصَارَتْ ذَكِيَّةً . | لیکن اب ذہین ہوگئی۔ |
| 7 | كَانَ الْبَرْدُ شَدِيْدًا أَمْس . | گزشتہ کل سردی سخت تھی۔ |
| 8 | أَمَّا الآنَ فَصَارَ الْجَوُّ مُعْتَدِلًا . | لیکن اب فضا معتدل ہوگئی۔ |
| 9 | كَانَ زَيْدٌ مَرِيْضًا . | زید بیمار تھا۔ |
| 10 | أَمَّا الآنَ فَصَارَ صَحِيْحًا . | لیکن اب تندرست ہوگیا۔ |
| 11 | صَارَ الْعَدَوُّ صَدِيْقًا حَمِيْمًا . | دشمن گہرا دوست ہوگیا۔ |
| 12 | صَارَ الجَاهِلُ عَالِمًا . | جاہل عالم ہوگیا۔ |
| 13 | صَارَ الطِّفْلُ شَابًّا وَ صَارَ الشَّابُّ شَيْخًا . | بچہ جوان ہوگیا اور جوان بوڑھا ہوگیا ۔ |
| 14 | يَصِيْرُ الْمَرِيْضُ صَحِيْحًا . | بیمار تندرست ہوجائے گا۔ |
| 15 | يَصِيْرُ الصَّغِيْرُ كَبِيْرًا . | چھوٹا بڑا ہوجائے گا۔ |
| 16 | يَصِيْرُ الطِّفْلُ شَابًّا وَ يَصِيْرُ الشَّابُّ شَيْخًا . | بچہ جوان ہوجائے گا اور جوان بوڑھا ہوجائے گا۔ |
| 17 | صَارَ الشَّيْطَانُ مَرْجُوْمًا بَعْدَ أَنْ كَانَ مَقْبُوْلًا . | شیطان مقبول ہونے کے بعد مردود ہوگیا۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الْخَامِسِ وَالثَّلَاثِيْنَ

### مندرجہ ذیل جملوں میں "صَارَ" کا استعمال کیجیے:

| | |
|---|---|
| صَارَ الْبَرْدُ قَارِسًا. | صَارَ الْوَلَدُ ذَكِيًّا. |
| سردی زائد ہوگئی۔ | لڑکا ذہین ہوگیا۔ |

| | |
|---|---|
| صَارَتِ الْهِرَّةُ كَبِيْرَةً. بلی بڑی ہوگئی۔ | صَارَ الْخَائِنُ أَمِيْنًا. خیانت کرنے والا امانت دار ہوگیا۔ |
| صَارَ الْمُجْتَهِدُ فَائِزًا. محنتی کامیاب ہوگیا۔ | صَارَ الْوَلَدُ شَابًّا. لڑکا جوان ہوگیا۔ |
| صَارَ الشَّابُ شَيْخًا. جوان بوڑھا ہوگیا۔ | صَارَ الْجَوُّ مُعْتَدِلًا. فضا معتدل ہوگئی۔ |
| صَارَ اللَّيْلُ مُظْلِمًا. رات تاریک ہوگئی۔ | صَارَتِ الْبِنْتُ ذَكِيَّةً. لڑکی ذہین ہوگئی۔ |
| صَارَتِ الْبِنْتُ نَشِيْطَةً. | لڑکی پھرتیلی ہوگئی۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | کیا دشمن گہرا دوست ہوگیا؟ | هَلْ صَارَ الْعَدُوُّ صَدِيْقًا حَمِيْمًا؟ |
| 2 | کیا بکری بڑی ہوگئی؟ | هَلْ صَارَتِ الشَّاةُ كَبِيْرَةً؟ |
| 3 | کیا تندرست بیمار ہوگیا؟ | هَلْ صَارَ الصَّحِيْحُ مَرِيْضًا؟ |
| 4 | کیا تمہارا دوست مریض ہوگیا؟ | هَلْ صَارَ صَدِيْقُكَ مَرِيْضًا؟ |
| 5 | اس کا دوست دشمن بن گیا۔ | صَارَ صَدِيْقُهُ عَدُوًّا. |
| 6 | کیا تمہارا دوست تمہارا دشمن بن گیا؟ | هَلْ صَارَ صَدِيْقُكَ عَدُوَّكَ؟ |
| 7 | کیا کافر مسلمان ہوگیا؟ | هَلْ صَارَ الْكَافِرُ مُسْلِمًا؟ |
| 8 | میرا دوست تندرست ہوگیا۔ | صَارَ صَدِيْقِي صَحِيْحًا. |
| 9 | جاہل آدمی عالم ہوجاتا ہے۔ | يَصِيْرُ الْجَاهِلُ عَالِمًا. |

| | | |
|---|---|---|
| 10 | مریض تندرست ہوجاتا ہے۔ | يَصِيْرُ الْمَرِيْضُ صَحِيْحًا . |
| 11 | بارش کے بعد سردی سخت ہوجاتی ہے۔ | يَصِيْرُ الْبَرْدُ قَارِسًا بَعْدَ الْمَطَرِ (/ بَعْدَ أَنْ كَانَ الْمَطَرُ) |

## درس(۳۶)

## افعال ناقصہ کا بیان

**نوٹ**:افعال ناقصہ کا مکمل ضروری اصطلاحات کے تحت شروع میں درج ہے وہاں سے دیکھ لیں

**حل لغات**: أَصْبَحَ:صبح کے وقت کوئی کام کیا فعل ناقص۔ظَلَّ:دن میں کوئی کام کیا،فعل ناقص۔بَاتَ:رات میں کوئی کام کیا،فعل ناقص۔خَائِفٌ:ڈرنے والا،اسم فاعل صیغہ واحد مذکر باب سمع،جمع مکسر خُوَّفٌ (مادہ خوف،اجوف واوی)۔حَارِسٌ:نگہبان، حُرَّاسٌ ۔ مُصَلٍّ :نماز پڑھنے والااسم فاعل صیغہ واحد واحد مذکر باب تفعیل (مادہ صلو،ناقص واوی) ۔خُفَّاشٌ:چمگادڑ، جمع منتہی الجموع خَفَافِيْشُ۔مُتَأَلِّمٌ:درد مند،اسم فاعل صیغہ واحد مذکر باب تفعل (مادہ الم ،مہموز فا)۔سَجِيْنٌ:قیدی جمع مکسر سُجَنَاءُ۔بَاكِيًا:رونے والا،اسم فاعل صیغہ واحد مذکر باب ضرب (مادہ بکی،ناقص یائی)۔جَائِعٌ:بھوکا،اسم فاعل صیغہ واحد مذکر باب نَصَر(مادہ جوع ،اجوف واوی)۔مُسْتَيْقِظٌ:جاگنے والا،اسم فاعل صیغہ واحد مذکر باب استفعال(مادہ قیظ،اجوف یائی)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | كَيْفَ أَصْبَحْتَ يَا طَارِقُ ! | اے طارق !تم نے کس حال میں صبح کی ؟ |
| 2 | أَصْبَحْتُ بِخَيْرٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَا حَامِدُ ! | الحمدللہ میں نے خیریت کے ساتھ صبح کی اے حامد ! |
| 3 | أَصْبَحَ الْمَرِيْضُ صَحِيْحًا . | مریض نے صحت کی حالت میں صبح کی ۔ |
| 4 | يُصْبِحُ الطِّفْلُ بَاكِيًا . | بچہ روتے ہوئے صبح کرتا ہے۔ |
| 5 | ظَلَّ الْمَطَرُ غَزِيْرًا . | دن بھر بارش موسلا دھار رہی۔ |
| 6 | ظَلَّ المَرِيْضُ مُتَأَلِّمًا . | مریض نے دردمند ہوکر دن گزارا۔ |
| 7 | ظَلَّ الْفَرَسُ جَائِعًا . | گھوڑے نے بھوکے رہ کر دن گزارا۔ |
| 8 | ظَلَّ الْحَارِثُ مُسْتَيْقِظًا . | نگہبان نے جاگ کر دن گزارا |
| 9 | بَاتَ السَّجِيْنُ قَائِمًا . | قیدی کھڑے ہوکر رات گزاری |
| 10 | بَاتَ الْعَابِدُ مُصَلِّيًا . | عابد نے نماز پڑھتے ہوئے رات گزاری۔ |
| 11 | بَاتَ الْمَرِيْضُ مُضْطَرِبًا . | مریض نے بے چین ہوکر رات گزاری۔ |
| 12 | بَاتَ الْخَفِيْرُ قَائِمًا . | چوکیدار نے کھڑے ہوکر رات گزاری۔ |
| 13 | يَبِيْتُ الطِّفْلُ نَائِمًا فِي السَّرِيْرِ . | بچہ تخت پر سوکر رات گزارتا ہے۔ |
| 14 | وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ | اور وہ جو اپنے رب کے لیے سجدے |

| | | |
|---|---|---|
| | سُجَّدًا ۔ | کی حالت میں رات گزارتے ہیں۔ |
| 15 | يَبِيْتُ الْفَقِيْرُ آمِنًا وَ يَبِيْتُ الأَمِيْرُ خَائِفًا . | فقیر امن سے رات گزارتا ہے اور امیر ڈرتے ہوئے رات گزارتا ہے۔ |
| 16 | يَبِيْتُ الْخُفَّاشُ مُسْتَيْقِظًا . | چمگادڑ بحالت بیداری رات گزارتا ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ السَّادِسِ وَالثَّلَاثِيْنَ

مندرجہ ذیل فقروں میں "أَصْبَحَ" "ظَلَّ" کا استعمال کیجیے۔

| | |
|---|---|
| أَصْبَحَ الْمَطَرُ غَزِيْرًا .<br>صبح کے وقت بارش موسلا دھار ہوگئی۔ | هَلْ ظَلَّ الطِّفْلُ بَاكِيًا .<br>کیا بچہ دن کے وقت رویا؟ |
| هَلْ بَاتَ الطِّفْلُ بَاكِيًا ؟<br>کیا بچہ نے رو کر رات گزاری؟ | أَصْبَحَ الْحَارِثُ مُسْتَيْقِظًا .<br>نگہبان نے جاگتے ہوئے صبح کی۔ |
| بَاتَ السَّجِيْنُ مُصَلِّيًا .<br>قیدی نے نماز پڑھتے ہوئے رات گزاری ۔ | بَاتَ الأَمِيْرُ خَائِفًا .<br>امیر نے ڈرتے ہوئے رات گزاری۔ |
| أَصْبَحَ الطِّفْلُ ضَاحِكًا .<br>بچہ نے ہنستے ہوئے صبح کی۔ | زَيْدٌ بَاتَ لِرَبِّهٖ سَاجِدًا .<br>زید نے اپنے رب کے لیے سجدہ کرتے ہوئے رات گزاری۔ |
| هَل تَبِيْتُ لِرَبِّكَ سَاجِدًا ؟<br>کیا تم اپنے رب کے لیے سجدہ کرتے ہوئے رات گزارتے ہو؟ | أَصْبَحَ زَيْدٌ مُصَلِّيًا .<br>زید نے نماز پڑھتے ہوئے صبح کی۔ |

| | |
|---|---|
| ظَلَّ الْخُفَّاشُ نَائِمًا . | چمگادڑ دن کے وقت سویا۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | مریض نے کس حال میں صبح کی ؟ | كَيْفَ أَصْبَحَ الْمَرِيْضُ ؟ |
| 2 | مریض نے صحت کی حالت میں صبح کی | أَصْبَحَ الْمَرِيْضُ صَحِيْحًا . |
| 3 | بچے نے روتے ہوئے صبح کی۔ | أَصْبَحَ الطِّفْلُ بَاكِيًا . |
| 4 | بچے نے ہنستے ہوئے صبح کی۔ | أَصْبَحَ الطِّفْلُ ضَاحِكًا . |
| 5 | قیدی نے کس حال میں صبح کی ؟ | كَيْفَ أَصْبَحَ اَلسَّجِيْنُ ؟ |
| 6 | قیدی نے نماز کی حالت میں صبح کی۔ | أَصْبَحَ السَّجِيْنُ مُصَلِيًّا . |
| 7 | زید نے کس حالت میں رات گزاری ؟ | كَيْفَ بَاتَ زَيْدٌ ؟ |
| 8 | زید نے بحالت نماز رات گزاری۔ | بَاتَ زَيْدٌ مُصَلِّيًا . |
| 9 | خالد بحالت روزہ دن گزارے گا۔ | يَظِلُّ خَالِدٌ صَائِمًا . |
| 10 | چمگادڑ بحالت بیداری رات گزارے گا۔ | يَبِيْتُ الْخُفَّاشُ مُسْتَيْقِظًا . |

## درس(۳۷)

# حروف مشبہ بالفعل کا بیان

**نوٹ:** حروف مشبہ بالفعل کا مکمل بیان ضروری اصطلاحات کے تحت درج ہے وہاں سے دیکھ لیں

**حل لغات:** إِنَّ: بے شک ، حرف مشبہ بالفعل۔ حِمَارٌ: گدھا، جمع حَمِيْرٌ، وَ اَحْمَرَةٌ۔ خَرُوْفٌ.: بھیڑ کا بچہ، جمع مکسر خِرَافٌ۔ زَيْنٌ: زینت، مصدر جمع اَزْيَانٌ۔ (مادہ زین ،اجوف یائی)۔ شَيْنٌ: عیب، (باب ضرب، مادہ شین اجوف یائی)۔ دِيْنٌ: قیامت کا دین، جمع اَدْيَانٌ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| إِنَّ+ي | =إِنَّنِي | ـــإِنِّي | بے شک میں، مجھے |
| إِنَّ+ نَا | =إِنَّنَا | ـــإِنَّا | بے شک ہم |
| إِنَّ+ | = | إِنَّكَ | بے شک آپ |
| إِنَّ+هُوَ | = | إِنَّهُ . | بے شک وہ (مذکر) |
| إِنَّ +هَا | = | إِنَّهَا | بے شک وہ (مؤنث)۔ |

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | إِنَّ الْحِمَارَ لَا يَطِيْرُ فِي الْجَوِّ . | بے شک گدھا فضا میں نہیں اڑتا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 2 | إِنَّهُ يَمْشِي عَلَى الأَرْضِ . | بے شک وہ زمین پر چلتا ہے۔ |
| 3 | إِنَّ الْخَرُوْفَ يَخَافُ مِنَ الذِّئبِ . | بے شک بھیڑ کا بچہ بھیڑئے سے ڈرتا ہے۔ |
| 4 | إِنَّ الْعِلْمَ زَيْنٌ وَإِنَّ الْجَهْلَ شَيْنٌ . | بے شک علم زینت ہے اور جہالت عیب ہے۔ |
| 5 | إِنَّ اللهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ | بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ |
| 6 | اِنَّ (الصَّلٰوة) لَكَبِيْرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ ۔ | نماز ضرور بھاری ہے مگر ڈرنے والوں پر۔ |
| 7 | اِنِّيْ اَخَافُ اللهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ | بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے۔ |
| 8 | اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۔ | بے شک وہ سننے اور دیکھنے والا ہے۔ |
| 9 | اِنَّكَ (يامُحَمَّدُ) عَلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٌ ۔ | بے شک آپ سیدھے راستہ پر ہو۔ |
| 10 | اِنَّا لِلهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۔ | بے شک ہم اللہ عزوجل کے لیے ہیں اور اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ |
| 11 | اِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ۔ | بے شک قیامت کا دن ضرور واقع ہونے والا ہے۔ |
| 12 | اِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ | بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے ان کے لیے جنت الفردوس ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 13 | اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا لِلطَّاغِيْنَ ۔ | بے شک جہنم سرکشوں کے لیے گھات میں ہے۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ السَّابِعِ وَالثَّلَاثِيْنَ

إِنَّ کا استعمال کیجیے

| | |
|---|---|
| إِنَّ خَالِدًا قَائِمٌ . بے شک خالد کھڑا ہے۔ | إِنَّ سَعِيْدًا قَائِمٌ . بے شک سعید کھڑا ہے۔ |
| إِنَّ الْقِطَّةَ السَّوْدَاءَ نَائِمَةٌ . بے شک کالی بلّی سوئی ہے۔ | إِنَّ الْبَقَرَةَ الصَّفْرَاءَ لِزَيْدٍ . بے شک پیلی گائے زید کی ہے۔ |
| إِنَّ الثَّمَرَةَ الْحُلْوَةَ لِطَارِقٍ . | بے شک میٹھا پھل طارق کا ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | کیا زینب بازار جاتی ہے؟ | هَلْ تَذْهَبُ زَيْنَبُ إِلَى السُّوْقِ ؟ |
| 2 | بے شک وہ بازار جاتی ہے۔ | إِنَّهَا تَذْهَبُ إِلَى السُّوْقِ . |
| 3 | بے شک تم سچے ہو۔ | إِنَّكَ صَادِقٌ . |
| 4 | بے شک وہ کل ملتان سے لوٹے گا۔ | إِنَّهُ يَرْجِعُ غَدًا مِنْ مُلْتَانَ . |
| 5 | بے شک میں کل بازار جاؤں گا۔ | إِنِّي أَذْهَبُ غَدًا إِلَى السُّوْقِ . |
| 6 | بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے؟ | إِنَّ اللهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ . |

| | | |
|---|---|---|
| 7 | بے شک کوشش کرنے والا کامیاب ہے۔ | إِنَّ الْمُجْتَهِدَ فَائِزٌ . . |

## درس(۳۸)

## حروف مشبہ بالفعل کا بیان

**نوٹ**:حروف مشبہ بالفعل کا مکمل بیان ضروری اصطلاحات کے تحت درج ہے وہاں سے دیکھ لیں۔

**حل لغات**:لَيْتَ: کاش، حرف مشبہ فعل ۔تُرَابٌ:مٹی،اَتْرِبَةٌ: وَ تُرْبَانٌ.نُرَدُّ :ہم لوٹائے جائیں گے ،فعل مضارع مجہول صیغہ جمع متکلّم ،باب نَصرَ (مادہ ردد،مضاعف ثلاثی )۔نُزْهَةٌ:سیروتفریح۔مُثْمِرَةٌ:پھل،قَطَفْتُ:میں نے توڑا،فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم ،باب ضَرَب(مادہ قطف،صحیح)۔إِذْذاكَ:اس وقت۔نَادٍ:مجلس ،جمع أَنْدِيَةٌ ۔اَعْنَابٌ:انگور،واحدعِنَبٌ۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | لَيْتَ المَطَرَ يَنْزِلُ . | کاش بارش ہوتی۔ |
| 2 | لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ . | کاش زید حاضر ہوتا۔ |
| 3 | لَيْتَ عَائِشَةَ مَوْجُوْدَةٌ . | کاش عائشہ موجود ہوتی۔ |
| 4 | يٰلَيْتَنِي كُنْتُ تُرَابًا۔ | ہائے میں کسی طرح خاک ہوجاتا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | يٰلَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ ۔ | ہائے کسی طرح مجھ میں تجھ میں پورب پچھم کی دوری ہوتی |
| 6 | يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ | کاش کسی طرح ہم واپس بھیجے جائیں اور اپنے رب کی آیتیں نہ جھٹلائیں اور مسلمان ہوجائیں۔ |
| 7 | سَعِيْدٌ يَقُوْلُ لِحَمِيْدٍ إِنِّي ذَهَبْتُ لِلنُّزْهَةِ . | سعید حمید سے کہتا ہے: بے شک میں تفریح کے لیے گیا تھا۔ |
| 8 | فَدَخَلْتُ حَدِيْقَةً . | تو میں باغ میں داخل ہوا۔ |
| 9 | رَأَيْتُ فِيْهَا أَشْجَارًا مُثْمِرَةً بَعْضُهَا كَانَتْ لِلإِجَّاصَاتِ . | میں نے اس میں پھل دار درخت دیکھے ان میں سے بعض امرود کے تھے۔ |
| 10 | بَعْضُهَا لِلْبُرْتَقَالَاتِ وَ بَعْضُهَا لِلأَعْنَابِ . | بعض سنتروں کے اور بعض انگور کے تھے۔ |
| 11 | وَ بَعْضُهَا لِلرُّمَّانَاتِ . | اور بعض انار کے تھے۔ |
| 12 | فَقَطَفْتُ مِنْهَا إِجَّاصَةً حُلْوَةً . | تو میں نے باغ میں سے ایک میٹھا امرود توڑا۔ |
| 13 | وَأَكَلْتُهَا . | اور اسے (امرود) کھایا۔ |
| 14 | حَمِيْدٌ يَقُوْلُ :يَا لَيْتَنِي ! كُنْتُ حَاضِرًا إِذْ ذَاكَ . | حمید کہتا ہے: اے کاش میں اس وقت حاضر ہوتا۔ |

## تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ الثَّامِنِ وَالثَّلَاثِيْنَ

### "لَيْتَ" کا استعمال کیجیے

| | |
|---|---|
| لَيْتَ الْمَرِيْضَ صَحِيْحٌ .<br>کاش کہ مریض تندرست ہوتا۔ | لَيْتَ الْبُرْتُقَالَةَ حُلْوَةٌ .<br>کاش کہ سنترہ میٹھا ہوتا۔ |
| لَيْتَ الأَعْنَابَ حُلْوَةٌ .<br>کاش کہ انگور میٹھے ہوتے۔ | لَيْتَ إِنِّي كُنْتُ حَاضِرًا فِي النَّادِي .<br>کاش کہ میں مجلس میں حاضر ہوتا۔ |
| لَيْتَ هُوَ حَاضِرٌ فِي النَّادِي .<br>کاش کہ وہ مجلس میں حاضر ہوتا۔ | لَيْتَنَا نَحُجُّ .<br>کاش کہ ہم حج کرتے۔ |

### اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | کاش کہ انگور میٹھے ہوتے ؟ | لَيْتَ الأَعْنَابَ حُلْوَةٌ . |
| 2 | کاش کہ مریض تندرست ہوتا۔ | لَيْتَ الْمَرِيْضَ صَحِيْحٌ . |
| 3 | کاش کہ تم پڑھے لکھے ہوتے۔ | لَيْتَكَ عَالِمٌ . |
| 4 | کاش کہ سورج نکلتا۔ | لَيْتَ الشَّمْسَ يَطْلُعُ . |
| 5 | کاش کہ تم علم دین حاصل کرتے۔ | لَيْتَكَ تَحْصُلُ الْعِلْمَ . |

# درس(۳۹)

**حل لغات**:زَعَمُوا:گمان کیاان سب نے،کہانی کی ابتدامیں استعمال کیاجاتا ہے ،ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب باب فَتَحَ نصَرَ،(مادہ زعم ،صحیح)۔ قِرَدَةٌ: بندر،واحد قِرْدٌ۔ اِلْتَمَسُوا:انھوں انھوں نے تلاش کیا،فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب باب افتعال (مادہ لمس،صحیح)۔لَمْ یَنْجَحُوا: کامیاب نہ ہوئے نفی جحد بلم صیغہ جمع مذکرغائب باب فتح، (مادہ نجح ،صحیح)۔یَنْفُخُوْنَ:وہ پھونکتے ہیں،فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکرغائب باب نَصَر (مادہ نفخ،صحیح)۔طَمْعًا:لالچ کرتے ہوئے مصدر (س) ۔یُوْقِدُوا :روشن کریں،نفی جحد معروف صیغہ جمع مذکرغائب باب افعال(مادہ وقد،مثال واوی) ۔سَفَاهَةٌ :بیوقوفی ،مصدر (ک)۔لَا تَتْعَبُوا:مت تھکو،فعل نہی جمع مذکر حاضر باب سمع (مادہ تعب ،صحیح)۔یَرَاعَةٌ:جگنو۔جَبَلٌ:پہاڑ،جمع مکسر جِبَالٌ۔ شَرَارَةٌ: چنگاری ، جمع مکسرشُرُرٌ ۔ یَصْطَلُوْنَ:وہ ہاتھ تاپتے ہیں،فعل مضارع معروف،جمع مذکر غائب باب افتعال(مادہ صلی، ناقص یائی)۔أَنْ یُطِیْعَ :اطاعت کرنا پیروی کرنا،مصدر،باب افعال(مادہ طوع،جوف واوی)۔أَبیٰ:انکار کیا،فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکرغائب باب ضرب(مادہ ابی،مہموزفا،ناقص یائی)۔

| شمار | عبارت | ترجمہ |
|---|---|---|
| 1 | زَعَمُوا أَنَّ جَمَاعَةً مِنَ الْقِرَدَةِ كَانَتْ تَسْكُنُ فِي جَبَلٍ . | لوگوں نے گمان کیاکہ بندوں کاایک گروہ کسی پہاڑ میں رہتاتھا۔ |
| 2 | اِلْتَمَسُوا فِي لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ نَارًا . | انھوں نے ٹھنڈی رات میں آگ |

| | | |
|---|---|---|
| | | تلاش کی۔ |
| 3 | بَعْدَ طَلَبٍ كَثِيْرٍ لَمْ يَنْجَحُوا فِي مُرَادِهِمْ . | زیادہ طلب کے بعد اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوئے۔ |
| 4 | فَرَأَوْا يَرَاعَةً تَطِيْرُ فَظَنُّوْهَا شَرَارَةَ نَارٍ . | توانہوں نے ایک جگنو کو اڑتے ہوئے تو اسے آگ کی چنگاری گمان کیا۔ |
| 5 | فَأَخذُوْهَا ثُمَّ جَمَعُوا حَطَبًا كَثِيْرًا وَأَلْقُوْهُ عَلَيْهَا . | اسے پکڑ لیا پھر بہت سی لکڑیاں جمع کیں اور اسے ان پر ڈال دیا۔ |
| 6 | وَجَعَلُوا يَنْفُخُوْنَ طَمَعًا أَنْ يُوْقِدُوا نَارًا. | اور آگ روشن کرنے کی امید پر پھونکنے لگے۔ |
| 7 | يَصْطَلُوْنَ بِهَا مِنَ الْبَرْدِ | جس کے ذریعہ سردی سے تاپیں۔ |
| 8 | وَكَانَ قَرِيْبًا مِنْهُمْ طَائِرٌ عَلٰى شَجَرَةٍ . | اور ان کے قریب کسی درخت پر ایک پرندہ تھا۔ |
| 9 | يَنْظُرُوْنَ إِلَيْهِ وَ يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ . | یہ اس کی طرف دیکھتے اور وہ ان کی طرف دیکھتا۔ |
| 10 | مَا اسْتَطَاعَ الطَّائِرُ أَنْ يَسْكُتَ عَلٰى سَفَاهَتِهِمْ وَلَا يَهْدِيَهُمْ . | پرندہ ان کی بیوقوفی اور ان کی رہنمائی نہ کیے جانے پر خاموش نہ رہ سکا |
| 11 | فَنَادَاهُمْ بِأَعْلٰى صَوْتٍ : | تو اس نے انھیں بلند آواز سے پکارا۔ |
| 12 | لَا تَتْعَبُوا ! فَإِنَّ الَّذِي رَأَيْتُمُوْهُ نَارًا لَيْسَ بِنَارٍ . | مت تھکو، بے شک جسے تم نے آگ سمجھا ہے (درحقیقت) وہ آگ نہیں ہے۔ |
| 13 | وَلٰكِنَّ الْقِرَدَةَ مَا سَمِعُوا قَوْلَ | لیکن بندروں نے ناصح کی بات کو نہیں |

| | | |
|---|---|---|
| | النَّاصِحِ . | سنا۔ |
| 14 | وَ بَقُوا مُشْتَغِلِيْنَ فِي سَفَاهَتِهِمْ . | اور اپنی بیوقوفی میں مشغول رہے۔ |
| 15 | فَلَمَّا طَالَ ذٰلِكَ عَلَى الطَّائِرِ | توجب پرندے پر یہ معاملہ لمبا ہوا |
| 16 | قَرُبَ مِنْهُمْ لِيَنْهَاهُمْ عَمَّا هُمْ فِيْهِ. | ان سے قریب ہوا تاکہ انھیں روکے جس میں وہ ملوث ہیں |
| 17 | إِذْ مَرَّ بِهٖ طَائِرٌ وَ قَالَ: | اچانک اس کے قریب سے ایک پرندہ گزار اور کہا: |
| 18 | يَاأَخِي ! لَا تَلْتَمِسْ تَقْوِيْمَ مَالَا يَسْتَقِيْمُ . | اے میرے بھائی! جو درست نہ ہوسکے اسے درست نہ کر۔ |
| 19 | فَأَبِي الطَّائِرُ أَنْ يُطِيْعَ . | پرندہ نے ان کی اطاعت کرنے سے انکار کردیا۔ |
| 20 | فَلَمَّا قَرُبَ أَخَذَهُ بَعْضُ الْقِرَدَةِ | اور جب قریب ہوا تو کسی بندر نے اسے پکڑ لیا۔ |
| 21 | فَضَرَبَ عَلَى الأَرْضِ فَمَاتَ . | وہ زمین پر گر کر مر گیا۔ |

| | |
|---|---|
| مَا الْمَوْعِظَةُ فِي قِصَّةِ الْقِرَدَةِ وَالطَائِرِ ؟ | فِي هٰذِهِ الْقِصَّةِ نَصِيْحَةٌ عَظِيْمَةٌ أَنَّ اِلْتِمَاسًا يَسْتَقِيْمُ مَالَا يَسْتَقِيْمُ سَفَاهَةٌ . اس قصہ میں ایک بڑی نصیحت ہے کہ اس کے درست کرنے میں لگ جانا جو درست نہ ہو یہ |

| | |
|---|---|
| | بے وقوفی ہے۔ |
| هَلْ يُفِيْدُ النُّصْحُ لِلسُّفَهَاءِ ؟ | لَا ! لَا يُفِيْدُ النُّصْحُ لِلسُّفَهَاءِ . جی نہیں ! بیوقوفوں کو نصیحت فائدہ نہیں دیتی ہے۔ |

## اردو سے عربی

| شمار | اردو | عربی |
|---|---|---|
| 1 | میں گمان کرتا ہوں کہ کہ پرندہ بیوقوف ہے۔ | أَزْعَمُ أَنَّ الطَّائِرَ سَفِيْهٌ. |
| 2 | پرندہ نے بندروں کو بیوقوف گمان کیا ۔ | زَعَمَ الطَّائِرُ أَنَّ الْقِرَدَةَ سُفِيْهَةٌ . |
| 3 | کیا تم نے سرد رات میں آگ تلاش کی۔ | هَلْ اِلْتَمسْتَ فِي لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ نَارًا ؟ |
| 4 | کیا تم نے جگنو دیکھا ہے ؟ | هَلْ قَدْ رَأَيْتَ يَرَاعَةً ؟ |
| 5 | جی ہاں ! میں نے جگنو دیکھا ہے۔ | نعَمْ ! قَدْ رَأَيْتُ يَرَاعَةً . |
| 6 | جگنو رات کو چمکتا ہے. | تَلْمَعُ الْيَرَاعَةُ فِي اللَّيْلِ . |
| 7 | بے وقوف کو نصیحت کرنا بے وقوفی ہے۔ | اَلنُّصْحُ لِلسَّفِيْهِ سَفَاهَةٌ . |

# تعارف مترجم ایک نظر میں

## (بقلم خود)

**نام ونسب:** محمد گل ریز بن امیر دولھا بن وزیر خاں بن عجب خاں۔ **وطن:** مدنا پور، پوسٹ شیش گڑھ، بہیڑی، بریلی شریف یوپی۔ **تاریخ پیدائش:** ۱۰/ نومبر ۱۹۹۰ بروز ہفتہ

**جن مدارس میں تعلیم حاصل کی:**

(۱)-دار العلوم غریب نواز مدنا پور (پرائمری درجات)

(۲)-مدرسہ اشرف العلوم شیش گڑھ، رام پور (درجۂ حفظ)

(۳)-مدرسہ عالیہ نعمانیہ غریب نواز شیش گڑھ، رام پور (درجۂ اعدادیہ)

(۴)-مدرسہ الجامعۃ القادریہ رچھا بریلی شریف (درجۂ اولیٰ، ثانیہ)

(۵)-دار العلوم علیمیہ جمدا شاہی ضلع بستی یوپی (درجۂ ثالثہ، رابعہ)

(۶)- دار العلوم اہل سنت الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ (خامسہ، سادسہ، سابعہ، فضیلت، تحقیق فی الادب ومشق افتاء)

(۷)-جامعہ سعدیہ کاسر کوڈ کیرالا (ڈپلومہ عربی ایک سال)

**فراغت:** دار العلوم اہل سنت الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ یکم جمادی الاخری ۱۴۳۶ھ، مطابق ۲۲/ مارچ ۲۰۱۵ء بروز اتوار

**اسناد:**

(۱) مولوی (۲) عالم (۳) کامل (مدرسہ تعلیمی بورڈ اتر پردیش)

**قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دہلی:**

(۱)-ایک سالہ کمپیوٹر کورس

(۲)-عربی ڈپلومہ کورس دو سالہ

(۳)-اردو ڈپلومہ کورس ایک سالہ

(۴)-انٹر، ہندی)

**تدریسی خدمات:** جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور تا حال

**شرف بیعت:** پیر طریقت رہبر شریعت قاضی القضاۃ فی الھند حضور اختر رضا خاں صاحب قبلہ الملقب بہ تاج الشریعہ بریلی شریف۔

**قلمی خدمات**

**(۱)**-مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ اول (مطبوع) **(۲)**-مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ دوم (مطبوع) **(۳)**-مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ سوم (مطبوع) **(۴)**۔مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ چہارم (غیر مطبوع) **(۵)**۔مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ پنجم (غیر مبطوع) **(۶)**-مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ اول (مطبوع ) **(۷)**-مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ دوم (مطبوع)(۸)۔مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ سوم۔**(۹)**-مصباح الطالبین ترجمہ منہاج العابدین (مطبوع) **(۱۰)**-علم صرف کے آسان قواعد (مطبوع) **(۱۱)**-اہم تراکیب اور ان کا حل (غیر مطبوع)**(۱۲)**-نحوی سوال وجواب (غیر مطبوع) **(۱۳)**-مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء اول (مطبوع) (۱۴)۔مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء دوم (مطبوع)**(۱۵)**-روز مرہ کے شرعی مسائل (غیر مطبوع) **(۱۶)**-معارف الادب شرح مجانی الادب (مطبوع)**(۱۷)** ۔روضۃ الادب شرح فیض الادب اول (مطبوع)**(۱۸)**۔حیات خضر علیہ السلام (غیر مطبوع)(۱۹)۔مختصر عربی حکایات اور چٹکلے ۔(۲۰)۔ترجمہ کیسے کریں ۔(۲۱)مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو اول، دوم اور ان کے علاوہ کچھ کتابوں پر کام جاری ہے۔

محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف یوپی
Mob:8057889427,9458201735